کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 23 محرم الحرام 1447ھ 19 جولائی 2025ء | صفحات 08 | شمارہ 14

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

مستونگ میں ایف سی کے قافلے پر فتنہ الہندوستان کا حملہ ڈی ایس پی محافظ سمیت شہید 2 اہلکار زخمی

دہشتگردوں پر زمین تنگ کریں گے، وزیر اعلیٰ

قلات سے کوئٹہ آنے والے پولیس قافلے کو چوتو کے مقام پر نشانہ بنایا گیا، قافلے میں دو ٹرک اور دو گاڑیاں شامل تھیں، قائم مقام ڈی ایس پی عبدالرزاق اور کانسٹیبل رضا محمد جام شہادت نوش کر گئے

بزدلانہ حملہ دشمن کی اس مایوسی کا غماز ہے جو بلوچستان میں قیام امن کی جدوجہد کو روکنے میں ناکامی کے باعث انہیں لاحق ہے بہادر اہلکار فرض کی راہ میں جان دے کر قوم کا سر فخر سے بلند کر گئے ہیں

واقعے کے فوراً بعد سیکیورٹی ادارے متحرک ہو چکے ہیں، حملہ آوروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، سیکیورٹی ادارے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوت سے مصروف عمل ہیں، میر سرفراز بگٹی

فائرنگ سے کانسٹیبل تاج محمد اور کانسٹیبل خورشید احمد زخمی ہو گئے، شہدا کی میتوں اور زخمی اہلکاروں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے کوئٹہ منتقل کیا گیا، علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے، ترجمان حکومت، شاہد رند

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے ضلع مستونگ میں قومی شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے بلوچستان کانسٹیبلری کے کانوائے پر فائرنگ کردی جسکے نتیجے میں قائمقام ڈی ایس پی سمیت 2 اہلکار موقع پر شہید ہو گئے اور 2 اہلکار زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی مستونگ نواز لہڑی نے بتایا کہ فائرنگ مستونگ کے علاقے چوتو کے مقام پر بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑیوں پر کی گئی فائرنگ سے ڈی ایس پی بلوچستان کانسٹیبلری عبدالرزاق اور کانسٹیبل رضا محمد شہید ہو گئے۔ حملے میں 2 اہلکار کانسٹیبل تاج محمد اور کانسٹیبل خورشید احمد زخمی .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات سے کوئٹہ کے لیے آنے والے پولیس قافلے پر چوتو کے مقام پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ بزدلانہ حملہ دشمن کی اس مایوسی کا غماز ہے جو بلوچستان میں قیام امن کی جدوجہد کو روکنے میں ناکامی کے باعث انہیں لاحق ہے وزیر اعلیٰ نے قائم مقام ڈی ایس پی انسپکٹر عبدالرزاق اور کانسٹیبل رضا محمد کی شہادت کو ناقابل تلافی قومی نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ بہادر اہلکار فرض کی راہ میں جان دے کر قوم کے سر فخر سے بلند کر گئے ہیں انہوں نے........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں بارشوں کا نیا سلسلہ آج شروع ہونے کا امکان ہے

کوئٹہ، خضدار، ژوب، قلعہ سیف اللہ، زیارت، قلات، موسیٰ خیل میں شدید بارشیں متوقع

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں بارشوں کا نیا سلسلہ آج شروع ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج ہفتہ اور 22 سے 25 جولائی کے دوران صوبے کے شمال مشرقی، جنوبی علاقوں........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پشاور: پی ٹی آئی کے سابق سٹی صدر رحمان جلال ناراض ساتھیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شپنگ سیکٹر میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کیلئے پلان مرتب کیا جائے، وزیر اعظم

پاکستان، افغانستان، ازبکستان ریلوے لائن سے خطے میں تجارت کے نئے دور کا آغاز ہونے جا رہا ہے، شہباز شریف

وزیر اعظم کی الیکٹرک وہیکل کی عام آدمی تک رسائی کیلئے حکومتی سطح پر اقدامات کا جامع لائحہ عمل تشکیل دینے کی ہدایت

الیکٹرک وہیکلز کی حوصلہ افزائی سے ایندھن کی مد میں اربوں ڈالر کے قیمتی زرمبادلہ کی بچت ہوگی، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے نیشنل شپنگ کارپوریشن کو کارپوریٹ خطوط پر استوار کرنے کیلئے اقدامات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرانزٹ ٹریڈ کیلئے ریلوے اور شپنگ شعبے کی بہتری کلیدی اہمیت رکھتی ہے۔ وزیر اعظم........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام 5 خودکش حملہ آور گرفتار

17 جولائی کی شام 5 بجے خوارج نے پاک افغان سرحد سے پاکستانی حدود میں داخل ہونے کی کوشش کی

فورسز نے پانچ مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی اور خوارج کو بیبی خیل کی مسجد میں پناہ لیتے ہوئے گھیر لیا

تفتیش کیلئے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا فتنہ الخوارج کو بھارت کی مکمل حمایت حاصل ہے، سیکیورٹی ذرائع

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سیکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد پر خوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے پانچ مبینہ خودکش حملہ آور گرفتار کر لئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق 17 جولائی کی شام 5 بجے خوارج نے پاک افغان سرحد سے پاکستانی حدود میں داخل........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ نے کشمیری مزاحمتی تنظیم کو لشکر طیبہ کی پراکسی قرار دیا، پاکستان نے کالعدم تنظیموں کیخلاف سخت ایکشن لیا، قیادت کو گرفتار کر کے مقدمات چلائے، تنظیمی ڈھانچوں کو ختم کیا، ترجمان

پاکستان کا لشکر طیبہ اور جہادی تنظیموں سے کوئی تعلق نہیں، دفتر خارجہ

امریکہ مجید بریگیڈ کو دہشتگرد تنظیم قرار دے

ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں، زیرو ٹالرنس اور دہشت گردی کیخلاف بین الاقوامی تعاون ہماری پالیسی کی بنیاد ہے، پاکستان دہشت گردی کیخلاف فرنٹ لائن ریاست

پاکستان نے ایبی گیٹ بم دھماکے کے ماسٹر مائنڈ دہشت گرد شریف اللہ کی گرفتاری سمیت انسداد دہشت گردی کی کوششوں کے ذریعے عالمی امن کے حصول میں بھرپور کردار ادا کیا

زیر غور مسئلہ امریکا کے اپنے قوانین سے متعلق ہے، بھارت کشمیر سمیت دیگر علاقوں میں انسانی حقوق کیخلاف جاری مظالم، غیر ذمہ دارانہ اور بدمعاش رویے سے بین الاقوامی توجہ ہٹانا چاہتا ہے

عالمی برادری اجتماعی کوششوں کے ذریعے غیر امتیازی پالیسیاں اپنائے، جس کے لیے ضروری ہے کہ مجید بریگیڈ جیسی دہشت گرد تنظیموں کو بھی کالعدم بی ایل اے کے اتحادی کے طور پر دیکھا جائے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے لشکر طیبہ سے تعلق زمینی حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں، زیرو ٹالرنس اور دہشت گردی کیخلاف بین الاقوامی تعاون ہماری پالیسی کی بنیاد ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: آئی جی بلوچستان پولیس معظم جاہ انصاری شہید ڈی ایس پی عبدالرزاق کے جسد خاکی کو کندھا دے رہے ہیں

فیلڈ مارشل سے لیبیا کی مسلح افواج کے سربراہ کی ملاقات، دفاعی صنعت میں تعاون پر اتفاق

ملاقات میں جدید سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے دفاعی صنعت میں تعاون اور تکنیکی مہارت کے تبادلے پر اتفاق کیا گیا

جی ایچ کیو آمد پر لیبیا کی مسلح افواج کے سربراہ نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور پاکستان آرمی کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے لیبیا کی مسلح افواج کے کمانڈر ان چیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر نے ملاقات کی جس میں دفاعی صنعت میں تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر)........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر خزانہ امریکا میں تجارتی معاہدے کیلئے سرگرم

محمد اورنگزیب چاہتے ہیں اگست کی ڈیڈ لائن سے قبل واشنگٹن مطالبات پر بات چیت کی جائے، امریکی اخبار

واشنگٹن (م ڈ) پاکستان کے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب امریکا میں تجارتی معاہدے کے لیے سرگرم ہو گئے۔ اس بات کا دعویٰ کرتے ہوئے امریکی جریدے کا کہنا........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ پولیس لائن کوئٹہ میں ادا

آئی جی معظم جاہ انصاری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات و دیگر کی شرکت

شہداء کو سلامی دینے کے بعد میتوں کو انکے آبائی علاقوں کو روانہ کردیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ میں دہشت گردوں کی فائرنگ شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ پولیس لائن کوئٹہ میں ادا کردی گئی نماز جنازہ میں آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ اعتزاز حسین گورایا، ڈی آئی جی پولیس علی شیر جکھرانی، کمانڈنٹ بی سی........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

سینٹ: خاتون کو برہنہ کرنے، ہائی جیکر کو پناہ دینے پر سزائے موت ختم کرنیکا بل منظور

خاتون پر مجرمانہ حملہ کرنے یا اسے سرعام برہنہ کرنے پر ملزم کو بلا وارنٹ گرفتار کیا جا سکے گا، ابتدائی طور پر وارنٹ جاری کیا جائے گا

جرم ناقابل ضمانت اور ناقابل مصالحت ہوگا خاتون پر مجرمانہ حملہ کرنے یا اسے سرعام برہنہ کرنے پر عمر قید، جائیداد کی ضبطگی اور جرمانہ ہوگا

ہائی جیک کرنے والے کو پناہ دینے کا جرم ناقابل ضمانت اور ناقابل مصالحت ہوگا، پناہ دینے والے کو عمر قید اور جرمانہ ہوگا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سینیٹ آف پاکستان نے عورت کو برہنہ کرنے اور ہائی جیکر کو پناہ دینے پر سزائے موت ختم کرنے کیلئے فوجداری قوانین میں ترمیم کا بل منظور........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عدم ادائیگیوں کے سبب موزمبیق میں پاکستانی بحری جہاز ضبط، عملہ گرفتار

جہاز کے کپتان کی غیر معمولی مے ڈے کال، عملے کی جان کو خطرہ ہے جہاز کا اے سی بھی بند، جلد ایمرجنسی لائٹس بند ہو جائیں گی

بیرا پورٹ پر موجود جہاز گیس فلکین میں کھانا، پانی بھی ختم ہو گیا، جہاز کے سبزی، گوشت اور دیگر سامان کے ریفریجریٹر خالی ہو گئے

پاکستانی ڈی جی پورٹس سے رابطہ کیا ہے، جواب نہیں آیا، اگر جہاز کی ایل پی جی جلد فروخت کریں تو رہائی ممکن ہے، انجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستانی بحری جہاز کے عملے کو عدم ادائیگیوں کے سبب موزمبیق میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ جہاز کو ضبط کر لیا گیا۔ افریقی ملک موزمبیق کے بیرا پورٹ پر موجود جہاز گیس فلکین میں کھانا، پانی بھی ختم ہو گیا، جہاز کے سبزی، گوشت اور دیگر سامان کے ریفریجریٹر خالی ہو گئے۔ موزمبیق........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

چیمبرز اور تاجر تنظیمیں آج کی ہڑتال کے معاملے پر تقسیم ہو گئیں

تاجر تنظیموں کا ہڑتال مؤخر کرنے جبکہ کراچی چیمبر نے ہڑتال کرنے کا اعلان کر دیا

کراچی (بیورو رپورٹ) چیمبرز اور تاجر تنظیمیں آج کی ہڑتال کے معاملے پر تقسیم ہو گئیں۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (ایف پی سی سی)........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

اعلیٰ عدلیہ ججوں کیخلاف تنقیدی احکام جاری کرنے میں احتیاط برتے، سپریم کورٹ

ایسے ریمارکس انصاف فراہم کرنے والے ججز کی ساکھ پر دور پا اور منفی اثرات مرتب کرتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے اعلیٰ عدلیہ کے ججز کو خبردار کیا ہے کہ وہ اپنے ساتھی ججز کے خلاف تنقیدی نوعیت کے احکامات جاری کرنے میں احتیاط سے........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے سے، مہنگائی میں مزید اضافہ

ہفتہ وار بنیاد پر مہنگائی کی شرح 0.38 فیصد بڑھنے کے بعد مجموعی سالانہ شرح منتقلی 1.61 فیصد پر آ گئی

ایک ہفتے میں 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، 9 اشیا سستی ہو گئیں، ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سامنے آنے لگے، نئے مالی سال کے تیسرے ہفتے میں بھی مہنگائی میں اضافہ ہو گیا........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزارت داخلہ کے تمام ذیلی اداروں کے مابین کوآرڈینیشن بڑھانے کا فیصلہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزارت داخلہ کے تمام ذیلی اداروں کے مابین کوآرڈینیشن بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی نے سروس ڈیلیوری کی بہتری اور اچھے نتائج کے حصول کیلئے جامع پلان طلب کر لیا اور ذیلی اداروں کو 3 دن میں قواعد و ضوابط میں تبدیلی اور دیگر سفارشات........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ 14 سال بعد سرپلس ہو گیا، وزیر اعظم کا اظہار تشکر

گزشتہ مالی سال کے دوران پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ 2 ارب 10 کروڑ سرپلس رہا، اسٹیٹ بینک

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ 2 ارب 10 کروڑ سرپلس اس سے قبل آخری بار مالی........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

کیلیفورنیا میں پولیس ٹریننگ سینٹر میں دھماکا، 3 اہلکار ہلاک

لاس اینجلس کاؤنٹی فائر ڈیپارٹمنٹ نے جائے وقوعہ پر ریسکیو آپریشن شروع کر دیا

واشنگٹن (م ڈ) امریکی ریاست کیلیفورنیا کے شہر مونٹیری پارک میں لاس اینجلس کاؤنٹی شیرف ڈیپارٹمنٹ (ایل اے ایس ڈی) کے ٹریننگ سینٹر میں دھماکے سے........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی قلات بس حملے میں زخمی ہونے والے شخص کی عیادت کر رہے ہیں

اسحاق ڈار 21 جولائی سے امریکہ کے چار روزہ دورے پر روانہ ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار 21 سے 24 جولائی تک امریکہ کے سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے، جہاں وہ اقوام متحدہ میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے اور بطور صدر سلامتی کونسل........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ سوات، لاپتہ بچے کی لاش 21 دن بعد برآمد

سوات (بیورو رپورٹ) سانحہ سوات کے 21 روز بعد سیالکوٹ سے تعلق رکھنے والے لاپتہ بچے عبداللہ کی لاش مل گئی، حادثے کے کل 16 متاثرین میں 3 کو زندہ ریسکیو کیا گیا تھا تاہم 13 جاں بحق ہو گئے تھے۔ ترجمان........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی 5 اگست کے احتجاج کی تیاری کرے پھر ہم بھی کرینگے، محسن نقوی

پاکستان میں کسی بھی غیر ملکی کو رہنے نہیں دیا جائے گا، غیر قانونی طور پر مقیم افغانوں کو توسیع نہیں دی جائے گی

افغانستان برادر اسلامی ملک ہے، اس کے ساتھ کئی معاملات پر بات چیت چل رہی ہے، وفاقی وزیر داخلہ

غیر قانونی طور پر مقیم افغانوں کو اب واپس چلے جانا چاہیے، دو ہفتوں میں 3 لاکھ افغانیوں کو ملک بدر کیا، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 5 اگست کو احتجاج کے اعلان کے حوالے سے کہا........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس سردار احمد حلیمی عدالت عالیہ اور کوئٹہ کی ضلعی عدالتوں کی سیکورٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومتی دعوؤں کے باوجود چینی کی قیمت 200 روپے فی کلو برقرار

ملک بھر میں چینی کی اوسط قیمت 188 روپے 4 پیسے فی کلو پر آ گئی ہے، وفاقی ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومتی دعوؤں، درآمدات کی اجازت اور قیمتوں کے تعین کے باوجود چینی کی قیمت 200 روپے فی کلو تک برقرار ہے........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردوں کے پیچھے چھپے دشمن کے خفیہ ہاتھ کاٹنے ہونگے، خورشید شاہ

رہنما پی پی کی مستونگ میں بلوچستان کانسٹیبلری کے قافلے پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سید خورشید احمد شاہ نے مستونگ میں بلوچستان کانسٹیبلری کے قافلے پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

افہام و تفہیم سے انتخابی عمل پر انگلیاں نہیں اٹھتیں، عرفان صدیقی

پی ٹی آئی کو یقین ہو جانا چاہیے کہ ان کے پاس احتجاج کی طاقت ہے نہ عوام ان کے لیے نکلیں گے

پی ٹی آئی صرف معاشی ابتری، انتشار اور احتجاج کرنا چاہتی ہے، مسلم لیگ ن کے رہنما کی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ افہام و تفہیم سے سینیٹ کے انتخابی عمل پر انگلیاں نہیں اٹھتیں، پیسے کا لین دین نہیں ہوتا، اس عمل سے ایوان بالا کا تقدس بھی برقرار رہتا ہے۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے پارلیمنٹ ہاؤس........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بین الاقوامی اداروں کیساتھ شراکت داری کو فروغ دینے کے خواہشمند ہیں، گورنر

ہمارا مقصد بلوچستان کی قلیل مگر منتشر آبادی کو براہ راست صحت، تعلیم و صاف پانی کی سہولیات دہلیز پر پہنچانا ہے، شیخ جعفر خان مندوخیل

حکومتی اقدامات و انٹرنیشنل اداروں کے تعاون سے بلوچستان کے لوگوں کی زندگیوں میں تعمیری تبدیلیاں لا سکتے ہیں، Weilbing Xu سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ انسانیت ہی وہ مشترکات ہے جو دنیا بھر کے انسانوں کو متحد کرتی ہے، اس لئے انسانی ہمدردی سرحدوں اور دیگر رکاوٹوں کو عبور کرتی ہے ہم انسانیت کی خدمت کے حوالے سے آفاقی اصولوں پر یقین رکھتے ہیں۔ ہمارا مقصد بلوچستان کی قلیل مگر منتشر........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

فلم شوٹنگ میں پاکستانی پرچم لہرانے پر رنویر سنگھ کو تنقید کا سامنا

فلم کی شوٹنگ بھارتی پنجاب میں جاری ہے، عوام نے بائیکاٹ کا مطالبہ کر دیا

نئی دہلی (م ڈ) معروف بولی وڈ اداکار رنویر سنگھ کو اپنی آنے والی پاکستان مخالف بولی وڈ فلم 'دھرندر' کی شوٹنگ کے دوران........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات، آئی جی معظم جاہ انصاری و دیگر شہید اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کے ناراض امیدوار اور گنڈاپور میں مذاکرات ناکام

کارکنوں کی وزیر اعلیٰ ہاؤس کے گھیراؤ کی دھمکی

بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ ناراض سینیٹ امیدواروں کی وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور سے ملاقات کرانے گئے تھے

حکومت اور اپوزیشن کے معاہدے کے خلاف پی ٹی آئی کے ناراض امیدواروں نے دستبردار ہونے سے انکار کر دیا

اگر ہمارے مطالبات نہ مانے گئے تو اگلا قدم سی ایم ہاؤس کے سامنے مظاہرہ ہوگا، سابق سٹی صدر رحمان جلال کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ انتخابات پر پی ٹی آئی امیدواروں کے درمیان اختلافات کے معاملے پر ناراض تحریک انصاف کے رہنماؤں اور وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کے درمیان مذاکرات ناکام ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ناراض امیدواروں میں عرفان سلیم، عائشہ بانو، ارشاد حسین اور وقاص........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

اداکارہ حمیرا اصغر کی موت کی تحقیقات میں مزید پیش رفت

کیمیکل ایگزامن رپورٹس آ گئیں، زہر دینے کے شواہد نہیں ملے

کراچی (بیورو رپورٹ) اداکارہ حمیرا اصغر کی موت کی تحقیقات میں مزید پیش رفت ہوئی ہے، لاش سے لیے گئے نمونوں........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردی کے بزدلانہ حملے قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، آصف زرداری

صدر مملکت کی مستونگ بلوچستان میں پولیس وین پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جدوجہد جاری رکھے گا، زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا

اسلام آباد (شاکر رحمان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مستونگ بلوچستان میں پولیس وین پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

76 ممالک میں 21 ہزار 406 پاکستانی شہریوں کے قید ہونے کا انکشاف

سعودی عرب میں سب سے زیادہ 10 ہزار 423 متحدہ عرب امارات میں 5 ہزار 297 پاکستانی قید ہیں

ترکی میں ایک ہزار 437 بھارت میں 738 قید ہیں 14 پاکستانی سفارتخانوں سے تاحال ریکارڈ حاصل نہیں ہو سکا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت سمندر پار پاکستانی نے انکشاف کیا ہے کہ 76 ممالک میں 21 ہزار 406 پاکستانی شہری قید ہیں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سمندر پار........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ہمسایہ ممالک ترقی کر رہے ہیں پاکستان معاشی بحران میں ڈوبا ہے، مولانا فضل الرحمٰن

عام آدمی کی زندگی میں تبدیلی لائے بغیر بہتری ممکن نہیں، پاکستان کو اسلامی جمہوری ریاست بنانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے

یہ وطن اسلام کے نام پر حاصل کیا، اس کی نظریاتی بنیادوں پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، فرخ کھوکھر کی جے یو آئی میں شمولیت خوش آئند ہے

ان کی شمولیت سے جماعت کا قافلہ مزید مضبوط ہوگا، سربراہ جے یو آئی کا شمولیت کے موقع پر خطاب، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہمسایہ ممالک ترقی کر رہے ہیں، پاکستان معاشی بحران میں ڈوبا ہوا ہے، عام آدمی کی زندگی میں تبدیلی لائے........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

مروت کے علیمہ خان سمیت دیگر پارٹی رہنماؤں پر الزامات

علیمہ نے پشتونوں کے بچوں کو تحریک چلانے کا کہا اپنے بچے برطانیہ بھجوا دیئے

لندن (م ڈ) تحریک انصاف کے سابق رہنما شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ علیمہ خان نے پوری پی ٹی آئی قیادت کی بے عزتی کرائی لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ علیمہ خان ورکرز اور لیڈرز کو تنگ کر کے پریشر میں لائی........ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، اسرائیلی فوج کے وحشیانہ حملوں میں مزید 35 فلسطینی شہید

الاقصیٰ ہسپتال شدید غذائی قلت کا شکار بچوں اور مریضوں سے بھر گیا

غزہ (م ڈ) غزہ میں اسرائیلی فوج کے وحشیانہ حملوں کا سلسلہ بدستور........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

میڈیکل کالجوں کی سالانہ فیس 18 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے، وزیر صحت

میڈیکل کالجز زائد رقم واپس کریں گے یا پھر آئندہ سال میں ایڈجسٹ کریں گے

ای او بی آئی کی پنشن میں 15 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے، وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (شاکر رحمان ئی) سینیٹ کو بتایا گیا ہے کہ میڈیکل کالجوں کی سالانہ فیس 18 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے، اس سے زیادہ فیس لینے والے میڈیکل کالجز........ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

گاڑیوں پر نئی انرجی وہیکل لیوی نافذ، ایف بی آر نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (م ڈ) گاڑیوں پر نئی انرجی وہیکل لیوی نافذ، ایف بی آر نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل گاڑیوں کی حوصلہ شکنی اور الیکٹرک گاڑیوں کو فروغ دینے کیلئے نئی "انرجی وہیکل لیوی" نافذ کر دی، ایف بی آر نے مختلف سی سی گاڑیوں پر لیوی کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا پیٹرول اور........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

قلات دہشتگردی میں شہید قوال احمد صابری و دیگر کی کراچی میں تدفین

دہشتگردی میں "را" کے ملوث ہونے کے شواہد موجود ہیں، گورنر سندھ کامران ٹیسوری

کراچی (بیورو رپورٹ) قلات دہشتگردی میں شہید قوال احمد صابری اور دیگر کی کراچی میں نماز جنازہ ادا، گورنر سندھ کامران ٹیسوری، وزیر بلدیات سعید غنی، میئر کراچی، ایم کیو ایم رہنما فاروق ستار، انیس قائم خانی، امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں فائرنگ کے واقعات میں 5 ہلاک 4 زخمی

پنجگور کہن زنگی میں گاڑی پر فائرنگ سے امداد ولد مسلم امداد ولد ابراہیم جبکہ قلات میں سجاد احمد جنگ و مظہر خان جاں بحق ہو گئے

ڈیرہ اللہ یار میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 1 شخص ہلاک 1 زخمی، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب، مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے

ڈی ایم جمالی مین قومی شاہراہ پر دہشتگردوں کا پولیس گاڑی پر ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ، اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے

پنجگور + قلات + ڈی ایم جمالی (این این آئی + آن لائن) پنجگور کہن زنگی کے علاقے میں نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق 3 زخمی، پولیس کے مطابق کہن زنگی عیسیٰ کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ایک سرف گاڑی پر خودکار........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ: فلسطینی پناہ گزین کیمپ میں خوراک مرکز سے کھانا حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سے مینیجنگ ڈائریکٹر گرین ٹورزم حسن انگریز حیات صوبے میں سیاحتی شعبے کے فروغ کے سلسلے میں ملاقات کر رہے ہیں

ہر بچے تک معیاری، یکساں اور جامع تعلیم کی سہولت پہنچانا اولین ترجیح ہے، سیکرٹری سکولز

بچوں کو اسکولوں میں لانا انہیں پائیدار تعلیمی نظام کا حصہ بنانا بنیادی ہدف ہے، اسفند یار خان

ابلاغی ٹیکنالوجی (ICT) کو فروغ دے کر تدریسی نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا، اجلاس میں گفتگو

کوئٹہ (خ ن) اسفند یار خان نے بطور سیکریٹری اسکولز ایجوکیشن چارج سنبھال کر باقاعدہ فرائض کی انجام دہی شروع کر دی جبکہ محکمہ کے افسران کی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کی ترجیحات میں تعلیم اور خصوصاً اسکول ایجوکیشن کو اولین فوقیت حاصل ہے جبکہ افسران سے بات چیت کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ صوبے کے ہر بچے تک معیاری، یکساں اور جامع تعلیم کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے وژن کے مطابق نہ صرف بچوں کو اسکولوں میں لانا ہے، بلکہ انہیں پائیدار تعلیمی نظام کا حصہ بنانا بھی بنیادی ہدف ہے۔ اسکول سے باہر بچوں کی واپسی اور ان کی مستقل شمولیت کے لیے جدید اور مؤثر حکمت عملی اپنائی جائے گی، جو زمینی حقائق سے ہم آہنگ ہوگی۔ سیکریٹری اسکول ایجوکیشن اسفند یار خان نے واضح کیا کہ معلومات و ابلاغی ٹیکنالوجی (ICT) کو فروغ دے کر تدریسی نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا۔ خاص طور پر سائنس اور ریاضی جیسے اہم مضامین میں بہتری کے لیے اساتذہ کی باقاعدہ تربیت کا آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ دفاتر میں آنے والے سائلین سے خندہ پیشانی اور خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور ان کے مسائل کو ترجیحی اور بروقت بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم تمام اسٹیک ہولڈرز کے تعاون سے بلوچستان کے بچوں کے لیے ایک منظم، شفاف اور جوابدہ تعلیمی نظام کی بنیاد رکھیں گے، جو نہ صرف موجودہ نسل بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی روشنی کا مینار ثابت ہوگا۔ جبکہ اساتذہ اور فیلڈ اسٹاف کو خصوصی پیغام دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ امور میں وقت کی پابندی اور نتائج پر مبنی امور کو خصوصی اہمیت دیں۔

گوادر یونیورسٹی میں نئے تعلیمی سمسٹر کی تیاری کیا اجلاس کا انعقاد کیا گیا

کوئٹہ (اے پی پی) گوادر یونیورسٹی میں نئے تعلیمی سمسٹر کی تیاری کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کی۔ اجلاس کا مقصد فال 2025 کے داخلہ مہم کی پیش رفت اور نئے تعلیمی سمسٹر کی تیاریوں کا جائزہ لینا تھا۔ وائس چانسلر نے کہا کہ گوادر یونیورسٹی خطے میں اعلیٰ تعلیم اور بالخصوص بلیو اکانومی سے متعلق تعلیم اور تحقیق کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ شعبہ جات کو ہدایت دی کہ نئے سمسٹر کے آغاز سے قبل تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جائے۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد، رجسٹرار دولت خان، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم مہر، ڈائریکٹر فنانس رحمت اللہ، ڈائریکٹر اور یک محمد ارشاد، اور انچارج ایڈمیشنز نصیر احمد شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران داخلہ مہم کو مؤثر اور فعال بنانے، اور اسے طلبہ کے لیے سہل اور شفاف بنانے پر زور دیا گیا تاکہ زیادہ سے زیادہ طلبہ یونیورسٹی کے تعلیمی پروگراموں سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ اجلاس میں ایک اہم تعلیمی پیش رفت کا اعلان بھی کیا گیا، جس کے مطابق اگلے تعلیمی سال سے 2.5 سالہ برج ڈگری پروگرام کا آغاز کیا جائے گا

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود ولی محمد نورزئی، سینیٹر سردار محمد عمر خان گورگیج کو پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر بننے پر مبارکباد دے رہے ہیں

تنظیم کو منظم، فعال اور طاقتور بنانے کی اشد ضرورت ہے، ڈاکٹر بہار شاہ

تنظیمی معاملات، موجودہ چیلنجز، اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کا اہم اجلاس جمعرات کو وائی ڈی اے ہاسٹل، بولان میڈیکل کالج کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت وائس چیئرمین سپریم کونسل ڈاکٹر بہار شاہ نے کی۔ اجلاس میں تنظیم کے متعدد فعال اور ذمہ دار ارکان نے شرکت کی، جہاں تنظیمی معاملات، موجودہ چیلنجز، اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس کا مقصد ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کو درپیش چیلنجز کے تناظر میں ایک واضح، مربوط اور مؤثر حکمت عملی طے کرنا تھا۔ شرکا نے تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنانے، ارکان کے درمیان باہمی رابطے کو مضبوط کرنے، اور صحت کے شعبے سے متعلق حکومتی پالیسیوں کے خلاف متحد مؤقف اپنانے پر زور دیا۔ وائس چیئرمین سپریم کونسل ڈاکٹر بہار شاہ نے اپنے خطاب میں کہا: "ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کو موجودہ حالات میں مزید منظم، فعال اور طاقتور تنظیم بنانے کی اشد ضرورت ہے۔ تمام ارکان کو اتحاد، سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے اپنے کردار کو مؤثر طریقے سے ادا کرنا ہوگا۔ صرف ایک متحد اور پرعزم تنظیم ہی ڈاکٹر برادری کے مسائل کو اجاگر کر سکتی ہے اور صحت کے نظام میں مثبت تبدیلی لا سکتی ہے۔" اجلاس میں حکومت کی موجودہ صحت پالیسیوں پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا۔

بی آر سی 488 کے آفیسروں و اہلکاروں کے تبادلے قابل مذمت ہیں، پشتونخوانیپ

جنوبی پشتونخوا کے اضلاع میں تعینات آفیسروں اور اہلکاروں کے تبادلے منصوبہ بند سازش ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں لورالائی سے بلوچستان کانسٹیبلری کے 488 آفیسروں و اہلکاروں کی تبادلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے پشتون دشمنی پر مبنی اقدام قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ جنوبی پشتونخوا کے اضلاع میں تعینات بلوچستان کانسٹیبلری کے آفیسروں اور اہلکاروں کے تبادلے شعوری اور منصوبہ بند سازش ہے اور اس پشتون دشمن اقدام کے باعث جنوبی پشتونخوا کے اضلاع میں امن وامان کو مزید خراب ہونے کا اندیشہ ہے کیونکہ بلوچستان کانسٹیبلری ہر ضلع میں ضرورت کے مطابق پولیس اور لیویز کے ساتھ ملکر اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے ہیں جبکہ جنوبی پشتونخوا کے مختلف علاقوں میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہے اور اب بھی مختلف اضلاع اور اُن کے علاقوں میں چوری، ڈکیتی، ٹارگٹ کلنگ، اغواء برائے تاوان اور نام نہاد جعلی دہشتگردی کے واقعات ہو رہے ہیں اور پہلے دوسرے اضلاع سے اور اب لورالائی سے 488 آفیسروں و اہلکاروں کے تبادلے کسی صورت قابل قبول نہیں۔ بیان میں سیاسی جمہوری قوتوں اور ہر مکتبہ فکر کے تنظیموں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ لورالائی سمیت جنوبی پشتونخوا کے مختلف اضلاع سے بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکاروں کے تبادلے کے خلاف فوری آواز بلند کریں۔

کوئٹہ چائنہ کے قونصل جنرل سے معروف قبائلی شخصیت سردار اقبال خلجی چائنیز قونصلیٹ میں باہمی امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

اسلام کے مطابق زندگی گزارنے سے مراد دنیا چھوڑ دینا نہیں ہے، عبدالقدیر اعوان

ملکی اور قومی سطح پر دین اسلام کے سنہری اصولوں کو عملی طور پر نافذ کرنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (پ ر) موجودہ دور میں ہم ایمان کی اس سطح پر آگئے ہیں کہ دین اسلام کے اصولوں اور قوانین کو اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق نافذ کرنا چاہتے ہیں۔ طلاق کی شرح بہت زیادہ ہو چکی ہے لیکن جب اس سے متعلق پوچھا جائے تو کہتے ہیں کہ طلاق نہیں دینا چاہتا تھا غصے میں دے دی۔ یہ سب تاویلیں ہیں جو ہم نے بنا رکھی ہیں۔ حالانکہ یہ بہت بڑا جرم ہے کہ ہم اس چیز کو حلال جانیں جو اسلام نے حرام کر دی ہوئی ہے اور اسے حرام کر لیں جو دین اسلام نے حلال کی ہے۔ ایمان کی دولت میں وہ قوت ہوتی ہے کہ یہ مخلوق خدا کو انصاف پہنچانے کا سبب بن جاتی ہے۔ آپ ﷺ نے ایک ایک فرد کی تربیت فرمائی اور ایسا سینچا کہ انہوں نے ایک دوسرے کے لیے جان دے دی۔

صحت کی سہولیات کی بہتری کے لیے رابطے بہتر بنائے جائیں، ایڈیشنل سیکرٹری صحت

کوآرڈینیٹر ایمرجنسی آپریشنز سینٹر انعام الحق، ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل، سمیت دیگر کی شرکت

کوئٹہ (اے پی پی) ایڈیشنل سیکرٹری صحت ثاقب کاکڑ کی زیر صدارت مربوط خدمات کی فراہمی سے متعلق ٹاسک ٹیم کا اجلاس ایمرجنسی آپریشنز سینٹر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی کوآرڈینیٹر ایمرجنسی آپریشنز سینٹر انعام الحق، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر امین مندوخیل، ڈپٹی پروونشل کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ظفر اقبال خوستی، نیشنل پروگرام، یونیسف، عالمی ادارہ صحت، محکمہ صحت و دیگر کے حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس میں مربوط خدمات کی فراہمی کے سلسلے میں رابطے کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا گیا تاکہ ٹاسک ٹیم سروسز کی فراہمی کے حوالے سے تعین کردہ مقاصد حاصل کیے جا سکیں

کوئٹہ: ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کا اجلاس وائس چیئرمین سپریم کونسل ڈاکٹر بہار شاہ کی صدارت میں ہو رہا ہے

دین سے دوری نوجوانوں کو منشیات و جرائم کی طرف لے جا رہی ہے، مفتی اسماعیل

قرآن وسنت اپنائے بغیر کامیاب معاشرہ ممکن نہیں، مولوی نور الدین کا نماز جمعہ سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) دنیا و آخرت کی کامیابی اللہ پاک نے پوری کی پوری دین اسلام میں رکھی ہے۔ اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر نہ صرف ہم اس دنیا میں بلکہ آخرت میں بھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ آج کے دور میں نوجوان نسل دینی تعلیمات سے دور ہو کر اخلاقی، جسمانی اور ذہنی اعتبار سے کئی مسائل کا شکار ہو رہی ہے، جن میں منشیات کا استعمال، جرائم کی طرف رجحان اور صحت کی خرابی سرفہرست ہیں۔ یہ صورت حال ہمارے لیے ایک لمحہ فکریہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام نماز جمعہ کے خطہ سے مفتی قاری محمد اسماعیل اور مولوی نور الدین نے خطاب کرتے ہوئے معاشرے کے بگڑتے ہوئے حالات پر روشنی ڈالی اور نوجوانوں کی اصلاح کی اہمیت پر زور دیا۔ مقررین نے کہا کہ اسلامی معاشرہ امن، عدل، اخوت، پاکیزگی اور انفرادی و اجتماعی فلاح کا ضامن ہے۔ اگر نوجوان دین اسلام کی تعلیمات کو اپنا لیں تو وہ نہ صرف اپنی زندگی کو سنوار سکتے ہیں بلکہ معاشرے میں ایک مثبت کردار بھی ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ قرآن وسنت سے رہنمائی حاصل کیے بغیر ہم کبھی ترقی اور کامیابی کی حقیقی منازل طے نہیں کر سکتے۔ مفتی قاری محمد اسماعیل نے کہا کہ والدین، اساتذہ، علماء اور سماجی کارکنوں کو چاہیے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کریں اور نوجوان نسل کی رہنمائی کریں۔ موجودہ دور میں موبائل فون، سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع نے نئی نسل کو دین سے دور کر دیا ہے، جس کے نتائج ہمارے سامنے جرائم، ذہنی دباؤ، خودکشیوں اور منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال کی صورت میں آ رہے ہیں۔ مولوی نور الدین نے کہا کہ نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی ایک فلاحی ادارہ ہے جو نشے کے عادی افراد کی بحالی کے لیے کام کر رہا ہے۔ اس ادارے کے تحت نوجوانوں کو دینی و اخلاقی تربیت کے ساتھ ساتھ فنی تعلیم بھی دی جاتی ہے تاکہ وہ معاشرے میں باعزت زندگی گزار سکیں۔

کوئٹہ: مرکزی اسلامی نظریاتی کونسل جماعت اہلسنت کے مرکزی ناظم اعلیٰ صاحبزادہ پیر خالد سلطان القادری سیاسی وسماجی رہنما نعیم احمد مدنی سے ان کے بہنوئی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم زیادہ تر گرم رہے گا، موسمیاتی مرکز

کوئٹہ (پ ر) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق جمعہ اور ہفتے کو صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم زیادہ تر گرم رہے گا۔ تاہم بارکھان، سبی، کوہلو، موسیٰ خیل، ڈیرہ بگٹی، ژوب، قلات، خضدار، آواران اور لسبیلہ قلعہ سیف اللہ اور لورالائی میں چند ایک مقامات پر آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران خضدار میں (02.1 ملی میٹر) بارش ہوئی۔ سب سے زیادہ درجہ حرارت دالبندین میں (43.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا

ورکرز جمعیت نظریاتی کا پیغام گھر گھر تک پہنچائیں، ولی خان غوریزی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے ضلعی کنوینر ولی خان غوریزی اور ڈپٹی کنوینر مولانا نظر خان خوستی نے ضلعی دفتر میں رکنیت سازی کے افتتاحی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام ساتھی نے عزم کیساتھ رکنیت سازی میں بھرپور کردار ادا کریں۔ تمام ورکرز جمعیت نظریاتی کا پیغام گھر گھر تک پہنچائیں۔ اور نظریاتی کیساتھ وفا کا ثبوت دیں۔ ضلعی کنوینر نے کہا کہ الحمد اللہ آج ہمارے مخالف جماعت کے علماء کرام جمعیت نظریاتی کے پاک دامنی اور کارکردگی سے اتنے مطمئن ہے کہ وہ اکر کہتے ہے کہ مجھے رکنیت سازی کی کاپی دی جائے تاکہ اس پاک تنظیم کی رکنیت فارم ہم بھی کاٹ لیں۔ جوکہ میں نے دے بھی ہے جو کہ ہمارے قائدین کے اور نظریاتی ورکرز کے اخلاص اور پاک دامنی کا ثبوت ہے۔ جس پہ ہم فخر کرتے ہیں اور اللہ پاک کا شکر ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے ساتھیوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ رکنیت سازی کے مہم کو مزید تیز کیا جائے۔ اور اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر دین دوستی کا ثبوت دیں۔ اس پروگرام تقریب کے موقع پر شیخ فضل قادر کو شیوت یونین کونسل کا کنوینر اور حاجی محمد شاہ مردانزئی کو یونین منزکی کا کنوینر مقرر کیا گیا۔ باقی حلقوں کے بھی جلد از جلد کنوینرز کا انتخاب کر کے بھرپور رکنیت سازی کریں گے۔

سملی فٹبال کلب کو جیتنے کے باوجود ٹورنامنٹ سے باہر کرنا سازش ہے، شاہ محمد آغا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ایگزیکٹو شاہ محمد آغا، تحصیل کمیٹی ممبر ملک منیر بازئی، علاقائی سیکرٹری پائے شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ ٹورنامنٹ 2025 کے پہلے مرحلے میں (ٹیم سملی فٹبال کلب) کو میچ جیتنے کے باوجود ٹورنامنٹ سے باہر کرنے کی سازش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے محکمہ کھیل کے اعلیٰ حکام اور بالخصوص وزیر اعلیٰ سے اس کا نوٹس لینے مطالبہ کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ینگ سملی فٹبال کلب کے کھلاڑیوں کی حوصلہ شکنی سے دیگر ٹیموں اور کھیل سے منسلک کھلاڑیوں اور سپورٹس کلبوں میں سخت تشویش پیدا ہوئی ہے۔ 11 جولائی کو ینگ سملی فٹبال کلب نے راؤنڈ کا آخری میچ رائل بدو ٹیم کے خلاف کھیلا اور کامیابی حاصل کرتے ہوئے اگلے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ لیکن غیر مصدقہ الزام کہ ٹیم کا ایک کھلاڑی دوسرے ٹیم میں رجسٹرڈ ہے اور یہ ٹورنامنٹ کے قوانین کی خلاف ورزی ہے کی بنیاد پر ٹیم کو ڈس کوالیفائی کیا گیا۔ حالانکہ یہ محض جھوٹ اور دروغ گوئی پر مبنی ہے دراصل ٹیم کو ڈس کوالیفائی کرنے کا مقصد رائل بدو فٹبال کلب ضلع کوئٹہ فٹبال فیڈریشن کے سینئر اراکین کی سرپرستی میں کھیل رہی ہے عہدیداران اور کمیٹی کے اثر رسوخ اور سیاسی بنیادوں پر ٹورنامنٹ کمیٹی پر دباؤ ڈالا گیا اور ہارنے والی ٹیم کو اگلے راؤنڈ تک رسائی دی گئی جبکہ جیتنے والی ٹیم ینگ سملی فٹبال کلب تمام شواہد، دستاویزات صوبائی فٹبال فیڈریشن کو بھی جمع کر چکی ہے۔

CANCELLATION

with reference to the advertisement under PRQ No.17/02-07-2025 which was published in the daily Newspaper It is to inform that the scheme at S.No.1 under TSE-252607772893 is hereby cancelled.

SENIOR ASSISTANT DIRECTOR
LOCAL GOVERNMENT & RURAL DEVELOPMENT DISTRICT QUETTA

PRQ No.196/18-7-2025
www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

کوئٹہ: سی اینڈ ڈبلیو کے ایگزیکٹو انجینئر کوئٹہ محمد عظیم انور سے چارج سنبھالنے کے بعد افسران ملاقات کر رہے ہیں

پی ڈی ایم اے، آئی ڈی او نے ایمرجنسی ریسپانس کی ٹریننگ کا انعقاد کیا

پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کی معاونت سے منعقدہ ٹریننگ میں 45 افراد نے حصہ لیا

کوئٹہ (یو این اے) پی ڈی ایم اے بلوچستان اور انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن: آئی ڈی او کے باہمی اشتراک سے تحصیل بھچپائی، ضلع کوئٹہ کے گاؤں گلی سردار بخش سالانی میں دو روزہ ایمرجنسی ریسپانس ٹیموں کی تربیت کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ تربیت "ری سٹورنگ سوشل سروسز اینڈ کلائمٹ ریزیلینس "(RSSCR) منصوبے کے تحت کی گئی، جسے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (PPAF) کی مالی معاونت حاصل ہے۔ تربیت میں تحصیل بھچپائی کی تین ایمرجنسی ریسپانس ٹیموں کے 45 افراد نے حصہ لیا۔ پہلے روز پی ڈی ایم اے کی ماہر ریسکیو ٹیم نے بنیادی جان بچانے والی تکنیکس، سی پی آر اور ایمرجنسی ریسپانس طریقہ کار پر تھیوری سیشنز دیے، جبکہ دوسرے روز عملی مشقوں کے دوران آگ بجھانے، محفوظ انخلاء، اور سیلاب جیسی قدرتی آفات سے نمٹنے کے اقدامات سکھائے گئے۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر (ریسکیو اینڈ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن (پی ڈی ایم اے بلوچستان، اصغر علی جمالی نے آئی ڈی او کی کاوشوں کو سراہا اور دور افتادہ و حساس علاقے میں کامیاب تربیت کے انعقاد پر ان کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے پی ڈی ایم اے کی جانب سے مستقبل میں بھی تکنیکی تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ تربیت کا مقصد مقامی کمیونٹی کی سطح پر قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت کو مستحکم بنانا اور فوری ردعمل کی اہلیت کو بہتر بنانا تھا۔

سیاسی جماعتوں اور تنظیموں کا کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن سے اظہار یکجہتی

احتجاج پر مسلسل خاموشی نے اساتذہ کو شدید مایوسی میں مبتلا کر دیا ہے، صدر امین اللہ خان میانی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کا اپنے جائز مطالبات کے حل کیلئے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ 39 ویں روز بھی جاری رہا جمعہ کو مختلف سیاسی جماعتوں اور ملازمین تنظیموں کے رہنماؤں نے آ کر اساتذہ سے اظہار یکجہتی کیا۔ احتجاجی کیمپ سے جاری ہونے والے ایک بیان میں بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صدر امین اللہ خان میانی نے کہا کہ کمیونٹی اساتذہ بلوچستان بھر میں اپنی ڈیوٹی ایمانداری سے سرانجام دے رہے ہیں لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ حکومت بلوچستان اور بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے تاحال ہمارے اس سنجیدہ احتجاج پر کوئی توجہ نہیں دی ہے مسلسل خاموشی نے اساتذہ کو شدید مایوسی میں مبتلا کر دیا ہے بلکہ تعلیمی نظام کے مستقبل پر بھی کئی سوالات اٹھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمیونٹی اساتذہ وہ اساتذہ ہیں جنہوں نے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں تعلیمی نظام کو فروغ دیا احتجاجی قلیل تنخواہ اور محدود وسائل اور بے سروسامانی کے باوجود کمیونٹی اساتذہ نے تعلیم کا علم بلند رکھا لیکن آج کمیونٹی اساتذہ خود معاشی، ذہنی اور انتظامی استحصال کا شکار ہیں ایک طرف مہنگائی کا طوفان ہے تو دوسری طرف ہمیں صرف 32 ہزار روپے تنخواہ دی جا رہی ہے جو کہ انتہائی قلیل ہے اور ایک تھرڈ پارٹی کے ساتھ کنٹریکٹ کر رکھا ہے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جاب سیکورٹی اور مستقبل کا کوئی تحفظ نہیں ہے ہم وزیر تعلیم، وزیر خزانہ، چیف سیکرٹری، سیکرٹری تعلیم اور مینجنگ ڈائریکٹر سے اپیل کرتے ہیں کہ تھرڈ پارٹی کو ختم کر کے ٹیچروں کا براہ راست بی ای ایف کے ساتھ معاہدہ کیا جائے اور ٹیچروں کی تنخواہوں میں اضافہ کر کے ہماری معاشی ضروریات کو پورا کیا جائے۔

لائنوں کی شٹلنگ کے لیے مختلف علاقوں میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی لائنوں کی شٹلنگ کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 19 جولائی کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11Kv ہزارہ ٹاؤن جائنٹ روڈ کراچی انڈسٹریل اور سریاب دن سریاب کوئٹہ مارکیٹ خیر بخش مری فیڈر سے صبح 8 بجے سے دن 12 بجے تک بجلی بند ہوگی، اسی طرح 19 جولائی اور 20 جولائی کو روزانہ شیخ مانده گرڈ اسٹیشن کے ویسٹرن بائی پاس جبل نور اور ملکانو فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک جبکہ انڈسٹریل گرڈ کے نیو پشتون آباد اولڈ پشتون آباد ایسٹرن بائی پاس شوکت سعد اللہ پشتون آباد ایکسپریس سریاب مل فیڈرز دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی

داؤد محمد بریچ ایڈیشنل سیکریٹری، داخلہ اور نارکوٹکس کنٹرول ڈویژن تعینات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے گریڈ 22 کے افسر داؤد محمد بریچ ڈائریکٹر جنرل نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کے عہدے پر تعینات تھے ان کو فوری طور پر ایڈیشنل سیکریٹری، داخلہ اور نارکوٹکس کنٹرول ڈویژن کے طور پر تعینات کر دیا گیا ہے۔

میر اسداللہ بلوچ کے گھر پر چھاپے کی مذمت کرتے ہیں، عبدالوکیل

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی رہنماؤں عبدالوکیل مینگل، الہی بخش بلوچ، ڈاکٹر یاسر شاہوانی، ملک صادق ننگرانی، بہادر لہڑی، عامر لہڑی، افتخار ننگرانی، میر عبدالستار شاہوانی، فاروق لہڑی، لطیف سالانی، عبدالسلام و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں بی این پی عوامی کے مرکزی صدر اور ایم پی اے رازق راہشون میر اسداللہ بلوچ کے گھر پر چھاپے اور ان کی چند گھنٹوں کے لیے گرفتاری کی شدید مذمت کی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ میر اسداللہ بلوچ ایک مخلص عوامی لیڈر ہیں جنہوں نے عوامی فلاح کے لیے ہمیشہ آواز بلند کی، تعلیمی ادارے کھولے، صحت کی سہولیات دیں اور ہزاروں نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا۔ ان کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔

ڈائریکٹر جنرل ہیومن رائٹس گورنمنٹ آف پاکستان محمد ارشد و دیگر منسٹری آف ہیومن رائٹس کے زیر اہتمام نیشنل ایکشن پلان آن بزنس اینڈ ہیومن رائٹس کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

نیشنل پارٹی کی مرکزی کمیٹی کا دو روزہ اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو کے جاری بیان کے مطابق نیشنل پارٹی کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کل 19 اور 20 جولائی کو محمد شہی ہاؤس کوئٹہ میں صبح 10:30 بجے منعقد ہوگا۔

سردار عمر گورگیج تجربہ کار و سینئر سیاستدان ہیں، ساجدہ ننگرانی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کی صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ساجدہ ننگرانی نے اپنے ایک بیان میں سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج کو پارٹی کا صوبائی صدر منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے انہوں نے کہا کہ سردار محمد عمر گورگیج ایک تجربہ کار اور باوقار سیاستدان ہیں جن کی قیادت پارٹی کے لیے نیک شگون ثابت ہوگی ساجدہ ننگرانی نے اپنے بیان میں ربانی خان کاکڑ کو جنرل سیکرٹری اور میر ظہور بلیدی کو سیکرٹری اطلاعات منتخب ہونے پر بھی تہنیت پیش کی۔ انہوں نے کہا یہ جن کی نامزدگی کارکنوں کے اعتماد اور پارٹی قیادت کی دور اندیشی کا ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی ایک مضبوط سیاسی قوت بن چکی ہے اور نئی قیادت کی موجودگی میں تنظیم مزید فعال انداز میں عوامی مسائل اجاگر کرے گی۔ ان نامزدگیوں سے کارکنوں میں نیا جوش اور ولولہ پیدا ہوا ہے۔

فنکاروں اور مستحق آرٹسٹوں، فنکاروں کو حق دینے پر وزیراعلیٰ کے مشکور ہیں۔ حافظ محمد صادق

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کیلچر افراز ایسوسی ایشن آف بلوچستان کے صوبائی صدر حافظ اعظم حافظ محمد صادق اور سیکرٹری جنرل استاد محمد رفیق نے مشیر وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے کلچر و ٹورازم جناب بابر خان کی زیر صدارت منعقدہ آرٹسٹ فنڈ کے حوالے سے اہم میٹنگ میں کیے گئے فیصلہ کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہلا موقع ہے کہ حکومت بلوچستان نے حقیقی اور مستحق آرٹسٹوں، فنکاروں کو ان کا حق دینے کے لیے عملی قدم اٹھایا ہے۔ مشیر وزیر اعلیٰ بابر خان کی اس ہدایت کہ سرکاری ملازمین، کاروباری شخصیات اور غیر متعلقہ افراد کو دی جانے والی آرٹسٹ فنڈ کی رقم روک کر وہ فنڈ خالص مستحق فنکاروں، خصوصاً خطاطوں اور دیگر آرٹس کے شعبوں سے وابستہ فنکاروں میں تقسیم کی جائے، نہ صرف انصاف کا تقاضا ہے بلکہ فن اور فنکار کی حوصلہ افزائی کی جانب تاریخی قدم ہے۔

فرح عظیم شاہ ہمدرد با ہمت مخلص عوامی لیڈر ہیں، عدنان بلوچ

بغیر ابتدائی تحقیق کے صحافی کی گرفتاری قواعد وضوابط کی خلاف ورزی ہے، بی یو جے

غیر متعلقہ فرد کے ذریعے عجلت میں ایف آئی آر درج کروا کر صحافی کو گرفتار کرنا قابل مذمت

صحافی کی خبر کے متن اور اس حوالے سے سامنے آنے والے اعتراضات کا تنظیمی سطح پر جائزہ لیا جا رہا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) نے ضلع کوہلو کے مقامی صحافی زبیدار مری کے خلاف ایف آئی آر کے اندراج اور بغیر کسی ابتدائی تحقیق کے گرفتاری کو قواعد وضوابط کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے اس اقدام کی شدید مذمت کی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مقامی صحافی زبیدار مری کے خلاف ایف آئی آر بی ایچ آئی کے ایک اہلکار کی ایماء پر ایک غیر متعلقہ شخص کی جانب سے دی گئی درخواست پر درج کرائی گئی، جو کہ نہ صرف ضابطے کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس کارروائی سے واضح طور پر بدنیتی جھلکتی ہے۔ ایف آئی آر کے اندراج سے قبل نہ تو صحافی کا موقف لیا گیا اور نہ ہی متعلقہ حکام نے شفاف تحقیقات کی زحمت گوارا کی۔ بی یو جے کے صدر خلیل احمد اور جنرل سیکرٹری عبدالغنی کاکڑ نے یہاں جاری کیے گئے ایک بیان میں کہا ہے کہ گرفتار صحافی کی خبر یا رپورٹنگ کے حوالے سے اگر کسی کو اعتراض تھا تو متعلقہ ادارہ یا اہلکار، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس سے رجوع کر سکتا تھا اور یہ معاملہ افہام و تفہیم سے بھی حل کیا جا سکتا تھا لیکن اس ضمن میں ایک غیر متعلقہ فرد کے ذریعے عجلت میں ایف آئی آر درج کروا کر صحافی کو گرفتار کیا گیا، جو کہ قابل مذمت اور ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوہلو کے صحافی کی خبر کے متن اور اس حوالے سے سامنے آنے والے اعتراضات کا تنظیمی سطح پر جائزہ لیا جا رہا ہے اور بی یو جے شفاف اور غیر جانبدار صحافت پر یقین رکھتی ہے تاہم جس خبر کو بنیاد بنا کر ایف آئی آر ایک غیر متعلقہ فرد کے نام سے درج کرائی گئی ہے اس سے یہ معاملہ مزید ابہام کا شکار ہوا ہے۔

پشتونخوامیپ کے سابق ایم پی اے ولیم برکت کرسچن قبرستان میں ٹیوب کی مرمت کے بعد معائنہ کر رہے ہیں

گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت اب بھی ہو رہی ہے، رحیم کاکڑ

لیکن فوڈ اتھارٹی اس خطرناک صورتحال پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، سابق میئر

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف بلوچستان کے رہنماؤں اور وکلاء برادری نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص کارکردگی پر سخت تنقید کی ہے۔ سابق میئر کوئٹہ و پی ٹی آئی رہنما رحیم کاکڑ، جمیل یوسفزئی ایڈووکیٹ، میرواعظ ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، توقیر بھٹی، ضیاء الحق، نعمت اللہ، سردار بہلول، سردار احمد اور بشیر احمد نے مشترکہ بیان میں کہا کہ فوڈ اتھارٹی برائے نام ادارہ بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت جاری ہے لیکن فوڈ اتھارٹی اس خطرناک صورتحال پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی صرف اخباری بیانات تک محدود ہے، عملی طور پر عوام کی صحت کے تحفظ کے لیے کچھ نہیں کیا جا رہا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ ایسے سنگین مسائل کے خاتمے کے لیے مؤثر قانون سازی کی جائے اور فوڈ اتھارٹی کو جوابدہ بنایا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ تمام ہوٹلوں، بیکریوں اور کھانے پینے کے مراکز کی صفائی کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کیا جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ تحریک انصاف عوام کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی اور غیر معیاری خوراک فراہم کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی حمایت کرے گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ پی ٹی آئی ایسی مجرمانہ غفلت پر خاموش نہیں رہے گی اور ہر فورم پر عوام کے ساتھ کھڑی ہوگی۔

فیڈرل بورڈ کی انکوائری کیلئے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، نجی سکولز فیڈریشن

آسامیاں خالی ہیں

بلوچستان ریذیڈنشل کالج ژوب

شرائط وضوابط

پرنسپل بلوچستان ریذیڈنشل کالج ژوب

PRQ NO.194/18-07-2025
www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

جوہر براہوئی کا انتقال اور تذکرہ کوئٹہ کی ادبی تنظیموں کا!!

ادبی منظر نامہ

شیخ فرید

براہوئی علم و ادب کے آسمان کا ایک چمکتا ستارہ گزشتہ دنوں غروب ہو گیا۔ عبدالقیوم المعروف جوہر براہوئی کسی تعارف کے محتاج نہیں تھے نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں ان کی اپنی ایک الگ پہچان تھی۔ یقیناً جوہر براہوئی براہوئی علم و ادب کا ایک بڑا نام تھا ان کی وفات سے براہوئی علم و ادب کو ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے۔ اللہ مغفرت فرمائے۔ "چیئرمین براہوئی اکیڈمی پاکستان، پروفیسر ڈاکٹر سوسن براہوئی نے براہوئی زبان کے نامور شاعر، ادیب، دانشور اور سابق چیف جسٹس و گورنر بلوچستان، میر امیر الملک مینگل سے تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات میں براہوئی لسانیات، ادب اور ثقافت پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر چیئرمین براہوئی اکیڈمی نے جسٹس امیر الملک مینگل کو براہوئی اکیڈمی کی شائع کردہ کتابوں کا تحفہ بھی پیش کیا۔ ایک اور ملاقات نامور ادیب، شاعر، محقق، دانشور اور ماہر تعلیم، تربت یونیورسٹی کے سابق اور گوادر یونیورسٹی کے موجودہ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے بھی کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر سوسن براہوئی کو چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) کی موجودہ کابینہ کی میعاد مکمل ہو رہی ہے۔ برگ کی مشاورتی مجلس عاملہ کے اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ انتخابی شیڈول کا اعلان ماہ ستمبر میں ہوگا جس کے بعد نئی کابینہ کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ مہذب اور باشعور معاشروں میں ادبی تنظیم کا قیام وموجودگی، پیش رفت وسرگرمی اور اس کی فعالیت کو بڑا اہم موضوع سمجھا جاتا ہے۔ تہذیب یافتہ ادوار کا مطالعہ کیا جائے تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ملتی ہے کہ جس سماجی اقدار میں علم وادب کا چلن نمایاں، واضح اور سرگرم رہا ہے وہ اخلاق سلجھاؤ اور رکھ رکھاؤ کا آئینہ دار دکھائی دیتا ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں دبستان لکھنؤ اور دبستان دہلی اس کے روشن باب ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد لاہور کو علم وادب کا گہوارہ گردانا جاتا تھا۔ بلوچستان میں فورٹ سنڈیمن (ژوب) اور لورالائی سمیت خضدار وقلات اور کوئٹہ علم وادب کے مرکز مانے جاتے تھے۔ عصر حاضر میں کوئٹہ کا ادبی منظر نامہ بڑا روشن اور درخشاں دکھائی دیتا ہے۔ کوئٹہ میں ادبی حوالے سے ایک معتبر نام قلم قبیلہ کا ہے۔ جس کی بنیاد 19 ستمبر 1979ء کو نیگم تاقب رحیم الدین نے رکھی۔ قلم قبیلہ سے دبستان بولان اور پھر رائٹرز گلڈ (برگ) تک ادبی تنظیمات کی ایک طویل فہرست ہے۔ اس وقت 60 ادبی تنظیمیں ادبی فروغ کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ قلم قبیلہ نے کوئٹہ کی ادبی فضا کو علم وادب کی مہکار سے مشکبار رکھا۔ انجمن دبستان بولان کے نام سے استاد رشید انجم نے 1980ء میں تنظیم کے قیام کا اعلان کیا۔ اس تنظیم نے اور استاد رشید انجم نے کوئٹہ میں اردو شاعری کو بام عروج بخشا۔ اور کئی شعراء اس تنظیم کی بدولت شعر وسخن کی دنیا میں متعارف ہوئے۔ بلوچستان میں ادب اور شعر گوئی کے تانے بانے 1911ء سے ملتے ہیں جب لورالائی میں یوسف پولاڈی نے بزم ادب لورالائی کی داغ بیل ڈالی۔ بلوچستان کا پہلا مشاعرہ 1914ء میں ہوا جس کا سہرا بھی یوسف خان پولاڈی کے سر ہے۔ ادبی تنظیم قندیل نے ادبی فروغ میں کلیدی کردار ادا کیا۔ رائٹرز فورم 2009ء میں سید نوید حیدر ہاشمی نے قائم کی۔ تازہ ترین ادبی احوال یہ ہے کہ بلوچستان میں اب مزید چار ادبی تنظیمیں فعال ہو گئی ہیں، جن میں محترمہ تسنیم صنم نے کی بزم صائم ادبیات وصائم اردو اکیڈمی سرفہرست ہے۔ یہ ادبی تنظیم 25 دسمبر 2024 کوعمل میں لائی گئی اس کی بانی و دیگر عہدیداروں میں محترمہ تسنیم صنم، محترمہ رقیہ ہاشمی، اعجاز امر، احمد وقاص کاشی، عمران کامل ہاشمی، سجاد حیدر، اور غزالہ تبسم کے علاوہ علی منظم محمود مجبور، فیصل ندیم، ذوالفقار رضا شامل ہیں۔ کاروان ادب شال کے نام سے معرض وجود میں آنے والی تنظیم بھی بلوچستان کے ینگ رائٹرز نے بنائی ہے کابینہ میں پروفیسر نصیب ساگر، پروفیسر شاہد اللہ تبسم، عزیز شاد شامل ہیں۔ "ادب زار جہاں بلوچستان" کے نام سے بلوچستان کے سینئر شعراء وادباء نے اس ادبی تنظیم کی بنیاد مورخہ 25 مئی 2025 میں رکھی ہے۔ جس میں سرپرست اعلیٰ محترمہ راحیلہ حمید خان درانی۔ بانی و چیئرمین زاہد آفاق۔ بانی وصدر محترمہ جہاں آرا تبسم۔ سینئر نائب صدر اسفند یار بادیزئی۔ نائب صدر آرزو زیارت والی، جنرل سیکرٹری شازیہ لانگو۔ پریس سیکرٹری رشید حسرت۔ فنانس سیکرٹری نیاز محمد بگٹی۔ جوائنٹ سیکرٹری جویریہ حق۔ ایڈوائزری سیکرٹری ڈاکٹر زاہد وشتی۔ سیکرٹری ممبر سازی غلام علی بون۔ رابطہ سیکرٹری فائزہ شکیل شامل ہیں دائرہ علم وادب کو بھی نئی عزم کے ساتھ فعال کیا گیا ہے اور نو منتخب عہدیداران کے ناموں کا اعلان کیا گیا ہے۔ اور چار صدور جن میں کامران قمر سیت، تنظیم انجم، صلاح الدین۔ صارم، ذوالقرنین کے علاوہ وحید ملک، قربان ایری اور گل زمان کو چنا گیا ہے۔

چیمبر اف کامرس کی آج کی ہڑتال کی حمایت کرتے ہیں، حاجی نور محمد شاہوانی

ہمیشہ چیمبر اف کامرس کا ساتھ دیا ہے اور آئندہ بھی ساتھ دیتے رہیں گے، گڈز ٹرک اونرز

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کوئٹہ صدر حاجی نور محمد شاہوانی ایسوسی ایشن کی دیگر تمام عہدیدار و ٹرانسپورٹرز نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے چیمبر اف کامرس بلوچستان سندھ چیمبر اف کامرس خیبر پختونخوا پنجاب چیمبر اف کامرس کی ملک گیر ہڑتال جو 19 جولائی 2025 کو اعلان کیا گیا ہے بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن اس کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور بھرپور ساتھ دینے کا اعلان کرتے ہیں یاد رہے کہ چیمبر اف کامرس نے 19 جولائی کو جو ہڑتال کا اعلان کیا گیا ہے وہ حکومت کے ناروا ٹیکسز کے خلاف کیا گیا ہے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں اور بلوچستان چیمبر اف کامرس اور دیگر صوبوں کے چیمبر آف کامرس کے ساتھ کھڑے ہیں اور انشاءاللہ اس ہڑتال میں بھرپور ساتھ دیں گے اور ہم نے ہمیشہ بلوچستان چیمبر اف کامرس کا ساتھ دیا ہے اور آئندہ بھی ساتھ دیتے رہیں گے۔

جینو فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن صدف رضا اور افشاں نورین کو آبرو ہوم کی ایڈمنسٹریٹر ہمیدہ کریم تعریفی اسناد دے رہی ہیں

ڈی سی کوئٹہ سے ہیڈ آف مشن کنٹری ڈائریکٹر رووینگ کی ملاقات

طبی مراکز اور بلوچستان کی مجموعی طبی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی سے OCAMSF کے ہیڈ آف مشن کنٹری ڈائریکٹر رووینگ (WeibinXuMr) نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ایم ایس ایف کے جاری طبی منصوبوں، خصوصاً ضلع کوئٹہ میں چائلڈ کیئر طبی مراکز اور بلوچستان کی مجموعی طبی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر ایم ایس ایف۔ او سی اے کے کنٹری لائزن آفیسر قدرت اللہ بھی ہمراہ موجود تھے۔ جنہوں نے بلوچستان میں ایم ایس ایف کی موجودہ سرگرمیوں اور مستقبل کے اقدامات پر اضافی معلومات فراہم کیں۔ ملاقات میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر سٹی اور اسسٹنٹ کمشنر کچلاک بھی شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے وفد کو یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ بلوچستان میں انسانی خدمت کے اس مشن میں ایم ایس ایف سے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔

انتقال پر ملال

والدین سینئر استاد محمد زمان بریچ کے والد محمد خان بریچ انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی بانی اسکول والبدین کے سینئر استاد ماسٹر محمد زمان بریچ، ماسٹر محمد خیر بریچ، محمد عارف بریچ حاجی محمد یونس بریچ محمد ادریس بریچ، محمد الیاس بریچ کے والد محمد خان بریچ انتقال کر گئے مرحوم کی نماز جنازہ مدرسہ جامعۃ العلوم گلشن یوسفی میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں علما، سیاسی قبائلی شخصیات تاجروں علاقے کے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی مرحوم کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا فاتحہ خوانی ان کی رہائشگاہ پر ہوگی درین اثنا جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مولانا محمود الحسن قاسمی قاری عبداللہ سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی حافظ عبدالاحد کبدانی حاجی حیات اللہ کاکڑ عبیداللہ حقانی حاجی حبیب اللہ حقانی مفتی فدا الرحمن مولوی رحمت اللہ حقانی نے محمد خان بریچ کے وفات پر افسوس کا اظہار سوگوار خاندان سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

حاجی عبدالحق خلجی کی اہلیہ انتقال کر گئی

کوئٹہ (پ ر) حاجی عبدالحق خلجی کی اہلیہ حاجی عبدالعزیز خلجی ایڈووکیٹ حاجی عبدالستار خلجی حاجی عبدالودود خلجی کی والدہ محمد ذکریا خلجی ایڈووکیٹ سمیع الحق خلجی اعجاز الحق خلجی کی دادی انتقال کر گئیں

محمد اقبال خلجی محمد ضیاء الحق خلجی ایڈووکیٹ عبدالسلام ایڈووکیٹ کی چچی رضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ فاتحہ خوانی سریل سنٹرل روڈ میں ہو گی۔ دریں اثنا کوئٹہ ویلی ماڈل پبلک اسکول اینڈ جامعہ ام القراء کے ناظم اعلیٰ مولوی محمد جیلانی البدری ڈائریکٹر عبدالرشید خلجی مہتمم قاری شاہ الدین شاہ، خواص ناظم لامور قاری عبداللہ و دیگر نے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

قلات امام بخش سالانی انتقال کر گئے

قلات (آن لائن) امام بخش سالانی انتقال کر گئے وہ لیویز ڈرائیور ریٹائرڈ احمد سالانی کے والد میر محمد قاسم سالانی کے بھائی تھے مرحوم کو تدفین چشمہ قبرستان میں کر دی گئی جبکہ فاتحہ خوانی چشمہ سالانی ہاؤس قلات میں ہو رہی ہے۔

حافظ جاوید خان جہانزیب خان کے والد کی فاتحہ خوانی 20 جولائی کو جناح ٹاؤن میں ہوگی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اعلان برائے فاتحہ خوانی بمقام جناح ٹاؤن کوئٹہ جمعیت علماء اسلام کے رہنما انجینئر فضل کریم کاکڑ کے چچا اور حافظ جاوید خان جہانزیب خان کے والد کی فاتحہ خوانی ایک روز کے لیے بروز اتوار 20 جولائی کو جناح ٹاؤن جامع مسجد ساتھ والے گلی ہاؤس نمبر 39/B60 میں صبح 9 بجے سے 6 بجے تک فاتحہ خوانی ہو گی رابطہ 03118375388 اور تعزیت 03333521385 سہیل احمد سیکرٹری اطلاعات جناح ٹاؤن

نوٹس برائے نیلامی

مندرجہ ذیل دفتری ناکارہ سامان جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر نیلام کرنا مقصود ہے لہذا خواہشمند حضرات سربمہر ٹینڈر مورخہ 04-08-2025 بوقت 11:00 بجے تک مطلوب ہیں جو کہ اسی روز 02:00 بجے بولی دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

نمبر شمار	تفصیل سامان	مقام
1	مختلف دفتری ناکارہ سامان	آفیسرز کلب پرنس روڈ کوئٹہ

اہلیت:۔ (1) فرم کنٹریکٹر کا انکم ٹیکس/ایسل ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے (2) نیلامی سر بمہر لفافے کے تحت ہوگا۔ مندرجہ بالا سامان کا معائنہ مورخہ 3 اگست 2025 تک دفتری اوقات کار میں کیا جاسکتا ہے (3) ٹینڈر بنام ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن) ایس اینڈ جی اے ڈی ہونا چاہیے۔ ٹینڈر فیس مبلغ 2000/- بنام سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی بذریعہ سٹیٹ بینک چالان اکاونٹ نمبر C-03802 نیشنل بینک میں جمع کروانی ہوگی (4) ٹینڈر کے ہمراہ بینک ڈرافٹ کی شکل میں مبلغ 50,000/- ہزار روپے بطور کال ڈپازٹ منسلک ہونا لازمی ہے (5) ٹینڈر کے ساتھ قومی شناختی کارڈ کی کاپی منسلک کرنا لازمی ہے (6) ٹینڈر فارم مورخہ 3 اگست 2025 تک دفتری اوقات کار میں وصول کیا جاسکتا ہے (7) کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی ٹینڈر کو کوئی وجہ بتائے بغیر رد کرے (8) مزید معلومات دفتر سپرنٹنڈنٹ (ایڈمن) ایس اینڈ جی اے ڈی کمرہ نمبر 59 فرسٹ فلور بلاک نمبر 1 سول سیکرٹریٹ سے دفتری اوقات میں فون نمبر 081-92600 حاصل کی جا سکتی ہیں۔

صیغہ افسر (انتظامیہ)
ملازمتائے عمومی نظم ونسق

PRQ No191/18-07-2025
www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ریکوڈک منصوبے سے صوبہ ترقی کا روشن باب بنے گا، ضرار جمالی

منصوبے سے 2028 کے آخر تک پیداوار کا آغاز متوقع ہے، غربت اور بے روزگاری میں کمی آئے گی، کنٹری منیجر کا تقریب سے خطاب

آر ڈی ایم سی مقامی کمیونٹیز کو صاف پانی، صحت اور تعلیم کی سہولیات کی فراہمی کیلئے بھی پرعزم ہے، سربراہ ہیومن ریسورسز ہیوو اسفیڈن

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ریکوڈک مائننگ کمپنی کے کنٹری منیجر ضرار جمالی کا کہنا ہے کہ ریکوڈک منصوبے سے نہ صرف بلوچستان میں غربت اور بے روزگاری میں کمی آئے گی بلکہ صوبہ ترقی کا روشن باب بنے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ منصوبے سے 2028 کے آخر تک پیداوار کا آغاز متوقع ہے۔ کوئٹہ میں انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ارجنٹینا میں 18 ماہ کی آن جاب ٹریننگ مکمل کرنے والے بلوچستان کے نوجوان انجینئرز کے اعزاز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آر ڈی ایم سی مقامی کمیونٹیز کو صاف پانی، صحت اور تعلیم کی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھی پرعزم ہے۔ ہیومن ریسورسز کے سربراہ ہیوو اسفیڈن نے بتایا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو عالمی معیار کی مائننگ ٹریننگ فراہم کرکے انہیں شعبے کا حصہ بنانے کی کوشش ہے۔ سال 2024 میں مزید 18 نوجوانوں کو زیمبیا اور ارجنٹینا بھیجا گیا، جن کا تعلق بلوچستان کے 11 اضلاع سے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کمپنی کی مستقل افرادی قوت کا 75 فیصد بلوچستان سے ہے، جس میں سے 65 فیصد کا تعلق ضلع چاغی سے ہے، جبکہ 14 فیصد ملازمین خواتین ہیں۔ کمیونیکیشن منیجر سامیہ شاہ کے مطابق ریکوڈک منصوبہ بیرک مائننگ کارپوریشن اور پاکستان کے درمیان شراکت داری کا نتیجہ ہے، جس میں 50 فیصد حصہ بیرک، 25 فیصد وفاقی اداروں اور 25 فیصد حکومت بلوچستان کے پاس ہے، جس میں 10 فیصد فری کیریڈ حصہ بھی شامل ہے۔ منصوبے کی مائن لائف کم از کم 37 سال ہے، جس کے دوران تعمیری مرحلے میں 7,500 اور بعد ازاں 3,500 طویل المدتی ملازمتیں پیدا ہوں گی، جبکہ بالواسطہ طور پر 25,000 سے زائد روزگار کے مواقع بھی متوقع ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ معدنیات کی 90 فیصد ویلیو ایڈیشن بلوچستان میں ہی کی جائے گی۔ اب تک بلوچستان حکومت کو 17.5 ملین ڈالر رائلٹی کی مد میں ادا کیے جا چکے ہیں جبکہ سماجی ترقیاتی منصوبوں پر 7.2 ملین ڈالر خرچ کیے گئے ہیں۔ تعلیمی اقدامات کے تحت 7 سکول فعال ہیں جن میں 403 بچے زیر تعلیم ہیں، جبکہ 577 نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھائے جا چکے ہیں۔

راولپنڈی، 3 تھانوں میں لیڈی پولیس آفیسران ایڈیشنل ایس ایچ او تعینات

لیڈی آفیسران کی تعیناتی وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویمن ایمپاورمنٹ ویژن کا حصہ ہے، سی پی او

انسپکٹر فریسہ ناز تھانہ سٹی، انسپکٹر سیدہ ماریہ بتول تھانہ چکلالہ، انسپکٹر آمنہ شعیب تھانہ کینٹ میں تعینات

راولپنڈی (زاہد احمد خان) آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس کا اہم اقدام، 3 تھانوں میں لیڈی پولیس افسران ایڈیشنل ایس ایچ او تعینات، لیڈی افسران کی تعیناتی وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویمن ایمپاورمنٹ ویژن کا حصہ ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس کا اہم اقدام، سی پی او سید خالد ہمدانی نے 3 تھانوں میں لیڈی پولیس افسران ایڈیشنل ایس ایچ او تعینات کر دیں، انسپکٹر فریسہ ناز کو ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ سٹی تعینات کیا گیا ہے، انسپکٹر سیدہ ماریہ بتول کو ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ چکلالہ تعینات کیا گیا ہے، انسپکٹر آمنہ شعیب کو ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ کینٹ تعینات کیا گیا ہے، لیڈی افسران کی تعیناتی وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویمن ایمپاورمنٹ ویژن کا حصہ ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ پہلے مرحلے میں خواتین افسران کو ایڈیشنل ایس ایچ او تعینات کیا جا رہا ہے، اگلے مرحلے میں خواتین افسران کو ایس ایچ او بھی تعینات کیا جائے گا، خواتین تمام شعبوں میں بہترین فرائض سرانجام دے رہی ہیں، پنجاب پولیس میں خواتین افسران مردوں کے شانہ بشانہ فرائض سرانجام دے رہی ہیں

اے سی سب ڈویژن گوادر نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

گوادر (آن لائن) حال ہی میں تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر سعد کلیم ظفر نے سب ڈویژن گوادر میں اپنے عہدے کا باضابطہ چارج سنبھال لیا۔ اس موقع پر سابق اسسٹنٹ کمشنر گوادر میر جواد احمد زہری نے نئے افسر کا دفتر میں پرتپاک استقبال کیا اور انہیں رسمی طور پر کرسی پر بٹھا کر خوش آمدید کہا۔ میر جواد احمد زہری نے اپنے جانشین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئے اسسٹنٹ کمشنر بھی اپنے پیش رو کی طرح دیانتداری، فرض شناسی اور عوامی خدمت کو مقدم رکھتے ہوئے فرائض منصبی بخوبی انجام دیں گے

ہماری بہادر فورسز دہشتگردوں کے ناپاک عزائم ناکام بنائیں گی، فرید رئیسانی

مستونگ میں بی سی کے قافلے پر فائرنگ قابل مذمت ہے، حملے میں آفیسر اور اہلکار کی شہادت وزخمی ہونے پر دکھ ہے، لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں

صوبائی حکومت دہشتگردی کے خاتمے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، قیام امن کیلئے صوبے کی پولیس کی قربانیاں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی

بھاگ (پ ر) میر فرید خان رئیسانی نے مستونگ کے علاقے چوتو کے مقام پر بلوچستان کانسٹیبلری پولیس کے قافلے پر فائرنگ واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملے میں ڈی ایس پی اور ...

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نوتال اور بختیار آباد کے درمیان ڈاکو مسافروں کو لوٹ کر فرار

مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون، گھڑیاں اور دیگر سامان لوٹا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نوتال اور بختیار آباد کے درمیان ایریا میں قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی موبائل فون گھڑیاں اور دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے لیویز فورس کے مطابق نصیر آباد پولیس تھانہ نوتال اور ... چھوٹی بڑی گاڑیوں کو اسلحے کے زور پر روک کر مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں قیمتی موبائل فون گھڑیاں اور دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے واقع کے خلاف مسافروں کا شدید احتجاج روڈ بلاک کر دی تاہم انتظامیہ کی یقین دہانی کے ...

دو لاکھ ڈیپازٹ پر اب ٹیکس کٹوتی نہیں ہوگی، کاشف حیدری

ایف بی آر کی جانب سے مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کو باضابطہ یقین دہانی کرائی گئی ہے

مجلس قائمہ برائے ترقی نسواں کا اجلاس 22 جولائی کو طلب

آفیسران فورس کی کارکردگی بہتر اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنائیں، آئی جی اسلام آباد

آئی جی کی آپریشن، انتظامی اور سیکورٹی امور کا جائزہ اور ضروری ہدایات جاری کیں

صوبے میں بڑھتی بے روزگاری سے نوجوان نسل کا مستقبل داؤ پر لگ رہا ہے، سید امان شاہ

نوجوان روزگار کی تلاش میں دربدر ہیں، قیام امن کیلئے بے روزگاری کا خاتمہ ضروری ہے

محکمہ وائلڈ لائف کی کارروائی، نایاب جنگلی پرندوں کا شکار کرنے والے 7 افراد گرفتار

حفاظتی ٹیکہ جات مہم کیلئے ڈی ایچ اوز کے کردار کو مزید فعال بنایا جائے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن

کارکردگی کے تسلسل کو برقرار رکھنے کیلئے ہر ماہ باقاعدگی سے میٹنگز منعقد کی جائیں تاکہ مانیٹرنگ اور جائزہ کا عمل موثر انداز میں جاری رہے

حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کی کامیابی کیلئے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، کوئٹہ ڈویژن کے اضلاع میں جاری پروگرام کے جائزہ اجلاس سے خطاب

پارٹی آئین اور قانون کے مطابق تمام ساتھیوں کو ساتھ لیکر چلتے ہیں، زرک مندوخیل

مرکزی اور صوبائی قیادت بلوچستان کے کارکنوں کے مسائل پر عملی توجہ دے رہی ہے

حکومتی سیکیورٹی اقدامات ناکافی ہیں، ٹرانسپورٹ بحران کا شکار ہے، دولت لہڑی

دو گھنٹے درجن حملہ آوروں کا مقابلہ نہیں کر سکتے، سیکیورٹی فراہم کرنا حکومتی ذمہ داری ہے

دہشتگرد بزدلانہ کارروائیوں سے عوام کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، بخت محمد کاکڑ

کچھ عناصر حالات خراب کرنے پر تلے ہیں، عوام دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں، دشمن کے عزائم ناکام بنا دیں گے

ملک دشمنوں کے ناپاک منصوبوں کی مذمت کرتے ہیں، شہید آفیسران و اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، اے این پی رہنما

14 سالہ گھریلو ملازمہ ملتان کے تشدد سے تنگ آکر گھر سے بھاگ گئی

سول ہسپتال کوئٹہ مریضوں کیلئے امید کی کرن بن گیا ہے، حیات اللہ کاکڑ

ایم ایس ڈاکٹر عبدالہادی کی قیادت میں سول ہسپتال ایک مثالی طبی ادارہ بن چکا ہے

پنجگور میں پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ سروس مکمل طور پر ناکام، عوام کو مشکلات

کراچی، بی آئی ایس پی کے نام پر فراڈ کرنے والے 3 ملزمان گرفتار

اوتھل، ایرانی پیٹرول اسمگل کرنے والی دو موٹر سائیکلیں ٹکرانے سے آگ بھڑک اٹھی

موٹر سائیکل سواروں نے بروقت کودکر اپنی جانیں بچائیں، موٹر سائیکلیں جل کر خاکستر ہو گئیں

ڈپٹی کمشنر بارکھان ... ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں دہشتگردی کی ہر کوشش کے پیچھے بھارتی ہاتھ ہے، نور محمد دمڑ

دہشتگرد اب خود کو بچانے کیلئے چھپتے پھر رہے ہیں، صوبائی حکومت اور سیکورٹی ادارے بھرپور انداز میں جواب دے رہے ہیں

بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے جتنے بھی کوششیں ہو رہی ہے اس کے پیچھے بھارت کا ہاتھ ہے دہشتگرد اب اپنے آپ کو بچانے کیلئے ادھر ادھر بھاگ اور عوام کو نا کام اشتعال میں لینے کی کوشش کر رہے ہیں صوبائی حکومت اور سیکورٹی ادارے بھرپور انداز میں جواب دے ... دہشتگردی کا نشانہ بننے کی کوشش کرتے ہیں پوری قوم اپنے سیکورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے بزدل دشمن سیکورٹی فورسز کے ساتھ لڑنے کی بجائے عام عوام کو ٹارگٹ کر رہے ہیں مستونگ میں بزدلانہ حملے میں ڈی ایس پی اور پولیس اہلکار کی شہادت پر انہیں گہرا دکھ اور افسوس ہوا ہے۔ صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے ... متحد کرتی ہیں انہوں نے کہا کہ شہید ہونے والے پولیس افسران اور اہلکاروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ حکومت بلوچستان شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے مزید کہا کہ عوام اور فورسز کی قربانیوں کے بدولت ہی امن دشمن عناصر کی کمر توڑ دی جائے گی۔

پٹ فیڈر کینال کی تمام ذیلی نہروں میں جلد پانی پہنچایا جائے گا، عبدالمجید بادینی

منظور شدہ خیر دین ڈرینج کی تکمیل سے ضلع صحبت پور، جعفر آباد، اوستہ محمد اور نصیر آباد سیلاب سے محفوظ ہو جائیں گے

ڈیرہ اللہ یار میں سیوریج سسٹم کی تعمیر کی منظوری ہو چکی ہے، جلد کام شروع ہو جائے گا، اپنے انتخابی وعدے پورے کرینگے

پاکستان سیاحت اور سرمایہ کاری کیلئے بہترین ملک ہے، حافظ طاہر اشرفی

اشتہار انٹرویو برائے خالی (عارضی اسامیاں محکمہ صحت)

بحوالہ جناب سیکرٹری محکمہ صحت حکومت بلوچستان کے نوٹیفیکیشن نمبر SO-II(H)17-01/2024/4067 مورخہ 20-09-2024 محکمہ صحت ضلع بارکھان کے مختلف اداروں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بارکھان درج ذیل آسامیاں (گریڈ 1 تا 11) خالی ہیں۔ جن کو پر کرنے کے لیے ضلع بارکھان کے لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں جو کہ ایک سال کے لئے کانٹریکٹ (عارضی) طور پر بھرتی کیے جائیں گے۔ درخواستیں ضلعی ناظم صحت ضلع بارکھان کے دفتر میں 5 اگست تک جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست وصول نہیں کی جائے گی۔

تعلیمی قابلیت	تعداد اسامیاں	گریڈ	نام اسامی	نمبر شمار
ایف ایس سی پاس ہو	01	BPS-11	سٹور کیپر	01
میٹرک سائنس اور ڈسپنسر کا امتحان صحت کے خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو	04	BPS-06	ڈسپنسر	02
میٹرک سائنس اور میڈیکل ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو	01	BPS-06	ایپیڈیمولوجی ...	03
میٹرک (سائنس)	05	BPS-05	لیڈی ہیلتھ ورکر	04
جسمانی طور پر تندرست ہو اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو	01	BPS-01	مالی	05
جسمانی طور پر تندرست ہو اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو	05	BPS-01	بہشتی	06

شرائط و ضوابط: (1) عمر کی آخری حد 18 سے 43 سال تک ہونی چاہیے (2) مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدوار کو انٹرویو کے لئے حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل شدہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی بارکھان کے روبرو پیش ہونا ہوگا (3) امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ اپنے کاغذات لازمی طور پر تصدیق کرائے غیر تصدیق شدہ کاغذات منسلک کرنے کی صورت میں درخواست ناقابل قبول ہوگی اور درخواست کے ساتھ ایک عدد تازہ تصویر بھی جمع کرانی ہوگی۔ (4) انٹرویو کے دوران امیدوار اپنی اصل اسناد و ڈومیسائل، شناختی کارڈ ساتھ لائیں (5) ٹیکنیکل آسامیاں پر منتخب ہونے والے امیدواروں کو تعیناتی کے احکامات ان کی تعلیمی قابلیت / ڈپلومہ متعلقہ ادارے سے تصدیق کرنے کے بعد جاری کیے جائیں گے (6) غیر مشتہر شدہ اسامیوں میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ (7) لیڈی ہیلتھ ورکرز کے امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ نکاح نامہ ضرور جمع کروائیں۔ **نوٹ:** انٹرویو کی تاریخ کا اعلان بعد میں بذریعہ اخبار کیا جائے گا۔ مطلوبہ تعلیمی قابلیت / ٹیکنیکل ڈپلومہ نہ رکھنے والے امیدوار اور غیر رجسٹرڈ / غیر تصدیق اداروں سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والے درخواست دینے کی زحمت نہ کریں اور نہ ہی ان کا نام لسٹ میں شامل نہیں کیا جائیگا۔

ضلعی ناظم صحت / سیکرٹری
ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی بارکھان

PRQ No193/18-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

FBR PAKISTAN
Revenue Division
Federal Board of Revenue
Government of Pakistan

ADMINISTRATION/HR

PUBLIC NOTICE / CORRIGENDUM

EXTENSION IN CLOSING DATE FOR RECRUITMENT AGAINST THE 1560 POSTS OF SEPOYS ON CONTRACT BASIS IN CUSTOMS FIELD FORMATIONS.

Federal Board of Revenue invited applications for recruitment of 1560 posts of Sepoys (BS-05) on contract basis in Customs Department and published the same on 26.06.2025, with closing date for submission of online applications by 15.07.2025 through National Job Portal, in the leading newspapers.

2. Due to recent rains and floods in various parts of the country, the closing date for submission of applications for the aforesaid posts is hereby extended up to 31.07.2025.

(Munir Ahmad)
Second Secretary (M/HR.Customs-IV)
Federal Board of Revenue, Islamabad

URAAN PAKISTAN
PID (I) 471/25
helpline@fbr.gov.pk 051-111 772 772 www.fbr.gov.pk

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر 2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 19 جولائی 2025ء

بلوچستان: شاہراہوں کی تعمیر و توسیع کے منصوبے اہمیت کے حامل!!

ایک خبر کے مطابق بلوچستان کے لئے رواں مالی سال کے بجٹ میں ایک کھرب روپے مختص کئے گئے ہیں جس میں این 25 سمیت دیگر شاہراہوں پر تیزی سے کام کیا جائے گا۔ یہ بات وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے گزشتہ روز اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران بتائی ہے انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو ایم 6 سکھر، حیدرآباد موٹروے، ایم 10 ناردرن بائی پاس اور کاغان، ناران سمیت 5 میگا منصوبوں پر کام تیز کرنے کا ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ہدایت کی کہ چاروں صوبے یکساں اہمیت کے حامل ہیں اور این ایچ اے کو قومی ترجیحات کے مطابق اپنا ترقیاتی کام جلد از جلد مکمل کرنا ہوگا ایسے منصوبے جن کا نوے فیصد کام مکمل ہو چکا ہے کی تکمیل ڈیڈ لائن کا تعین کریں تاکہ وزیراعظم ان کا افتتاح کر سکیں۔ بلوچستان کے لئے سو ارب روپے مختص کرنے کا اقدام انتہائی قابل ستائش ہے یہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کی ترقی کے لئے ایک سنگ میل ثابت ہوگا، کیونکہ سڑکوں کا جال کسی بھی ملک کی معیشت اور معاشرت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جدید دنیا میں مواصلاتی ڈھانچہ کسی بھی ملک کی ترقی کا بنیادی ستون سمجھا جاتا ہے۔ مضبوط اور فعال شاہراہیں نہ صرف اندرونی تجارت کو فروغ دیتی ہیں بلکہ بیرونی سرمایہ کاری کو بھی راغب کرتی ہیں۔ یہ زرعی اور صنعتی پیداوار کو منڈیوں تک پہنچانے میں مدد دیتی ہیں، جس سے معیشت مضبوط ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ، شاہراہیں لوگوں کی نقل و حرکت کو آسان بناتی ہیں، جس سے تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع تک رسائی بہتر ہوتی ہے۔ سیاحت کو فروغ ملتا ہے اور دور دراز علاقوں میں رہنے والے افراد کو شہری سہولیات سے جوڑنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ شاہراہیں محض کنکریٹ کی پٹیاں نہیں بلکہ ترقی، خوشحالی اور سماجی ہم آہنگی کی علامت ہیں اس سارے تناظر میں دیکھیں تو بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر و تکمیل زیادہ ضروری اور ناگزیر بن جاتی ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے اجلاس میں ہدایت کی ہے کہ ملک بھر میں ایم سکس، سکھر حیدرآباد موٹروے، ایم ٹین ناردرن بائی پاس اور کاغان۔ ناران سمیت پانچ میگا منصوبوں پر کام تیز کیا جائے۔ یہ اس عزم کا اعادہ ہے کہ چاروں صوبوں کو یکساں اہمیت دی جائے گی اور قومی ترجیحات کے مطابق ترقیاتی کام جلد از جلد مکمل کئے جائیں گے۔ نئی موٹرویز کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت بنایا جائے گا، جس سے منصوبوں کی رفتار اور معیار میں بہتری آئے گی۔ خاص طور پر ان منصوبوں کی تکمیل کے لئے ڈیڈ لائن مقرر کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جن کا نوے فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، تاکہ وزیراعظم ان کا افتتاح کر سکیں۔ یہ اقدامات ظاہر کرتے ہیں کہ حکومت بلوچستان سمیت تمام صوبوں میں مواصلاتی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لئے پرعزم ہے۔ بلوچستان کا جہاں تک تعلق ہے تو بلوچستان کے عوام کا ایک دیرینہ مطالبہ چمن کوئٹہ کراچی شاہراہ کی تعمیر و توسیع رہا ہے۔ یہ شاہراہ بلوچستان اور ملک کے دیگر حصوں کو آپس میں جوڑنے والی ایک مرکزی شریان ہے۔ اس شاہراہ کی خستہ حالی اور ایک رویہ ہونے کی وجہ سے آئے روز خونی حادثات رونما ہوتے رہتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ اب اسے خونی شاہراہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس شاہراہ پر سفر کرنے والے افراد کی زندگی ہر وقت خطرے میں رہتی ہے اور ان حادثات میں بیش قیمت انسانی جانیں ضائع ہو چکی ہیں اگر یہ شاہراہ دو رویہ تعمیر ہو جاتی ہے تو اس سے نہ صرف ترقی کا سفر تیز ہوگا بلکہ کوئٹہ اور کراچی کے درمیان سفر کا وقت بھی کم ہو جائے گا، جس سے عوام کو بے پناہ سہولت میسر آئے گی۔ اس کے علاوہ، دو رویہ شاہراہ کی تعمیر سے حادثات کی شرح میں نمایاں کمی آئے گی اور سفر زیادہ محفوظ ہو جائے گا۔ یہ شاہراہ بلوچستان کی معیشت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ زرعی مصنوعات، معدنیات اور دیگر اشیاء کی نقل و حمل کے لئے ایک اہم راستہ ہے، اور اس کی اپ گریڈیشن سے تجارت اور کاروبار کو زبردست فروغ ملے گا اس شاہراہ کی جلد از جلد تکمیل نہ صرف انسانی جانوں کو بچانے کے لئے ضروری ہے بلکہ بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں کو بڑھانے اور علاقے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے بھی ناگزیر ہے۔ چمن کوئٹہ کراچی شاہراہ کے علاوہ، بلوچستان میں کئی دیگر اہم شاہراہیں ہیں جن کی توسیع کی اشد ضرورت ہے۔ ان میں کوئٹہ سے بی جیکب آباد شاہراہ اور کوئٹہ سے لورالائی ڈیرہ غازیخان، اور ژوب ڈیرہ اسماعیل خان شاہراہیں شامل ہیں۔ ان شاہراہوں کی توسیع اور انہیں جدید خطوط پر استوار کرنا بلوچستان کی ترقی کے لئے نہایت اہم ہے کوئٹہ سبی جیکب آباد شاہراہ: یہ شاہراہ بلوچستان کو سندھ اور پنجاب سے جوڑتی ہے اور تجارتی نقل و حمل کے لئے انتہائی اہم ہے۔ اس کی توسیع سے بلوچستان سے باہر مال برداری میں آسانی ہوگی اور تجارتی حجم میں اضافہ ہوگا کوئٹہ سے لورالائی ڈی جی خان شاہراہ بلوچستان کو پنجاب کے ساتھ جوڑتی ہے اور اندرونی تجارت کے فروغ کے لئے کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کی بہتری سے لورالائی اور ڈی جی خان کے علاقوں کے درمیان رابطہ بہتر ہوگا اور وہاں کے مقامی لوگوں کو بھی فائدہ ہوگا اسی طرح ژوب ڈی آئی خان شاہراہ بلوچستان کو خیبر پختونخوا سے جوڑتی ہے اور اس کی توسیع سے دو صوبوں کے درمیان آمدورفت اور تجارت میں بہتری آئے گی ان تمام شاہراہوں کی توسیع سے بلوچستان میں تعمیر و ترقی کا سفر تیز ہوگا، جس کے نتیجے میں نہ صرف صوبے کے عوام کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی بلکہ صوبہ تیزی سے ترقی کے مراحل طے کر سکے گا۔ مواصلاتی ڈھانچے کی مضبوطی سے سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا، نئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، اور غربت میں کمی آئے گی۔ یہ سب عوامل مل کر بلوچستان کی معیشت اور سماجی ڈھانچے کو مضبوط بنائیں گے حکومت کے جاری اقدامات اور وفاقی وزیر مواصلات کے اعلانات سے یہ امید پیدا ہوئی ہے کہ بلوچستان کو طویل عرصے سے درپیش مواصلاتی چیلنجز پر قابو پا لیا جائے گا۔ ایک مربوط اور فعال شاہراہوں کا نیٹ ورک نہ صرف صوبے کو دیگر علاقوں سے جوڑے گا بلکہ اس کے اندرونی علاقوں کو بھی ایک دوسرے سے منسلک کرے گا۔ یہ پیشرفت مقامی آبادی کے معیار زندگی کو بہتر بنانے، معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور صوبے کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ بلوچستان کا مستقبل ان شاہراہوں کی تکمیل سے مزید روشن اور خوشحال دکھائی دیتا ہے امید ہے کہ ان شاہراہوں کی تکمیل اور تعمیر و توسیع کے منصوبوں میں اب مزید کوئی سست روی نہیں کی جائے گی۔

کاش پٹیل کے محکمے کی کھولی نئی کہانی

برملا

نصرت جاوید

بدھ کی صبح اچانک ایک خبر نمودار ہوئی جس نے کئی گھنٹوں تک لیپ ٹاپ کھول کر تحقیق کو مجبور کر دیا۔ جو "خبر" ملی وہ درحقیقت 25 جون 2025ء کو امریکہ کے تفتیشی ادارے ایف بی آئی کی جانب سے جاری ہوئی پریس ریلیز پر مبنی تھی۔ میں شاید اسے توجہ کے قابل ہی نہ سمجھتا۔ اس میں لیکن ان دنوں ایران کے پاکستان میں مقیم سفیر جناب رضا امیری مقدم کو تصویر سمیت ان تین افراد میں نام لے کر شامل کیا گیا ہے جو مارچ 2007ء میں سیاحت کے مرکز شمار ہوتے جزیرہ کیش سے ہوئے ایک امریکی شہری کے اغواء کے ذمہ دار ٹھہرائے گئے ہیں۔

جو امریکی اغواء ہوا وہ امریکہ کی منشیات فروشی کا سراغ لگانے والی ایجنسی کے علاوہ ایف بی آئی کا بھی ملازم رہا تھا۔ ایف بی آئی کا دعویٰ ہے کہ کئی برس قبل وہ اپنے کام سے ریٹائر ہو گیا تھا۔ اس کے اغواء ہو جانے کے بعد مگر امریکہ ہی کی مشہور خبر رساں ایجنسی (AP) یعنی ایسوسی ایٹڈ پریس آف امریکہ نے چند برس قبل یہ دعویٰ کیا کہ مارچ 2007ء میں اسے سی آئی اے نے ایران میں ابھی تک نامعلوم رہے مشن کے لئے "ٹھیکے" پر مامور کیا تھا۔

ایران کا جزیرہ کیش سیاحت کے لئے بہت پرکشش ہے۔ اسے "فری ٹریڈ زون" بھی قرار دیا گیا ہے۔ امریکی پاسپورٹ کے حامل افراد بھی اس جزیرے میں آسانی سے جا سکتے ہیں۔ "فری ٹریڈ زون" اور سیاحت کے لئے پرکشش ہونے کی وجہ سے دنیا کے دیگر سیاحتی مراکز کی طرح اس جزیرے میں بھی جرائم پیشہ گروہ بہت متحرک ہیں۔ ایسے گروہوں میں روس کے مافیا نما گروہ سر فہرست ہیں۔ جو امریکی اغواء ہوا اس کا نام Robert Levinson ہے۔ اس کے قریبی لوگ اسے باب (Bob) پکارتے ہیں۔ اپنی آسانی کے لئے ہم بھی اسے باب ہی پکاریں گے۔

امریکی خبر رساں ایجنسی نے اپنی تحقیقاتی رپورٹ میں یہ دعویٰ کیا تھا کہ باب خود کو روس کے جرائم والے مافیا کا ماہر گرداتنا تھا۔ ہو سکتا ہے کہ سی آئی اے نے اسے جزیرہ کیش میں ایسے ہی کسی گروہ کے اراکین و طریقہ واردات کا سراغ لگانے کے لئے بھیجا ہو۔ ایرانی حکومت غالباً اس کی "جاسوسی مہارت" کا براہ راست نشانہ نہیں تھی۔ بہرحال کیش میں کچھ دن گزارنے کے بعد وطن لوٹنے کے ارادے سے اس نے وہ ہوٹل 9 مارچ 2007ء کے دن چھوڑ دیا جہاں کیش میں "تعطیلات" گزارنے کے دوران وہ قیام پذیر تھا۔ ہوٹل سے نکل کر لیکن وہ ایئرپورٹ نہیں پہنچا اور اب تک کسی کو بھی اس کا اتہ پتہ معلوم نہیں ہے۔

باب کی بیوی کو آج سے تقریباً 26 سال قبل 54 سیکنڈ کی ایک ویڈیو وصول ہوئی تھی۔ اس ویڈیو میں وہ کسی کاغذ سے پڑھ کر "غلط" انگریزی میں اپنی رہائی کے لئے مدد کی اپیل کر رہا تھا۔ حیران کن بات یہ ہے کہ باب کے خاندان نے اس ویڈیو کو منظر عام پر لانے میں بہت دیر لگائی۔ اپریل 202ء میں جب یہ منظر عام پر آئی تو باب کی فیملی اس سوال کا تسلی بخش جواب نہیں دے پائی کہ اس نے اتنے دنوں تک باب کی بھیجی ویڈیو اور تصاویر کو میڈیا اور لوگوں سے مخفی کیوں رکھا۔ اے پی کی خبر میں لیکن یہ دعویٰ بھی تھا کہ باب کی بیوی کا منہ بند رکھنے کے لئے سی آئی اے نے اسے اڑھائی لاکھ امریکی ڈالر دیے تھے۔

امریکی خبر رساں ایجنسی کا یہ دعویٰ مان لیا جائے کہ اسے سی آئی اے نے "ٹھیکے" پر روسی جرائم پیشہ گروہوں کا سراغ لگانے ایران کے جزیرہ کیش بھیجا تھا تو یہ امکان بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا کہ اسے ایسے ہی کسی جرائم پیشہ گروہ نے اغواء کر لیا ہوگا جن کی جاسوسی کے لئے اسے مامور کیا گیا تھا۔ اس امکان کو مگر امریکی حکومت زیر غور لانے کو آمادہ ہی نہیں۔ ہر برس کے مارچ میں باب کے اغواء کی "برسی" کے دن اس کا ذکر کرتی ہے۔ مذکورہ روایت پر عمل کرتے ہوئے ایف بی آئی نے ایرانی انٹیلی جنس کے دو مبینہ ایجنٹوں محمد بصیری اور احمد خزاعی کو اس کے "اغواء" کا ذمہ دار ٹھہرانا شروع کر دیا۔ بتدریج ان کے نام اور تصاویر بھی باب کے اغواء کی برسی کے دن چھپنا شروع ہو گئیں۔

اس بار مگر روایت سے ہٹ کر 25 جون 2025ء کے دن باب کے اغواء کے بارے میں ایک مختلف پریس ریلیز جاری ہوئی ہے۔ اس میں محمد بصیری اور احمد خزاعی کے بجائے رضا امیری مقدم، غلام محمد نیا اور تقی دانشور کو باب کے اغواء کا ذمہ دار ٹھہرا گیا ہے۔ باب کے اغواء کے ذمہ داروں اور طریقہ کار کا سراغ لگانے میں مدد دینے والوں کے لئے 2 کروڑ امریکی ڈالر کے انعام کا وعدہ بھی ہوا ہے۔ مارچ 2007ء میں اغواء ہوئے امریکی شہری کے اغواء کا جو وہاں کی مختلف سراغ رساں ایجنسیوں کا باقاعدہ ملازم رہا ہے اتنے برس بعد پاکستان میں مقیم ایرانی سفیر کو ذمہ دار ٹھہرانا حیران کن امر ہے۔ میری ان سے ایک بھی ملاقات نہیں رہی۔ ان کے بیک گراؤنڈ سے بھی قطعاً آشنا ہوں۔

ایف بی آئی کا مگر یہ دعویٰ ہے کہ وہ ایرانی انٹیلی جنس کے اعلیٰ افسر رہے ہیں اور اس کے لئے یورپ پر نگاہ رکھتے تھے۔ فرض کیا پاکستان میں متعین ایرانی سفیر واقعی ایرانی انٹیلی جنس کے افسر رہے ہیں تب بھی "یورپی امور" کے مبینہ طور پر نگران ہوتے ہوئے ان کا امریکی شہری کے اغواء سے تعلق جوڑنا دور کی کوڑی لانے کے مترادف ہے۔ حیران کن بات یہ بھی ہے کہ باب کے اغواء کے ایک اور ذمہ دار ٹھہرائے غلام محمد نیا البانیہ میں ایران کے سفیر رہے ہیں۔ مارچ 2007ء کے بعد سے باب کے اغواء کی برسی پر ایف بی آئی نے جتنی بھی پریس ریلیز 25 جون 2025ء سے قبل جاری کیں ان میں سے ایک میں بھی رضا امیری مقدم صاحب کا نام نہیں لیا گیا ہے۔ 25 جون 2025ء کے روز ان کی باب کے اغواء کے مبینہ ذمہ داروں میں شمولیت میرے وسوسوں بھرے دل کو کئی سوالات اٹھانے کو مجبور کر رہی ہے۔

امریکی ایف بی آئی کا سربراہ ان دنوں ایک بھارتی نژاد کاش پٹیل ہے۔ وہ اور اس کا ادارہ گزشتہ کئی ہفتوں سے مسلسل دباؤ میں ہے۔ ٹرمپ کے دل و جان سے فدائی چند افراد اصرار کر رہے ہیں کہ کاش پٹیل اور اس کے ادارے نے Epstein نامی شخص کے جرائم کے بارے میں تیار ہوئی فائل مبینہ طور پر "غائب" کر دی ہے۔ ٹرمپ سے ناراض ہو جانے کے بعد ایلان مسک نے اس فائل کا ذکر کیا تھا۔ جس شخص کے بارے میں یہ فائل تیار ہوئی ہے وہ امریکہ اور برطانیہ کے طاقتور ترین افراد کو کم سن بچیوں کے ساتھ بیہودہ حرکتوں میں ملوث ہونے کے لئے سہولت کار کا کردار ادا کرتا رہا ہے۔ ٹرمپ کے Maga (امریکہ کو دوبارہ عظیم بناؤ) والے نعرے کے پرجوش حامی اپنے پوڈکاسٹ میں مسلسل یہ دعویٰ کئے چلے جا رہے ہیں کہ جنسی جرائم کا سہولت کار درحقیقت اسرائیل کی انٹیلی جنس کا ایجنٹ تھا اور اس کا مقصد امریکہ اور برطانیہ کے طاقتور حلقوں کو سہولت کاری کے بعد "بلیک میل" کرنا تھا۔ جس انداز میں اس مبینہ ایجنٹ کے بارے میں "فائل" گم ہوئی اس کا ذکر کرتے ہوئے کاش پٹیل کا استعفیٰ مانگا جا رہا تھا۔ غالباً اس دباؤ سے توجہ ہٹانے کے لئے کاش پٹیل کے محکمے نے ایک نئی کہانی کھول دی ہے۔

باکو شہر کی سیر و سیاحت!!

زیب داستان

ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر

باکو آذربائیجان کا دارالحکومت ہے اور سب سے بڑا شہر بھی۔ اس قدیم شہر کی تاریخ تقریباً دو ہزار سال پرانی ہے۔ 1991 میں آذربائیجان نے سوویت یونین سے آزادی حاصل کی تو باکو قومی خودمختاری اور اقتصادی استحکام کی علامت بن کر ابھرا۔ تاریخ بتاتی ہے کہ انیسویں صدی کا باکو تیل کی دولت سے مالا مال ہونے کی وجہ سے شہرت رکھتا تھا۔ آج بھی آذربائیجان کے پاس تیل اور گیس کے وافر ذخائر موجود ہیں۔ آذربائیجانی معیشت کا زیادہ تر دارومدار تیل اور گیس پر ہے۔ تیل اور گیس ہی کی وجہ سے آذربائیجان کو بین الاقوامی سطح پر اہمیت حاصل ہے۔ بہرحال آج کا شہر باکو مشرقی روایات، مغربی جدت اور ترقی کا امتزاج دکھائی دیتا ہے۔ صاف ستھری سڑکیں۔ ترتیب سے چلتی جدید گاڑیاں۔ نیلگوں آسمان۔ خوبصورت عمارتیں۔ بڑے بڑے شاپنگ مال۔۔۔ باکو بلاشبہ بے حد خوبصورت ہے۔ اور سیر و سیاحت کے لئے نہایت موزوں بھی۔ اگرچہ پاکستانیوں کیلئے مختلف ممالک کے ویزوں کا حصول دن بدن مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ تاہم غنیمت ہے کہ آذربائیجان کا ویزہ چند دنوں میں نہایت آسانی کیساتھ آن۔ لائن مل جاتا ہے۔ ویزہ فیس بھی مناسب ہے۔ آپ کو سیر و سیاحت سے رغبت ہے تو آذربائیجان ضرور جائیں اور خاص طور پر باکو۔ یہاں کے لوگ خوش اخلاق ہیں اور مہمان نواز بھی۔ پاکستان کو اور پاکستانیوں کو پسند کرتے ہیں۔ نگورنو کاراباخ کے تنازعہ پر پاکستان نے آرمینیا کے مقابلے میں ہمیشہ آذربائیجان کا ساتھ دیا ہے۔ اس تناظر میں یہ لوگ پاکستان کے احسان مند ہیں۔ یہ احسان مندی ان کے رویوں سے جھلکتی ہے۔

باکو خواتین کے لئے بھی ایک محفوظ شہر ہے۔ عمومی طور پر میں شام کے بعد گھر سے باہر نکلنے، ڈرائیو کرنے سے حتی المقدور گریز کرتی ہوں۔ ملک سے باہر جاؤں تو بھی اپنی روش پر قائم رہتی ہوں۔ چند سال پہلے ناروے کے شہر اوسلو گئی تو پتہ چلا کہ اسے دنیا کا محفوظ ترین شہر کہا جاتا ہے۔ تاہم وہاں بھی میں شام ڈھلتے ہی ہوٹل کے کمرے میں دبک کر بیٹھ رہتی۔ تاہم باکو میں میرا تجربہ مختلف رہا۔ سفیر قاسم محی الدین صاحب نے بتایا تھا کہ یہ ملک اکیلی خواتین کے لئے نہایت محفوظ ہے۔ میں نے گھومتے پھرتے یہ بات واقعتاً محسوس کی۔ میرا ہوٹل بھی خیر ایک بارونق علاقے میں واقع تھا۔ اردگرد معروف ریسٹوران، کافی شاپس، کلب وغیرہ تھے۔ سڑک کے دوسری طرف دو معروف گروسری سٹور تھے جو چوبیس گھنٹے کھلے رہتے۔

یہاں میں رات گئے تک تنہا گھومتی رہی۔ زندگی میں پہلی بار رات گیارہ بارہ بجے تک تن تنہا کسی کافی شاپ یا ریستوران میں بیٹھی رہتی۔ کتنا اچھا لگتا ہے کہ آپ عام سے، بے ترتیب حلیے میں کہیں گھوم پھر رہے ہوں، لیکن کوئی آپ کو گھورے اور نہ ہی آپ کی طرف متوجہ ہو۔ ان ملکوں کی اچھی بات یہ ہے کہ ہر کوئی اپنے کام سے کام رکھتا ہے۔ خیال آتا ہے کہ اپنے کام سے کام رکھنے والی عادت اور رویہ پاکستانیوں میں بھی آجائے تو زندگی کس قدر آسان ہو جائے۔

بیرون ملک جائیں تو قانون اور قواعد و ضوابط کی پاسداری اچھی لگتی ہے۔ ہم جیسے بھی وہاں جا کر مہذب ہو جاتے ہیں۔ پاکستان میں ہمیں معلوم ہی نہیں ہوتا کہ سڑک پر زیبرا کراسنگ بھی کوئی شے ہے۔ پیدل چلنے والوں کے بھی حقوق سے ہم ناآشنا ہوتے ہیں۔ کتنا اچھا لگتا ہے کہ پیدل چلنے والوں کے لئے مخصوص سبز بتی جلتے ہی آپ سڑک عبور کرنے لگیں اور تمام گاڑیاں رک کر آپ کو گزرنے دیں۔ پاکستان میں تو خیر پیدل چلنے کے مواقع کم کم ہی ملتے ہیں۔ تاہم کسی دوسرے ملک جاؤں تو مجھے ٹیکسی وغیرہ کے بجائے گھنٹوں پیدل چلنا بے حد پسند ہے۔ عام طور پر پاکستان میں مجھے راستے سمجھنے اور یاد رکھنے میں نہایت مشکل کا سامنا رہتا ہے۔ کسی نئی جگہ آنے جانے کیلئے مجھے ہمیشہ کسی دوسرے پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ تاہم عجیب بات ہے کہ ملک سے باہر راستے سمجھنے کی میری حس ٹھیک ٹھاک کام کرنے لگتی ہے۔ میں نت نئے گلیوں بازاروں میں گھومتی رہتی ہوں۔ اور یہ بات بھول جاتی ہوں کہ میں راستے بھولنے کی عادی ہوں۔ باکو میں بھی میں کوئی راستہ نہیں بھولی۔ کوئی نہ کوئی اشارہ یا نشان یاد کر کے میں نے اپنے مطلب کے شاپنگ مالوں، ریستورانوں، دکانوں، جگہوں سے واقفیت حاصل کر کے وہاں آٹھ دس دن گزارے۔ یہاں کا فن تعمیر جدت اور روایت کے امتزاج کی منہ بولتی تصویر ہے۔ دیگر ملکوں ہی کی طرح یہاں بھی بڑے بڑے عالیشان گھر نظر آتے ہیں۔ جو یقیناً امیر لوگوں کے ہوں گے۔ مڈل کلاس لوگوں کے معمولی اور عام سے گھر بھی جا بجا دکھائی دیتے ہیں۔ یعنی امیر غریب کی تفریق ہر جگہ موجود ہے۔ یہاں کے لوگ خوبصورت ہیں۔ دیگر ممالک ہی کی طرح یہاں بھی پاکستانیوں نے آذری خواتین سے کاغذی اور حقیقی شادیاں کر رکھی ہیں۔ پتہ چلا کہ آذری خواتین پاکستانی مردوں کو پسند کرتی ہیں۔ آذری بچے بھی خوبصورت ہیں۔ ویسے تو جب سے میں ماں بنی ہوں، مجھے سارے بچے، رنگ و نسل سے قطع نظر، ایک جیسے لگتے ہیں۔ پیارے پیارے، معصوم، پھولوں جیسے۔ مجھے ان بچوں میں پاکستانی بچوں کی مشابہت دکھائی دی۔ ان بچوں کو دیکھ کر مجھے اپنی حمنہ، حفصہ کی یاد آتی رہی۔ یہاں گھومنے پھرنے کی اچھی جگہیں موجود ہیں۔

بھارت کی روس سے سستے تیل کی درآمد اور ٹرمپ کی دھمکی

بیداری

رجنیش کمار

نارتھ اٹلانٹک ٹریٹی آرگنائزیشن (نیٹو) کے سیکریٹری جنرل مارک روٹ نے چین، برازیل اور انڈیا سے کہا ہے کہ وہ یوکرین میں جنگ روکنے کے لیے روس پر دباؤ ڈالیں ورنہ امریکی پابندیوں کے لیے تیار رہیں۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اگر آئندہ 50 دنوں میں یوکرین کی جنگ پر کوئی امن معاہدہ نہ ہوا تو روس کو بھاری محصولات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ ٹرمپ نے روس سے تیل کی درآمد کرنے والے ممالک پر 100 فیصد اضافی محصولات عائد کرنے کا عندیہ دیا ہے۔ روٹ نے بدھ کو کہا تھا کہ 'انڈیا، چین اور برازیل کو ولادیمیر پوتن کو فون کرنا چاہیے اور ان سے کہنا چاہیے کہ وہ امن مذاکرات کے لیے سنجیدہ ہو جائیں۔ اگر ایسا نہیں ہوا تو ان تینوں ممالک کو اس کے سنگین نتائج بھگتنا ہوں گے۔' مارک روٹ کے اس انتباہ پر انڈیا کی وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے جمعرات کو کہا کہ توانائی کی حفاظت انڈیا کی ترجیح ہے۔

مسٹر جیسوال نے کہا کہ 'تیل کی درآمد کے معاملے میں ہم مارکیٹ اور عالمی حالات سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ ہم اس معاملے میں کسی بھی قسم کے دوہرے معیار کے خلاف متنبہ کر رہے ہیں۔' روٹ کے تبصرے کے ایک دن بعد انڈیا کے پیٹرولیم وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ 'ہم کسی قسم کے دباؤ میں نہیں ہیں۔ اگر روس سے تیل کی درآمد متاثر ہوتی ہے تو انڈیا کو تیل کی سپلائی کے حوالے سے کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا کیونکہ ہماری تیل کی سپلائی کسی ایک ملک پر منحصر نہیں ہے۔' وزیر پیٹرولیم ہردیپ پوری نے نئی دہلی میں منعقدہ انرجی ڈائیلاگ 2025 میں کہا کہ 'ہم اس پورے معاملے پر کسی بھی طرح سے پریشان نہیں ہیں۔ اگر کچھ ہوا تو ہم اسے سنبھال لیں گے۔ تیل کی فراہمی میں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔' انڈیا اور چین روسی خام تیل کے سب سے بڑے درآمد کنندگان ہیں۔ انڈیا اپنی ضرورت کا 88 فیصد تیل درآمد کرتا ہے۔ وہ روس سے تیل کی کل درآمدات کا 38 فیصد خرید رہا ہے۔ فروری سنہ 2022 میں یوکرین پر روس کے حملے سے پہلے انڈیا کی روس سے تیل کی درآمدات دو فیصد سے بھی کم تھیں۔ روس نے انڈیا کو اپنے تیل کی درآمد پر رعایت دی اور انڈیا کی ریفائنری کمپنیوں نے اس سے فائدہ اٹھانے میں دیر نہیں کی۔

اس سے قبل صدر بائیڈن کے دور میں بھی انڈیا پر روس سے تیل کی درآمدات روکنے کے لیے دباؤ تھا، لیکن مودی حکومت اس وقت مغرب کو بہت جارحانہ انداز میں جواب دے رہی تھی۔ لیکن ٹرمپ اپنی دوسری میعاد میں انڈیا کے معاملے میں زیادہ جارحانہ نظر آ رہے ہیں۔ ٹرمپ نہ صرف انڈیا کو روس سے تیل خریدنے پر خبردار کر رہے ہیں بلکہ برکس کے بارے میں بھی مسلسل متنبہ کر رہے ہیں۔ ٹرمپ کو لگتا ہے کہ برکس (برازیل، انڈیا، روس، چین، جنوبی افریقہ) امریکی تسلط کو چیلنج کرنے والا ایک گروپ ہے۔ ٹرمپ نے برکس ممالک پر الگ سے ٹیرف لگانے کی دھمکی دی ہے۔ دوسری جانب امریکی سینیٹرز روس سے تیل خریدنے والے ممالک پر 500 فیصد ٹیرف لگانے کے بل پر کام کر رہے ہیں۔

دہلی کی جواہر لعل نہرو یونیورسٹی کے سینٹر فار رشین اینڈ سینٹرل ایشین سٹڈیز کے اسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر راجن کمار کا کہنا ہے کہ انڈیا پر دباؤ بڑھ گیا ہے اور اس دباؤ کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ڈاکٹر راجن کمار نے کہا کہ 'انڈیا کو دو چیلنجز کا سامنا ہوگا۔ اگر روس سے تیل کی درآمد بند ہو گئی تو انڈیا کو سستا تیل نہیں ملے گا، اس کے علاوہ بین الاقوامی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں بڑھیں گی، اس کا مطلب ہے کہ انڈیا کو مہنگا تیل خریدنا پڑے گا لیکن معاملہ صرف تیل کا نہیں ہے، امریکہ کہہ رہا ہے کہ انڈیا روس کے ساتھ تجارت بھی بند کر دے، ایسی صورت حال میں انڈیا کی دفاعی سپلائی کا کیا ہوگا؟ میرا خیال ہے کہ انڈیا امریکہ کا یہ دباؤ پوری طرح سے قبول نہیں کرے گا۔' انڈیا اگر امریکی دباؤ کے سامنے جھک گیا تو روس کے ساتھ اس کے تعلقات پر کیا اثر پڑے گا؟ ڈاکٹر راجن کمار کا کہنا ہے کہ 'اگر ٹرمپ کی دھمکی حقیقت میں بدلی تو انڈیا کے لیے مشکلات بڑھ جائیں گی۔ جہاں تک روس کا تعلق ہے، میں سمجھتا ہوں کہ وہ انڈیا کی مجبوری کو سمجھتا ہے لیکن انڈیا کے سامنے چین بھی ہے اور چین امریکی دھمکیوں کے سامنے نہیں جھکے گا۔' 'تجارتی ہتھیار،' ٹرمپ سے مایوسی اور روس: کیا انڈیا چین سے تعلقات بہتر کرنے کی کوشش کر رہا ہے؟ انھوں نے مزید کہا: 'چین نے ٹرمپ کی ہر دھمکی کا جواب دیا اور ٹرمپ خود تجارتی معاہدہ کرنے پر مجبور ہوئے۔ یعنی ٹرمپ اپنے دوستوں کے ساتھ سختی کے ساتھ پیش آ رہے ہیں لیکن جو انھیں ان کی زبان میں جواب دے رہے ہیں اس سے سمجھوتہ کر رہے ہیں۔ لیکن انڈیا چین نہیں ہے۔ چین نے نایاب زمینی معدنیات اور سیمی کنڈکٹرز کی سپلائی روک دی تھی۔' یہ خدشہ پہلے ہی موجود تھا کہ روس کا چین پر انحصار بڑھ رہا ہے۔ ایسے میں اگر انڈیا امریکی دباؤ کے سامنے جھکتا ہے تو کیا یہ چین کے حق میں جائے گا؟

ڈاکٹر راجن کمار کہتے ہیں: 'ظاہر ہے چین پر روس کا انحصار مزید بڑھے گا اور یہ انڈیا کے لیے کسی بھی طرح اچھا نہیں ہے۔ روس کے پاس اب چین کا کوئی متبادل نہیں ہے۔ روس کی کل تیل کی برآمدات کا 47 فیصد چین جا رہا ہے۔' اس کے باوجود چین مکمل طور پر مغرب مخالف نہیں ہو سکتا کیونکہ مغرب کے ساتھ چین کی تجارت بہت زیادہ ہے۔ روس سے تمام تر قربت کے باوجود چین نے روس کو دفاعی سامان فراہم نہیں کیا۔'

روس میں انڈیا کے سابق سفیر اور سابق سیکریٹری خارجہ کنول سبل نے سوشل میڈیا سائٹ ایکس پر مارک روٹ کے بیان کو دوبارہ پوسٹ کرتے ہوئے لکھا: 'نیٹو اب انڈیا کو دھمکی دے رہا ہے۔ نیٹو کے سربراہ نے چین سے پہلے انڈیا کا ذکر بھی کیا ہے۔ انڈیا، چین اور برازیل کو دھمکیاں دے کر نیٹو کے سربراہ صرف جغرافیائی سیاسی گہرائی سے لاعلمی کا اظہار کر رہے ہیں۔' سبل نے لکھا ہے کہ 'کیا نیٹو ان تینوں ممالک کو بھی ہدایت دے گا؟ نیٹو کے سیکریٹری جنرل کو اس بات کا احساس نہیں کہ اس طرح کی وارننگ کا کیا اثر ہوگا۔ ترکی روس سے بڑی مقدار میں تیل درآمد کرتا ہے۔ ترکی نیٹو کا رکن ہے۔ کیا نیٹو کے سیکریٹری جنرل ترکی پر بھی پابندیاں عائد کریں گے؟ نیٹو اپنی سہولت کے مطابق ترکی کے معاملے پر خاموش ہے۔' کنول سبل نے لکھا ہے کہ 'یورپی یونین اب بھی اپنی تیل کی ضروریات کا سات فیصد روس سے درآمد کرتی ہے۔ کیا ہنگری اور سلوواکیہ پر بھی پابندیاں لگائی جائیں گی؟ یہ دونوں ممالک نیٹو کے بھی رکن ہیں، مارک روٹ نے اس پر بھی خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ یہ طاقت کے بل پر کیا جانے والا دھوکہ اور فریب ہے۔ نیٹو کو باضابطہ طور پر ہمیں جواب دینا چاہیے تاکہ ٹرمپ کو بھی پیغام پہنچے۔' "ٹرمپ یوکرین میں جنگ روکنا چاہتے ہیں لیکن پوتن تیار نہیں۔ اب ٹرمپ براہ راست روس کو نشانہ بنانے کے بجائے ان ممالک کو نشانہ بنا رہے ہیں جو روس سے تیل خرید رہے ہیں۔ چین اور انڈیا دنیا کی دو اہم معیشتیں ہیں۔ بین الاقوامی توانائی ایجنسی کے مطابق روس نے گذشتہ سال خام تیل کی برآمدات سے 192 بلین ڈالر کمائے۔ ٹرمپ اس آمدنی کو نشانہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن اس کا اثر صرف روس تک محدود نہیں رہے گا۔

کشمیر میں بھارتی جمہوریت کی سربریدہ لاش

گرداب

عارف بہار

Arifbahar@hotmail.com

گزشتہ دہائی میں جب کشمیر میں عوامی مزاحمت کی ایک تحریک چل رہی تھی تو برسوں سے نظر بند کشمیری راہنما سید علی گیلانی کی اپنے گھر میں ایک وڈیو وائرل ہوئی تھی۔ سید علی گیلانی احتجاجی مظاہرین میں شامل ہونے کے لیے گھر سے نکلنا چاہتے تھے مگر باہر موجود پولیس اہلکاروں نے گیٹ کو تالا لگا رکھا تھا اور وہ ایک دریچے سے اہلکاروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہہ رہے تھے کہ یہ تمہاری جمہوریت کا جنازہ ہے، دنیا تمہاری جمہوریت کی لاش دیکھ رہی ہے۔ برسوں بعد کشمیر میں بظاہر جمہوریت بحال ہو چکی ہے۔ کشمیر کی سب سے پرانی جماعت نیشنل کانفرنس کے عمر عبداللہ وزیر اعلیٰ منتخب ہو چکے ہیں، اور اس بار کے انتخابات میں کشمیری عوام کی رائے کسی حد تک شامل ہے کیونکہ کشمیری عوام نے 5 اگست 2019ء کو کشمیر کی خصوصی شناخت ختم کرنے کے ردعمل میں بھارتیہ جنتا پارٹی اور اس کے ہم نواؤں اور پراکسی اتحادیوں کو مسترد کر کے نیشنل کانفرنس کو ایک کشمیری جماعت ہونے کی بنا پر بڑے چاؤ سے ووٹ دیے، یوں عمر عبداللہ کی حکومت پہلی بار کشمیری عوام کی مقبول سوچ کی پیداوار اور آئینہ دار ہے۔ اس کے باوجود عمر عبداللہ بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئے ہیں۔ دہلی کے حکمران حسب روایت ان پر اعتماد کرنے کو تیار نہیں، دوسرے لفظوں میں انہیں کشمیری عوام کی رائے کے احترام میں چنداں دلچسپی نہیں۔ عمر عبداللہ برسر عام اپنی بے اختیاری اور بے بسی کا رونا روتے نظر آتے

اور عمر عبداللہ مسلمانوں کی ترجمانی کر رہے ہیں، جس کا مقصد ریاست میں جموں اور وادی، اور مسلم اور غیر مسلم کی تقسیم کو گہرا کرنا اور اس ریاست کے مزید حصے بخرے کرنے کی بنیاد رکھنا ہے۔ بھارت اس مسئلے کی ایسی مائیکرو مینجمنٹ کر رہا ہے کہ حقیقی مسئلہ کشمیر وادی کے کشمیری اسپیکنگ مسلمانوں کا درد سر بن کر رہ جائے۔ وہ اس طویل اور ہمہ جہتی تنازعے سے پہاڑی، گوجری اور بکروال کے نام پر مسلمانوں کی نمائندگی اور شراکت مزید کم کرنا چاہتا ہے۔ اسی لیے تاریخ میں پہلی بار اب جموں و کشمیر میں یوم شہدائے کشمیر منانا بھی ممنوع قرار پا چکا ہے۔ یہ دن 1931ء کے ان شہدا کی یاد میں منایا جاتا ہے جو سری نگر سینٹرل جیل کے سامنے ایک مقدمے کی سماعت کے موقع پر اذان دیتے ہوئے شہید کیے گئے تھے۔ اس وقت کشمیر پر جموں سے تعلق رکھنے والے ڈوگرہ ہندو مہاراجا ہری سنگھ کی حکومت تھی اور شہید ہونے والے تمام افراد کا تعلق مسلمان آبادی اور وادی کشمیر سے تھا۔ اس لیے سخت گیر ہندو ذہنیت کو یوم شہدائے کشمیر سے ایک خوف سا محسوس ہوتا ہے۔ پانچ اگست کے بعد جب طاقت اور فیصلہ سازی کے مراکز اور سوچ کے انداز اور زاویے یکسر تبدیل ہو چکے ہیں، یوم شہدائے کشمیر منانے پر عملی طور پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس کا آغاز اس دن کی تعطیل کی منسوخی سے ہوا تھا جس کے بعد لوگوں نے ذاتی حیثیت میں مزار شہدا پر جا کر ان کی یاد منانے کی کوشش کی، مگر یہ کوشش بھی انتہا پسند ہندو ذہنیت کو گوارا نہ ہوئی، اور اس ساری سرگرمی کو ممنوع قرار دیا گیا۔ اس بار عمر عبداللہ کی حکومت نے سرکاری طور پر یوم شہدائے کشمیر منانے کی کوشش کی مگر دہلی کے فیصلہ سازوں نے اس کوشش کو جس بری طرح ناکام بنایا اس سے

تحریک اور تاریخ

خیالات

رسول بخش رئیس

عنوان دیکھتے ہی آپ میرا مطلب سمجھ گئے ہوں گے کہ اب چالاک دنیا میں بے شک کوئی حرف کی پہچان نہ رکھتا ہو وقت کے تھپیڑوں نے کسی کو بھی بھولا بادشاہ نہیں رہنے دیا۔ وہ کسی اور زمانے میں ہوا کرتے تھے۔ ایک 'تحریک' جو ایک سیاسی جماعت کا نام ہے' اس کا اب کام ہی تحریک چلانا رہ گیا ہے۔ ویسے بھی وہ ایک تحریک کی صورت سیاسی میدان میں اتری تھی کہ سیاست اور ریاست پر چند موروثی خاندانوں اور ان کے وڈیروں کا قبضہ چھڑایا جائے' سب کو انصاف ملے' ملک کو ایک نئی سمت میں اور نئے قالب میں ڈھال کر اسے پرامن' خوشحال اور طاقتور بنایا جائے۔ دوسروں کے منشور بھی کبھی انقلابی اور پرکشش نعروں سے خالی نہ تھے۔ اس تحریک کے بانی نہ تو مارکسیت پر یقین رکھتے ہیں اور نہ ہی اشتراکیت کی طرف بھی رجحان رہا ہے مگر مارکس کی سوچ غیر مارکسی سیاست اور سماجی تحریکوں میں بھی تضادات پیدا کرنے' ان میں چمک اور

عوام کی وہ قیادت' جو وزرائے اعلیٰ اور وزرائے اعظم کی گنتی پوری کرنے کے لئے ہر انتخابی حلقے میں اکثر موروثی سیاسی گدیوں پر انگریز دور سے اب تک موجود ہے' وہ لین دین کی سیاست کے علاوہ کچھ اور نہیں جانتی۔ بات تو سب عوام کی کرتے رہے مگر بھٹو صاحب کو اقتدار سے ہٹانے کے بعد اور اس سے پہلے انتخابی سیاست حلقہ جاتی سیاسی گھرانوں کے ہاتھوں میں کھیلتی کودتی رہی ہے۔ درمیان میں کچھ مذہبی سیاسی جماعتیں' اپنی شخصیت

دیا کہ ملک چھوڑ کر بھاگ جائیں' مگر اصل بندہ اندر ہی رہا۔ ہر سال نیا پاکستان بنتا ہی چلا گیا۔ مگر وقت کے دھارے میں دوائیوں کی شیشیوں پہ لکھی تاریخ اختتام غیر متوقع طور پر آگے کر دی گئی۔ بنتی بگڑتی موروثی سیاست کے کھیل تماشے میں عمران خان صاحب بھی نیا پاکستان بنانے کی غرض سے آگے بڑھے۔ فلاحی کاموں اور کھیل کے میدان میں بے مثال کارکردگی' کرشماتی شخصیت اور ملکی سیاسی فضا کے جمود میں نئے چہرے کی کشش نے کھڑے سیلابی پانی میں لہریں پیدا کرنی شروع کیں۔ بعد از مشرف مارشل لاء انتخابات میں اکلوتی نشست ایوان میں تو لی گئی مگر انصاف کی تحریک کا موازنہ استحکام کی تاریخ اور مرحوم اصغر خان سے ہونے لگا۔ اگلے انتخابات میں نمایاں

سرپرستی میں بھی اضافہ ہوتا گیا۔ اس تعاون کی بدولت تحریک کا رخ بھی عوام سے اٹھنے والی حقیقی قیادت' جس میں نمایاں کامیابیاں نظر آ رہی تھیں' سے ہٹ کر قابل انتخاب گھرانوں کی طرف ہو گیا۔ نیا پاکستان بنانے کی پرانی سیاست بھی اپنے آپ کو دہرانے لگی۔ 2018ء کے انتخابات میں میرا خیال ہے کہ عوام نے پرانے کھلاڑیوں کو بانی سے خوش فہمی اور اس کی قیادت سے متاثر ہو کر قبول کیا' لیکن ان کے مخالفین منتخب ہونے کا تاثر پیدا کرنے میں کامیاب رہے۔ بانی کے اقتدار کے ساڑھے تین سال ملک میں استحکام نہ لا سکے۔ سب وعدے پنجاب میں بزداری کی بزداریوں' ملک میں کئی رنگ باز اور عجیب و غریب دھندوں اور ناقابل فہم اقدامات' اور کشمکش کی دہلیز پر دم توڑنے لگے۔ ہمارے سیانے ویسے تو بہت کچھ کہہ گئے ہیں مگر جو اقتدار کے گھوڑے کی سواری میں نشے کی باتیں ہیں وہ سب افلاطونوں کو پیچھے چھوڑ گئیں۔

پی ٹی آئی کا داخلی بحران

تجزیہ

سلمان عابد

پاکستان کی سیاست ہمیشہ سے محاذ آرائی، ٹکراؤ اور تناؤ کا شکار رہی ہے، اور کسی کی حمایت اور مخالفت کی بنیاد پر اس لڑائی کو ہمیشہ برقرار رکھا گیا ہے۔ کیونکہ سیاست جب عوامی اور ریاست سے جڑے اہم مسائل پر نہیں ہوتی تو پھر سیاست کے نام پر ایک ایسی طرز کی سیاست کو تقویت دی جاتی ہے جو لوگوں کو تقسیم کرنے اور ان میں ٹکراؤ پیدا کرنے کا سبب

چودھری اور عمر سرفراز چیمہ کے اس تحریری خط کو بھی مسترد کر دیا ہے جس میں انہوں نے بانی پی ٹی آئی

ہائبرڈ سسٹم کیسے کام کرتا ہے؟

تاثرات



سید مجاہد علی

ڈی ایم جمالی یو این او ڈی سی اور نیکٹا کے تعاون سے ثقافتی و آگاہی سیمینار کا انعقاد

بنیادی مقصد نوجوان نسل کو منفی رجحانات سے بچا کر امن رواداری، ثقافتی ہم آہنگی کی جانب راغب کرنا تھا

سیمینار میں قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی قائدین، اساتذہ، طلبہ و طالبات، سول سوسائٹی و دیگر نے شرکت کی

نصیرآباد (نامہ نگار) برائٹ اسٹار ڈیولپمنٹ سوسائٹی بلوچستان (BSDSB) نے اقوام متحدہ کے دفتر برائے منشیات و جرائم (UNODC) اور نیکٹا کے تعاون سے ڈیرہ مراد جمالی میں ایک روزہ بامقصد اور رنگارنگ ثقافتی و آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا جس کا بنیادی مقصد نوجوان نسل کو شدت پسندی انتہا پسندی اور منفی رجحانات سے بچاتے ہوئے امن رواداری برداشت اور ثقافتی ہم آہنگی کی جانب راغب کرنا تھا سیمینار میں نصیرآباد ڈویژن کے مختلف اضلاع بشمول جعفرآباد، صحبت پور، جھل مگسی، کچھی، اور اوستہ محمد سے تعلق رکھنے والے قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی قائدین، اساتذہ، طلبہ و طالبات، سول سوسائٹی نمائندگان اور قومی و بین الاقوامی اداروں کے وفود نے بھرپور شرکت کی تقریب کے دوران تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات کے درمیان تقریری مقابلے، تھیٹر ڈرامے (ٹیبلو)، اور بین المذاہب ہم آہنگی پر پینل ڈسکشن کا انعقاد کیا گیا، جن میں نوجوانوں نے نہایت موثر انداز میں شدت پسندی کے ...

نصیرآباد، پروفیسر محمد ابراہیم سیمینار کے اختتام پر فیلڈ آفیسر محمد ایوب بلیدی کو شیلڈ دے رہے ہیں

10 فیصد ایڈہاک میں اضافے کو مسترد کرتے ہیں ملازمین اتحاد ہرنائی

ہرنائی (اے این این) ملازمین کے تنخواہوں میں 10 فیصد ایڈہاک اضافہ اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے۔ مہنگائی کے تناسب سے اضافہ ملازمین کا حق ہے۔ آل ملازمین ضلع ہرنائی کے تمام ملازم تنظیموں پر مشتمل ملازمین کی نمائندہ تنظیم ہے۔ آل ملازمین اتحاد ہرنائی کیا یک بیان میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے۔ کہ 30 فیصد ڈسپیرٹی الاؤنس کی منظوری کا فوری طور پر نوٹیفیکیشن اجرا کیا جائے۔ 10 فیصد ایڈہاک ریلیف سے ملازمین کے مسائل حل نہیں ہونگے۔ آل ملازمین اتحاد ہرنائی ضلع کے تمام ملازم تنظیموں پر مشتمل نمائندہ تنظیم ہے۔ جو ملازمین کے حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد میں ہر اول ...

ریکوڈک منصوبے میں مقامی افراد کو ترجیح دی جائے، نوجوانوں کا مطالبہ

بے روزگار نوجوان کی امیدیں صرف ریکوڈک مائننگ منصوبے سے وابستہ ہیں

لسبیلہ، بزنگ ٹاپ پر خوفناک حادثے کا شکار، ریسکیو آپریشن جاری

... گہری کھائی میں جا گرا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں ڈرائیور ٹرک کے کیبن میں بری طرح پھنس گیا ہے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 رسلان اسٹیشن کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور ڈرائیور کو نکالنے کے لیے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ حادثے کی شدت کے پیش نظر امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

اوستہ محمد، صوبائی وزیر فیصل خان جمالی سے صحافی عبدالستار ترین محمد حنیف بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

نئے ضلع کا بننا خالص انتظامی معاملہ ہے، پشین بچاؤ تحریک

اپنے جائز برحق اور اصولی موقف سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے

پشین (پ ر) پشین بچاؤ تحریک کا اہم اجلاس تحریک کے چیئرمین ملک لطف اللہ ترین کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں ضلع پشین میں امن وامان اور دوسرے مسائل کے علاوہ ضلع پشین میں نئے بننے والے ضلع کاریزات برشور سے متعلق رکاوٹوں اور کیس کی صورتحال پر غور کر کے یہ واضح کیا گیا۔ کہ نئے ضلع کا بننا خالص انتظامی معاملہ ہے۔ اور ضلع پشین کی آبادی زیادہ ہونے کی وجہ سے 21 نومبر 2022 کے نوٹیفیکیشن کے مطابق ضلع کاریزات برشور کا بننا انتہائی ضروری ہے۔ پشین میں رہنے والے تمام اقوام کے لوگ ہمارے بھائی ہیں۔ اور ضلع علیحدہ ہونے کے بعد بھی ہمارے بھائی رہیں گے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پشین بچاؤ تحریک اپنے جائز برحق اور اصولی موقف سے کسی حالت میں پیچھے نہیں ہٹے گی۔ اور 21 نومبر 2022 کے قانونی نوٹیفیکیشن کی بحالی کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

ضلع اوستہ محمد میں اجتماعی اسکیمات کو ترجیح دی گئی ہے، فیصل خان جمالی

اداروں کو ایمرجنسی کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے الرٹ جاری، ٹیل کے کاشتکاروں کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے

سیلاب کے خطرات کے پیش نظر اوستا محمد و گنداخہ کی آبادی کو محفوظ بنانے کیلئے بچاؤ بند کی تعمیر کو یقینی بنایا جا رہا ہے، گفتگو

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ مون سون بارشوں اور سیلاب کی خطرات کے پیش نظر اوستا محمد و تحصیل گنداخہ کی آبادی والے علاقوں کو محفوظ کرنے کے لیے بچاؤ بند کی تعمیر کو یقینی بنایا جا ... عوام کی خدمت کے لیے سیاسی میدان میں آئے ہیں اور عوام کو ہرگز مایوس نہیں کریں گے اور تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا کر حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کریں گے ... حکومت مون سون بارشوں اور سیلاب کی خطرات سے نمٹنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروکار لائے گی ان کا کہنا تھا کہ ضلع اوستا محمد میں ایمرجنسی کی صورت میں غیر سرکاری اداروں کو بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا اور ضلعی انتظامیہ کی ...

خضدار، ٹاؤن شپ میں فائبر آپٹک کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے، بکین

پی ایم پی ٹی سی ایل کی جانب سے ٹاؤن شپ کو نظرانداز کرنا قابل افسوس ہے

پٹرول کی قیمت بڑھتے ہی کاروباری مراکز میں تباہی کی طرف گامزن

... پر مہنگائی کا بوجھ ڈال دیا ہے ان کا کہنا تھا کہ پہلے ہی اشیائے خورد و نوش ٹرانسپورٹ اور دیگر بنیادی ضروریات کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں

قبائلی جھگڑوں نے کینسر کی شکل اختیار کر لی ہے، مولانا عبداللہ جتک

اوستہ محمد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبر اور قائد نصیرآباد مولانا عبداللہ جتک کی سربراہی میں ایک اہم جرگہ منعقد ہوا، جس میں تھیو قبیلے کے دو طاقتوں کے درمیان زمین کے دیرینہ تنازع کا پرامن حل نکالا گیا۔ تقریباً 33 سال سے جاری اس اراضی تنازعے نے دونوں فریقین کے درمیان شدید کشیدگی اور رنجش پیدا کر دی تھی، جو وقت کے ساتھ مزید بڑھتی چلی جا رہی تھی۔ بالآخر دونوں فریقین نے باہمی رضامندی اور خوشی کے ساتھ قائد مولانا عبداللہ جتک سے ثالثی کی اپیل کی۔ جس پر قائد نصیرآباد نے اس موقع پر سید کاشف علی شاہ جیلانی اور میر شاہنواز خان تھیو کو بطور مشیر مقرر کیا، جن کی موجودگی میں فریقین کے بیانات سنے گئے اور تمام شواہد و دستاویزات کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ طویل غور و خوض کے بعد مولانا عبداللہ جتک نے فریقین کے مابین صلح کا فیصلہ سنایا

نوکنڈی پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے نرخنامہ جاری نہ ہو سکا شہر میں مہنگائی کا طوفان

اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں چھوٹے گوشت کی قیمت 2200 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے

مرغی کا گوشت 950 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے، سبزیاں اور پھل عام شہری کی پہنچ سے دور ہوتے جا رہے ہیں

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) نوکنڈی میں ماہ رمضان کے بعد سے تاحال پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے کسی قسم کا نرخنامہ جاری نہیں کیا گیا ہے۔ جس کے باعث شہر میں مہنگائی کا طوفان برپا ہے، اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں بکری کے گوشت کی قیمت 2200 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے جبکہ مرغی کا گوشت 950 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے۔ سبزیاں اور پھل عام شہری کی پہنچ سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ دالیں، چینی، چاول اور گھی بھی ایسی اشیاء بن چکی ہیں جو اب صرف متوسط طبقے کے لیے خواب بنتی جا رہی ہیں۔ اگرچہ آٹے کی قیمتوں میں حالیہ دنوں میں کچھ کمی واقع ہوئی ہے، مگر نانبائیوں نے روٹی کی قیمتوں میں کوئی کمی نہیں کی۔ روٹی آج بھی عوام کو مہنگے داموں مل رہی ہے شہریوں کا مطالبہ ہے کہ ضلعی انتظامیہ فوری طور پر پرائس کنٹرول کمیٹی کو فعال کرے اور ہر ماہ باقاعدہ نرخنامہ جاری کرے تاکہ بے لگام مہنگائی پر قابو پایا جا سکے۔

میرٹی اڈہ، پیپلز پارٹی کے نومنتخب صوبائی جنرل سیکرٹری غلام ربانی خان کاکڑ کو مولانا حاجی محمد صدیق عبدالواسع کاکڑ سعد اللہ پہلوان احمد شاہ ماسٹر محمد نسیم اصغر خان کاکڑ زئی منصور خان تیمور شاہ محمد ابراہیم کاکڑ و دیگر علاقے کے معززین مبارکباد دے رہے ہیں

ضلعی انتظامیہ پی پی ایچ آئی سے تعاون جاری رکھے گی، جمیل بلوچ

ڈاکٹرز اور دیگر اسٹاف اپنی حاضریاں یقینی اور اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں

قلات (ن ن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن جمیل بلوچ کے زیر صدارت پی پی ایچ آئی کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ ڈی ایچ او ڈاکٹر ابراہیم بلوچ ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی سمیت قلات کے تمام بیسک ہیلتھ یونٹس کے انچارج صاحبان نے شرکت کی۔ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کو پی پی ایچ آئی قلات کی کارکردگی بی ایچ یوز کی تعداد اور بیسر و مڑنی ایچ یوز میں اسٹاف کی تعداد ... کیکام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر جمیل احمد بلوچ نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بی ایچ یوز کے صفائی ستھرائی دیکھ بال کرنا اور لوگوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنا آپ لوگوں کی ذمہ داری ہے۔ ڈاکٹرز اور دیگر اسٹاف اپنی حاضریاں یقینی بنائیں اپنے پیشے سے مخلص رہیں اور اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں بہتر کارکردگی پیش کرنے والے ملازمین کی ہر طرح سے حوصلہ افزائی کی جائیگی لوگوں کی امیدیں آپ لوگوں ...

نصیرآباد، امن نام کی کوئی چیز نہیں عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں، سکندر عمرانی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سابق صوبائی وزیر میر سکندر علی خان عمرانی نے کہا ہے نصیرآباد اور ڈیرہ مراد جمالی میں بدامنی لوٹ مار ڈکیتیوں کی دن دھاڑے وارداتیوں سے ہندو تاجر برادری اور شہری سخت پریشان ہیں امن نام کی کوئی چیز نہیں عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں پولیس تاجر برادری اور شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کرنے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ امن قائم کرے عوام کو تحفظ فراہم کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں نصیرآباد اور ڈیرہ مراد جمالی سے ... کہا کہ بدامنی کا یہ عالم ہے ڈیرہ مراد جمالی شہر کے اندرون دھاڑے دو وارداتیں ہندو تاجر برادری کو لوٹا گیا ڈکیتیوں کی وارداتوں میں تاجر برادری خصوصاً ہندو تاجر برادری کو ٹارگٹ بنانا قابل مذمت ہے اور کہا ہم اپنے عوام کے ہر دکھ سکھ میں انکے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں عوام کی ہر تکلیف اور پریشانی کو اپنی سمجھتے ہیں

لسبیلہ، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، ٹرانسفارمر کی عدم دستیابی شہری سراپا احتجاج

مظاہرین نے مین کوئٹہ کراچی مین آر سی شاہراہ کو بند کر دیا، ٹریفک کی آمد و رفت معطل

بلوں کی ادائیگی کے باوجود شدید گرمی میں بجلی منقطع کرنا، ظلم کے مترادف ہے، مظاہرین

حب (یو این اے) بیلہ میں بجلی کے بلوں میں اضافی چارجز، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور ٹرانسفارمر کی عدم دستیابی کے خلاف شہری سڑکوں پر نکل آئے۔ مظاہرین نے مین آر سی ڈی روڈ کوئٹہ کراچی ٹریفک کیلئے بند کر دیا جس سے آمد و رفت معطل ہو گئی۔ مظاہرین نے الزام عائد کیا کہ کیسکو حکام بلوں کی مکمل ادائیگی کے باوجود بجلی منقطع کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بھاری بل ادا کرنے کے باوجود علاقے سے ٹرانسفارمر اتار لیے گئے ہیں جس کے باعث بجلی کی فراہمی معطل ہے۔ مظاہرین نے شدید گرمی میں بجلی کی بندش کو ظلم قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر ٹرانسفارمر بحال کیے جائیں اور اضافی بل ختم کیے جائیں۔

ڈسٹرکٹ امن جرگہ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت ڈی سی منعقد ہوا

کول مائنز سیکورٹی، چیکنگ ہائی وے پر امن و امان کی صورتحال، سیکورٹی امور زیر غور آئے

بھاگ (آن لائن) ڈسٹرکٹ امن جرگہ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت ڈپٹی کمشنر بولان اچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمعداد خان مندوخیل ڈی سی آفس ڈھاڈر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کول مائنز کی سیکورٹی، چیکنگ ہائی وے پر امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے، چوری، ڈاکوں کے خلاف موثر کارروائی و دیگر سیکورٹی آپشن زیر غور آئے اجلاس کے شرکا کو ڈپٹی کمشنر بولان اچھی نے امن و امان سمیت جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اشتہاری ملزمان ڈاکوؤں کے خلاف کامیاب کارروائیوں کیلئے رابطہ کاری کو بہتر بنانے اور انکا قلع قمع کرنے کیلئے اقدامات ناگزیر ہیں۔

ڈی سی کوہلو کا سب تحصیل تمبو کے مختلف تعلیمی اداروں اور مراکز صحت کا دورہ

اسٹاف کی غیر حاضری اور تدریسی عمل میں غفلت پر ڈپٹی کمشنر کا سخت برہمی کا اظہار

... معائنہ کیا۔ تعلیمی اداروں میں اسٹاف کی غیر حاضری اور تدریسی عمل میں غفلت پر ڈپٹی کمشنر نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ تعلیم کے حکام کو غیر حاضر عملے کے خلاف فوری تادیبی کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر انہوں نے گورنمنٹ بوائز ... ڈسپنسری تمبو کا بھی معائنہ کیا جہاں انہوں نے عملے کی حاضری، طبی سہولیات اور صفائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت جاری کی کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

ڈپلیکیشن یا اوورلیپنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، الیاس کبزئی

وومن ڈویلپمنٹ کی عمارت اور بس اڈے کو بجلی کی فراہمی کے لیے کیسکو حکام کو فوری اسٹیمیٹس بنانے کی ہدایت دی گئی

منڈھائی روڈ کی مرمت کے لیے بی اینڈ آر کے قلیوں کی خدمات حاصل کی جائیں گی، ڈپٹی کمشنر کا اجلاس سے خطاب

ژوب (ن ن) ڈپٹی کمشنر ژوب میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت ضلعی کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان حکومت کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کے لیے جاری کردہ فنڈز کے موثر استعمال ... کوآرڈینیشن باڈی کو فعال بنانے جیسے اہم فیصلے کیے گئے۔ ڈی سی نے تمام محکموں کو پیر تک پی سی ون جمع کرانے کی ہدایت کی اور واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں ڈپلیکیشن یا اوورلیپنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ منڈھائی روڈ کی مرمت کے لیے بی اینڈ آر کے قلیوں کی خدمات ... رکھتا ہو تو اس پر دوبارہ بحث کی جا سکتی ہے۔ اجلاس میں سیکیورٹی و دیگر اداروں کی مشاورت سے فیصلے اور سفارشات مرتب کی گئیں۔

ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی کی تعیناتی کا خیر مقدم

پشین (این این آئی) آل پشین لیفٹیننٹ ایجنسیس ...

غلام جیلانی کی ہمشیرہ کی وفات پر اظہار تعزیت

بعدالت فیملی جج (2) صاحبہ کوئٹہ

مثل نمبر 25/...

ADVT

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 25/60

ADVT

TENDER NOTICE

The BALOCHISTAN INSTITUTE OF PSYCHIATRY &BEHAVIOURAL SCIENCE QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252607780042 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB Tender Fee Rs.1000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Industrial Cleaning Services (Total Item(s) Count: 4)	200,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 2 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR. 10 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan previous 3 (Three) years of Government Offices experience with verified completion certificate BRA Registration Certificate Undertaking by the firm that due to non-availability of funds or any other circumstances the payment is delayed the firm shall pay the salaries to the worker/personal at least for three (3) months Audit Report of firm for Financial Year 2023-24 from Chartered Accountants registered firm The service provider shall submit their work plan, duty schedule and the number of Janitorial workers for each shift that ensures the affective maintenance of hygiene in the institution Undertaking that the firm will abide by all terms and conditions of the tender. The firm must have Corporate Office in Quetta City ISO Certificate (Quality Control/Facility Management) **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 200,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 04 August, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:45 AM on EPPS System Address: Brewery Road, Quetta

Phone no: 0819213092 Fax no: 0819213094

Email: proc@bipbs.gob.pk

EXECUTIVE DIRECTOR BALOCHISTAN INSTITUTE OF PSYCHIATRY &BEHAVIOURAL SCIENCE QUETTA

PRQ No.187/18-7-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

اظہار لاتعلقی

منکہ محمد فاروق ولد محمد نواز قوم جویا ساکن محلہ حسین آباد تحصیل و ضلع اوستہ محمد کا رہائشی ہوں میرے بھائی فراز احمد سلمان اور میرا داماد محمد نواز میرے بچازاد عاشق علی بشیر احمد عزیز احمد عباس پسران علی گوہر اور بچازاد بھائی شاہ رخ ولد عاشق علی حسیر احمد ولد بشیر احمد معشوق علی ولد عاشق علی شوکت علی ولد عاشق علی قوم جویا سے علیحدہ ہوں میری رہائش شادی تھی آج جانا نہیں ہے میں ان سے لاتعلقی کا اظہار کرتا ہوں

منظور منگی نصیرآباد ......

اطلاع عام

پلاٹ نمبر 225C رقبہ 200 گز واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم اس وقت راحیل گل ولد جلال لعل کے نام پر ہے جس کی ٹرانسفر بنام محمد سکندر شفیع ولد حامد علی ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No.........61751

اظہار لاتعلقی / عاق نامہ

R.No.........61750

اعلان لاتعلقی

R.No.........61747

اطلاع عام

R.No.........61746

اطلاع عام

میرا شناختی کارڈ نمبر 5630258131118 بنام عبداللطیف ولد شیرک لورالائی میں گم ہو گیا ہے جسکو ملے 03328093588 پر اطلاع کریں

ملک امانت حسین لورالائی ......

آسامیاں (عارضی) خالی ہیں

محکمہ اسکولز ایجوکیشن حکومت بلوچستان صوبے کی تمام اضلاع کے بند اسکولوں کو کھولنے اور اسکول سے باہر بچوں کو سکولوں میں داخل کرانے اور سکولوں میں اساتذہ کرام کی کمی کو دور کرنے کیلئے محکمہ اسکول ایجوکیشن بلوچستان کی منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) کے روشنی میں محکمہ تعلیم میں اساتذہ گریڈ 14 تا 15 کی عارضی آسامیاں کو پر کرنے کیلئے ضلع آواران کے لوکل / ڈومیسائل اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں

ایم سی / یو سی وائز جنرل میرٹ خالص نشستیں

نمبر شمار	نام آسامی بمعہ گریڈ	بنیادی تعلیمی معیار
1	(JET B-15)	بیچلر ڈگری (آنرز) (ایجوکیشن میں 4 سالہ BS ایجوکیشن کسی منظور یونیورسٹی یا بیچلر ڈگری بمعہ بی۔ایڈ (B.Ed) کسی منظور یونیورسٹی سے
2	(JVT B-14)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے یا یونیورسٹی سے اور پرائمری ٹیچنگ سرٹیفکیٹ (PTC) یا ایسوسی ایٹ ڈگری (ADE) 2 سالہ ایجوکیشن میں بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed) کسی مستند ادارے سے یا بیچلر ڈگری (آنرز) ایجوکیشن (4 سالہ) کسی مستند ادارے سے

نوٹ: امیدواران کے لئے مطلوبہ پیشہ وارانہ کوائف کا حامل ہونا لازمی ہے۔ تاہم جن مخصوص یونین کونسل علاقوں میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدواران دستیاب نہ ہوں تو وہاں پر بغیر پروفیشنل والے دوسرے امیدواران کو زیر غور لایا جائے گا۔ **ضروری ہدایت شرائط وضوابط:** (1) ہر آسامی کے لئے صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) صرف آواران کے لوکل / ڈومیسائل کے حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے۔ (3) امیدوار کا گریجویٹ کم از کم سیکنڈ ڈویژن ہونا لازم اور عمر کی بالائی حد 55 سال سے زائد نہ ہو۔ (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمے کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) کے تحت ہوگی۔ بلوچستان گورنمنٹ اور اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین / پالیسی / نوٹیفیکیشن جو ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) سے متصادم ہوں، اس ریکروٹمنٹ پر قابل عمل نہ ہونگے۔ (6) آسامیاں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر آواران سے موصول شدہ معلومات کے مطابق مشتہر کی جا رہی ہیں۔ لہٰذا صرف دفاتر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق درخواست جمع کروائیں۔ (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی یونین کونسل فہرست محکمہ تعلیم اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ www.balochistan.gov.pk اور www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہوگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہوگی۔ (9) معذور کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہوگی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذور سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہوگی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو۔ (10) میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، یونین کونسل اور تحصیل کی حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مروجہ نوٹیفیکیشن 2022 کے مطابق ہوگا۔ (11) فائنل میرٹ صرف تصدیق شدہ مشتہر خالی آسامیوں کے مطابق مرتب کی جائے گی۔ نیز آسامیوں میں کمی بیشی کا اختیار محکمہ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے پاس ہوگا۔ (12) 5% (پانچ فیصد) معذور اور 5% (پانچ فیصد) اقلیتی کوٹہ حکومتی قوانین کے مطابق ضلع وار مختص ہیں۔ محکمہ تعلیم اور حکومت بلوچستان کی سائٹس www.balochistan.gov.pk اور www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (13) سلیکشن کی صورت میں امیدوار کو ضلعی سلیکشن کمیٹی کے مطابق متعلقہ تعلیمی اداروں کے تصدیق شدہ اسناد کی تصدیق شدہ (چار 04) نقول اور ایک حلفیہ بیان کہ اس کے تعلیمی و دیگر اسناد و کاغذات بوگس، جعلی یا HEC سے غیر منظور شدہ ادارے سے ہونے کی صورت میں نااہل تصور ہوگا۔ اور اسکی ملازمت بلا کسی نوٹس کے کسی بھی وقت برخاست کی جا سکے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اور اسکے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ (14) یہ میرٹ لسٹ صرف ایک مرتبہ ریکروٹمنٹ کیلئے موثر ہوگی۔ (15) شادی شدہ خواتین امیدوار صرف اپنے خاوند کے لوکل / ڈومیسائل کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کی اہل ہونگی۔ شادی شدہ خواتین امیدوار کے درخواست والد کے لوکل / ڈومیسائل پر کسی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ خاوند کے لوکل / ڈومیسائل میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں NADRA کا جاری شدہ کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ / شوہر کے نام سے منسوب شناختی کارڈ منسلک کرنا ہوگا۔ ورنہ غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت نااہل تصور ہوگی (16) امیدوار کی سکونت کا تعین (اول) اسکے لوکل / ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے پتہ (دوم) CNIC پر درج مستقل پتہ کی بنیاد پر کیا جائیگا۔ (17) محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کسی ایک یا تمام آسامیوں پر منظوری یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

آسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہیں

نمبر شمار	نام۔ یو سی / ایم سی	JET M	JET F	JVT M	JVT F	ٹوٹل M	ٹوٹل F
	میل / فیمیل	M	F	M	F	M	F
1	ایم سی آواران	0	0	2	0	2	0
2	یونین کونسل ڈوکو	0	0	1	0	1	0
3	یونین کونسل پروار	0	0	4	0	4	0
4	یونین کونسل کیپ	3	0	9	0	12	0
5	یونین کونسل دوبہ باغ	0	0	2	0	2	0
6	یونین کونسل شنڈی	0	0	19	0	19	0
7	یونین کونسل گورک	6	0	7	0	13	0
8	یونین کونسل ارواہ	0	0	2	0	2	0
	میزان	9	0	46	0	55	0
1	معذور کوٹہ (5% فیصد)	0	0	2	0	2	0
2	اقلیتی کوٹہ (5% فیصد)	0	0	2	0	2	0
	مجموعی آسامیاں	0	0	46	0	55	0

Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification Note: Marks of the Eligible Candidates shall be calculated as follows: 1) Matriculation =33% 2)Intermediate =33% 3) Graduation (Bachlers Degree) =34%	100%
Total Merit Marks	100%

نوٹ: ☆ بنیادی اہلیت کیلئے امیدواروں کے مجموعی نمبر 50% سے کم نہ ہوں۔ ☆ 50% اور زائد فیصد حاصل کرنے والے امیدوار فائنل میرٹ کیلئے تصور شمار ہونگے۔ ☆ ADE/BS(Education)/B.Ed(Hons) ڈگری اکیڈمک اور پروفیشنل دونوں تصور کئے جائینگے۔ ☆ عارضی تعیناتیوں کو جلد از جلد پر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائیگا۔ یہ عارضی تعیناتی 18 ماہ کیلئے ہوگی۔ 18 ماہ بعد بہتر کارکردگی کی بنیاد پر کنٹریکٹ کی مدت بڑھائی جا سکتی ہے۔ مذکورہ بالا تعیناتیوں کا جائے تعیناتی سے کسی دوسری جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہوسکے گا۔ امیدواران کے لئے مطلوبہ پیشہ وارانہ کوائف کا حامل ہونا لازمی ہے۔ تاہم جن مخصوص یونین کونسل علاقوں میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدواران دستیاب نہ ہوں تو وہاں پر بغیر پروفیشنل والے دوسرے امیدواران کو زیر غور لایا جائے گا۔ **درخواست دینے کا طریقہ کار:** (1) تمام خواہشمند امیدواران اپنی درخواست بمعہ تعلیمی اسناد و کاغذات کے تصدیق شدہ دو سیٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر آواران کے دفتر میں جمع کروائیں گے (2) سرکاری و نیم سرکاری خود مختار اداروں سے وابستہ ملازمین محکمانہ توسط سے درخواست ارسال کریں (3) کوئی بھی فارم آخری تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہ ہوگا ... **درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ 31 جولائی 2025ء ہے۔**

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر آواران

PRQ No197/18-07-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

سنسناٹی: ایم ایل ایس لیگ میں ایف سی سنسناٹی اور انٹر میامی سی ایف کے درمیان میچ کا منظر

بنگلا دیش نے پاکستان کیخلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز کیلئے اسکواڈ کا اعلان کردیا

سیریز کے تینوں میچز شیر بنگلا نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم ڈھاکا میں کھیلے جائیں گے

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش نے پاکستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز کیلئے اسکواڈ کا اعلان کردیا۔ پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان 3 میچز پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سیریز 20 جولائی سے شروع ہوگی۔ سیریز کے تینوں میچز شیر بنگلا نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم ڈھاکا میں کھیلے جائیں گے۔ بنگلا دیش نے پاکستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز کیلئے اپنے اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ حال ہی میں سری لنکا کے خلاف کھیلنے والے بنگلا دیش اسکواڈ کو برقرار رکھا گیا ہے۔

انڈر 16 والی بال چیمپیئن شپ، پاکستان روایتی حریف بھارت کو ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا

بھارت کے خلاف پاکستان نے یکطرفہ مقابلے کے بعد تین صفر سے کامیابی حاصل کی، جاری مقابلوں میں پاکستانی شاہین اب تک ناقابل شکست رہے ہیں

تھائی لینڈ میں جاری ایشین چیمپئن شپ مقابلوں کے کوارٹر فائنل تک پہنچنے سے قبل شاہینوں نے تینوں میچز میں فتوحات سمیٹیں، فائنل پاکستان اور ایران کے مابین کھیلا جائے گا

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) ایشین انڈر 16 والی بال چیمپئن شپ میں پاکستان نے روایتی حریف بھارت کو عبرت ناک شکست دیکر ایونٹ کے فائنل میں پہنچ گیا۔ تھائی لینڈ میں جاری ایشین چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں گرین شاہینز نے بھارتی ٹیم کی ایک نہ چلنے دی اور سیمی فائنل تین صفر سے اپنے نام کر لیا۔ پاکستان نے میچ میں پچیس سول، پچیس انیس اور پچیس بارہ سے کامیابی حاصل کی۔ پاکستان ایونٹ میں اب تک ناقابل شکست رہا ہے۔ گرین شرٹس نے حریف ٹیم کو 25-16، 25-19 اور 25-12 کے ساتھ مقابلہ اپنے نام کیا۔ چیمپئن شپ کے فائنل میں پاکستانی ٹیم کا مقابلہ ایران سے ہوگا۔ قبل ازیں قومی ٹیم نے ایونٹ میں ناقابل شکست رہتے ہوئے ابتدائی تینوں میچز میں فتوحات سمیٹ کر کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کیا تھا۔ کوارٹر فائنل میں پاکستان نے انڈونیشیا کو 0-3 سے شکست دے کر مسلسل چوتھی کامیابی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ آئندہ برس ہونے والی انڈر 17 ورلڈ چیمپئن شپ کے لیے اپنی شرکت یقینی بنالی ہے۔

وزیر اعظم کی فائنل کیلئے کوالیفائی کرنے پر پاکستانی والی بال ٹیم کو مبارکباد

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ فائنل میں پاکستانی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کرے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایشین انڈر 16 والی بال چیمپئن شپ میں فائنل کے لیے کوالیفائی کرنے پر پاکستانی ٹیم کو مبارکباد اور اظہار مسرت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس پورے ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست رہا، سیمی فائنل میں بھارت کو شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرنا انتہائی خوش آئند ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پوری قوم کو اپنے نوجوانوں پر فخر ہے، ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ فائنل میں پاکستانی ٹیم کو کامیاب کرے۔

بینکاک: ایشین انڈر 16 والی بال چیمپئن شپ میں پاکستانی ہاکی ٹیم بھارت کے خلاف میچ جیتنے کے بعد کھلاڑی جشن منا رہے ہیں

زمبابوے اور نیوزی لینڈ کے مابین پہلا ٹیسٹ میچ 30 جولائی سے شروع ہوگا

ہرارے (این این آئی) زمبابوے اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ 30 جولائی سے 3 اگست تک کوئنز سپورٹس کلب، بلاوائیو میں کھیلا جائے گا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم دورہ زمبابوے کے دوران میزبان زمبابوے کی ٹیم کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم کو مایہ ناز بلے باز ٹام لیتھم لیڈ کریں گے۔

کیسپر رڈ کا فاتحانہ آغاز، سوئس اوپن ٹینس مینز سنگلز کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے

برن (این این آئی) ناروے کے نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈڈ کیسپر رڈ اے ٹی پی سوئس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ ناروے کے 26 سالہ ٹینس سٹار کیسپر رڈ نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میچ میں عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے میزبان ٹینس کھلاڑی ڈومینک سٹیفن سٹر کو 2-0 سیٹس میں شکست دے کر ٹاپ ایٹ راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔

ہرارے: نیوزی لینڈ اور زمبابوے کے درمیان ٹی 20 میچ میں نیوزی لینڈ کے بیٹرز رنز کیلئے دوڑ رہے ہیں

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ثنا میر کے بیان کو حقائق کے منافی قرار دے

عوامی سطح پر بیان دینے سے قبل حقائق کی تصدیق کرنی چاہیے تھی، پی سی بی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے سابق ویمن کرکٹر ثنا میر کی جانب سے سوشل میڈیا پر دیے گئے ایک بیان کو "حقائق کے منافی" قرار دیتے ہوئے رد کر دیا ہے۔ پی سی بی ویمنز ونگ کے ایک سینئر عہدیدار نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ثنا میر کو عوامی سطح پر بیان دینے سے قبل حقائق کی تصدیق کرنی چاہیے تھی۔ پی سی بی کے مطابق حال ہی میں اعلان کردہ 2025-26 کے ڈومیسٹک کیلنڈر میں شامل نیشنل ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ دراصل پاکستانی خواتین کرکٹرز کے نئے سیزن کا آغاز ہوگا جبکہ اس سے پہلے کا ایک روزہ سیزن آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ 2025 پر ختم ہوگا جو بھارت اور سری لنکا میں کھیلا جائے گا۔

پاکستانی کیوئسٹ محمد آصف ماسٹرز اسنوکر چیمپئن شپ کے فائنل میں پہنچ گئے

محمد آصف نے سیمی فائنل مقابلے میں بھارت کے فن چندرا کو شکست دے دی، بیسٹ آف سیون میں آصف کی شاندار کارکردگی

فن چندرا نے مسلسل 2 فریمز اپنے نام کیے تاہم وہ آصف کے آگے ٹک نہ سکے، آصف نے لگاتار تین فریمز جیت کر فائنل کے لئے کوالیفائی

بینکاک (آئی این پی) پاکستان کے مایہ ناز کیوئسٹ محمد آصف نے آئی بی ایس ایف ورلڈ ماسٹرز اسنوکر چیمپئن شپ کے فائنل میں جگہ بنالی۔ محمد آصف نے سیمی فائنل مقابلے میں بھارت کے فن چندرا کو شکست دی۔ بیسٹ آف سیون فارمیٹ پر مشتمل اس مقابلے میں محمد آصف نے 2-4 سے کامیابی حاصل کی۔ محمد آصف کی کامیابی کا اسکور 118-06، 84-00، 76-25، 92-11، 87-62، 72-41 رہا۔ محمد آصف نے پہلا فریم با آسانی جیتا جس کے بعد فن چندرا نے مسلسل 2 فریمز اپنے نام کیے۔ 2-1 کے خسارے کے بعد محمد آصف نے بھرپور کم بیک کیا اور لگاتار 3 فریمز جیت کر نہ صرف برتری حاصل کی بلکہ فائنل کے لیے کوالیفائی بھی کر لیا۔

انگلینڈ یوئیفا ویمنز فٹ بال چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا

کوارٹر فائنل میں مقابلہ برابر رہا جس کے بعد پنالٹی شوٹ آؤٹ پر فیصلہ ہوا

زیورخ (این این آئی) دفاعی چیمپئن انگلینڈ نے انتہائی سخت مقابلے کے بعد سویڈن کو پنالٹی شوٹ آؤٹ میں شکست دے کر یوئیفا ویمنز فٹ بال چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں جگہ حاصل کرلی۔ خواتین کی یورپی چیمپئن شپ کا دوسرا کوارٹر فائنل میچ مقررہ وقت تک 2-2 گول سے برابر رہنے پر فیصلہ پنالٹی شوٹ آؤٹ پر ہوا جس پر دفاعی چیمپئن انگلینڈ نے سویڈن کو 2 کے مقابلے میں 3 گول سے ہرا کر میگا ایونٹ کے سیمی فائنل تک رسائی حاصل کرلی۔

لیوک ووڈ نے علی رضا اور احمد دانیال کی تعریفوں کے پل باندھ دیے

احمد دانیال اور علی رضا نے پی ایس ایل میں پشاور زلمی کی نمائندگی کی

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے فاسٹ بولر لیوک ووڈ نے پی ایس ایل میں شریک نوجوان پاکستانی بولرز احمد دانیال اور علی رضا کی ستائش کردی۔ احمد دانیال اور علی رضا نے پی ایس ایل کے دسویں ایڈیشن میں پشاور زلمی کی نمائندگی کی تھی۔ لیوک ووڈ نے علی رضا کو خاص طور پر سراہا کہ انہوں نے پاور پلے میں انتہائی دباؤ کے لمحات میں بھی بولنگ کی۔ علی رضا نے پی ایس ایل 10 کے 9 میچز میں 12 وکٹیں حاصل کی تھیں جبکہ ان کا اکانومی ریٹ 9.18 رہا۔ لیوک ووڈ نے کہا کہ علی ابھی صرف 17 سال کے ہیں۔

ویمنز ورلڈ کپ کی تیاری: پاکستان جنوبی افریقہ کی میزبانی کرے گا

ایک روزہ میچز 16 اگست سے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جائیں گے

لاہور (آن لائن) ویمنز ورلڈ کپ 2025 کی تیاریوں کے سلسلے میں پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم جنوبی افریقہ کے خلاف تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کی میزبانی کرے گی۔ کرک انفو کے مطابق یہ میچ 16 سے 22 اگست کے دوران قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جائیں گے۔ یہ سیریز ورلڈ کپ کی تیاریوں کا اہم حصہ ہوگی جس کے بعد پاکستان ویمنز ٹیم سری لنکا روانہ ہوگی جہاں وہ 30 ستمبر سے 2 نومبر تک بھارت اور سری لنکا میں منعقدہ ویمنز ورلڈ کپ کے تمام گروپ میچز اور ممکنہ ناک آؤٹ میچز کھیلے گی۔ دریں اثنا 2026 میں انگلینڈ میں شیڈول ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ سے قبل پاکستان ٹیم ایک بھرپور تیاری کرے گی۔

آغا صابر افغانستان میں ہائی پرفارمنس سینٹر کے بیٹنگ کوچ مقرر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے سابق فرسٹ کلاس کرکٹر آغا صابر افغانستان میں ہائی پرفارمنس سینٹر کے بیٹنگ کوچ مقرر ہوگئے۔ آغا صابر کابل میں افغانستان کے نوجوان پلیئرز کے ساتھ کام کریں گے۔ آغا صابر نے کراچی، پی آئی اے اور پاکستان کسٹمز کی جانب سے مجموعی طور پر 112 فرسٹ کلاس میچز کھیلے، انہوں نے ڈسٹرکٹ سطح پر کوچنگ کا آغاز کیا تھا۔ سابق فرسٹ کلاس کرکٹر نے ڈومیسٹک سطح پر کراچی وائٹس اور واپڈا کی بھی کوچنگ کی۔

ارشد ندیم آرام کے بعد جلد ہی ایکسر سائز شروع کریں گے

لندن (آئی این پی) پاکستان اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کے لندن میں ری ہیب کا آغاز ہوگیا۔ پیرس اولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ بائیں پنڈلی کے مسئلے میں کھنچاؤ کے بعد پولینڈ میں شیڈول ایونٹ سے دستبردار ہوئے تھے۔ ارشد ندیم کا لندن میں ایک ماہ کا ٹریننگ شیڈول پہلے سے طے شدہ تھا، لندن آمد پر ان کا کیمبرج اسپتال میں ڈاکٹر علی باجوہ نے تفصیلی چیک اپ کیا۔ ارشد ندیم کے کوچ سلمان اقبال کے مطابق ارشد چند دن آرام کے بعد اب پیر یا منگل سے ہلکی پھلکی ایکسرسائز شروع کریں گے۔

انگلینڈ کیخلاف پہلے ون ڈے میچ میں بھارتی ویمن کھلاڑی پر جرمانہ عائد

آئی سی سی کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر پراتیکا میچ فیس کا دس فیصد جمع کرائیں گی

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں بھارتی ویمن ٹیم کی کھلاڑی کو جرمانہ کردیا گیا۔ آئی سی سی نے کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر بھارتی کھلاڑی پراتیکا راول پر جرمانہ عائد کیا ہے۔ پراتیکا راول نے آئی سی سی کوڈ آف کنڈکٹ کے لیول ون کی خلاف ورزی کی، انہیں میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ اور ایک ڈی میرٹ پوائنٹ دیا گیا۔ بھارتی کرکٹر نے 2 مختلف واقعات میں انگلینڈ کی کھلاڑیوں کے ساتھ فزیکل کنٹیکٹ کیا، میچ میں سلو اوور ریٹ پر انگلینڈ کی ٹیم پر بھی جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

پاکستان کے حسنین اختر نے ورلڈ انڈر 17 اسنوکر چیمپئن شپ جیت لی

ورلڈ چیمپئن شپ کے فائنل میں حسنین اختر نے ویلز کے رائلی پاول کو چار صفر سے شکست دے کر تاریخ رقم کردی اور ٹائٹل اپنے نام کرلیا

حسنین ایشین انڈر 21 چیمپئن بھی رہ چکے ہیں اور اب وہ ورلڈ انڈر 17 ٹائٹل جیت کر پاکستان کے لئے ایک اور اعزاز لانے میں کامیاب ہوئے

کوئٹہ (ویب ڈیسک) پاکستان کے حسنین اختر نے تاریخ رقم کردی، ورلڈ انڈر 17 اسنوکر چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ فائنل میں حسنین اختر نے ویلز کے رائلی پاول کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 0-4 سے شکست دیدی۔ پاکستان کے ابھرتے ہوئے نوجوان کیوئسٹ حسنین اختر نے تاریخ رقم کرتے ہوئے آئی بی ایس ایف (IBSF) ورلڈ انڈر 17 اسنوکر چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ بحرین میں کھیلے جانیوالے ایونٹ کے فائنل میں حسنین اختر نے ویلز کے رائلی پاول کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 0-4 سے شکست دیدی۔ انہوں نے پورے میچ میں ایک بھی فریم ڈراپ نہیں کیا۔ پاکستانی کھلاڑی نے شاندار کھیل پیش کیا، حسنین اس سے قبل ایشین انڈر 21 چیمپئن بھی رہ چکے ہیں اور اب وہ ورلڈ انڈر 17 ٹائٹل جیت کر پاکستان کے لیے ایک اور بڑا اعزاز لے آئے ہیں۔ یاد رہے کہ پاکستان کے نسیم اختر نے 2017 میں آئی بی ایس ایف ورلڈ انڈر 18 چیمپئن شپ جیتی تھی، تاہم 2023 میں آئی بی ایس ایف نے انڈر 18 کیٹیگری کو ختم کر کے اسے ورلڈ انڈر 17 چیمپئن شپ میں تبدیل کردیا تھا

ظلم اور بربریت دیکھنے کو مل رہی ہے، عثمان خواجہ اسرائیلی مظالم کے خلاف بول پڑے

دو سال ہوگئے بچے مارے جارہے ہیں، پر زخمی فلسطینی بچوں کی ویڈیو بھی اپ لوڈ کردی

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی ٹیسٹ کرکٹر عثمان خواجہ ایک بار پھر نہتے فلسطینیوں اور بچوں پر اسرائیلی مظالم کے خلاف بول پڑے۔ انہوں نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر فلسطینی بچوں پر ظلم سے زخمی ہونے والے بچوں کی ویڈیو اپ لوڈ کی ہے۔ عثمان خواجہ نے کہا کہ یہ دیکھنا مشکل ہے۔ ایسے جینے کا تصور کریں، اس بربریت اور ظلم کو ہم اب بھی دیکھ رہے ہیں جبکہ یونیسف نے اسے بچوں کے لیے قبرستان قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دو سال ہوگئے اور اب بھی بچے مارے جارہے ہیں، انسانوں کو بھوکا مارا جارہا ہے، ابتدائی طبی امداد کے مراکز پر حملے کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اس حوالے سے بولتا رہوں گا اگر ہمارے لیے یہ سب معمول بن گیا ہے تو حقیقت میں ہم ختم ہو چکے ہیں، آواز اٹھانا مت بند کریں، ہمیشہ انسانیت، برابری اور ایک بہتر کل کے لیے کھڑے ہوں۔

ینگ سملی فٹبال کلب کچلاک سے ناانصافی برداشت نہیں کرینگے، پی ٹی آئی

کوالیفائی کے باوجود ینگ سملی فٹبال کلب کچلاک کو ڈس کوالیفائی کیا گیا، رحمان بازئی

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان سی ایم بلوچستان فٹبال گولڈ کپ ٹورنامنٹ میں کوالیفائی کرنے والی ٹیم کو ڈس کوالیفائی کرنے کی مذمت کرتے ہیں ینگ سملی فٹبال کلب کچلاک کیساتھ ہونے والی زیادتی کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کرینگے 11 جولائی کو ینگ سملی کوئٹہ کو کوالیفائنگ میچ جیتنے کے باوجود کپ سے باہر کیا گیا جسے حکام بالا نوٹس لیں بصورت دیگر شدید احتجاج پر مجبور ہونگے یہ بات پاکستان تحریک انصاف ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری، حلقہ پی بی 38 کے ٹکٹ ہولڈر رحمان بازئی ینگ سملی فٹ بال کے ممبران اور قبائلی عمائدین نصیر خان کاکڑ، سید پائے شاہ آغا، منیر بازئی، شاہ محمد آغا، عجب خان کاسی، عزیز آغا، نعمت آغا، عثمان بڑیچ، عبدالرحمان میرانی اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی کہ ینگ سملی فٹبال کلب کچلاک کی ٹیم نے آخری کوالیفائنگ میچ میں ٹیم رائل بدہ کے خلاف فتح حاصل کر کے ٹورنامنٹ کے اگلے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کیا تاہم تین دنوں کے بعد 14 جولائی کو ینگ سملی فٹبال کلب کچلاک کو ڈس کوالیفائی کیا گیا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ نے خواتین کرکٹ سیزن 2025-26 کا کیلنڈر جاری کردیا

سیزن کا آغاز آئرلینڈ دورے سے ہوگا جہاں اگست میں تین ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کھیلے جائیں گے، ستمبر میں جنوبی افریقہ کی ٹیم پاکستان آئے گی

فروری میں قومی ٹیم جنوبی افریقہ جائے گی، اپریل 2026 میں زمبابوے ویمنز ٹیم پاکستان کا دورہ کرے گی، نیشنل ویمنز ٹی 20 مارچ میں شروع ہوگا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے خواتین کرکٹ سیزن 2025-26 کا تفصیلی کیلنڈر جاری کردیا ہے، جس میں قومی اور انڈر 19 ٹیموں کے متعدد اہم دورے، ورلڈ کپ مقابلے اور مقامی ٹورنامنٹس شامل ہیں۔ پی سی بی کی طرف سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق سیزن کا آغاز قومی خواتین ٹیم کے آئرلینڈ دورے سے ہوگا جہاں اگست میں تین ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کھیلے جائیں گے۔ اس کے بعد جنوبی افریقہ ویمنز ٹیم ستمبر میں پاکستان آئے گی اور 16 سے 22 ستمبر تک لاہور میں تین ون ڈے انٹرنیشنل میچز کھیلے جائیں گے۔ ویمنز ون ڈے ورلڈ کپ 30 ستمبر سے 2 نومبر تک شیڈول ہے جس میں پاکستان ویمنز ٹیم اپنے میچز سری لنکا میں کھیلے گی۔ آئندہ سال 7 فروری سے 2 مارچ 2026 تک قومی ٹیم جنوبی افریقہ کا دورہ کرے گی جس میں تین ون ڈے اور تین ٹی 20 میچز شامل ہوں گے۔ اپریل 2026 میں زمبابوے ویمنز ٹیم پاکستان کا دورہ کرے گی جہاں 24 اپریل سے 11 مئی تک تین ون ڈے اور اتنے ہی ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کھیلے جائیں گے، خواتین ٹی 20 ورلڈ کپ 12 جون سے 5 جولائی 2026 تک انگلینڈ میں کھیلا جائے گا۔ اس سے قبل پاکستان ٹیم آئرلینڈ میں سہ فریقی ٹی 20 سیریز کھیلے گی جس میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم بھی شامل ہوگی۔ پاکستان انڈر 19 ویمنز ٹیم دسمبر 2025 میں بنگلہ دیش کا دورہ کرے گی جہاں پانچ ٹی 20 میچز شیڈول ہیں۔ مزید برآں انڈر 19 ویمنز ٹی 20 ٹورنامنٹ 15 ستمبر سے 6 اکتوبر 2025 تک کراچی میں منعقد ہوگا جبکہ خواتین کا انٹر یونیورسٹی کرکٹ ٹورنامنٹ بھی اکتوبر میں شیڈول ہے۔ نیشنل ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ 6 سے 24 نومبر تک کراچی میں ہوگا جبکہ نیشنل ویمنز ٹی 20 ٹورنامنٹ 24 مارچ سے 17 اپریل 2026 تک کھیلا جائے گا۔

تعلیمی شعبے میں بہتری لانے کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، ڈی سی کوہلو

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ اجلاس میں متعدد غیر حاضر پائے جانے والے اساتذہ کے تنخواہوں میں کٹوتی کی ہدایت

تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق اور حکومت کی اولین ترجیح ہے، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کی جائے گی، عظیم دومڑ

کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ تعلیم کے ضلعی افسران، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اور مانیٹرنگ ٹیموں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد ضلع بھر میں تعلیمی معیار، اساتذہ کی حاضری، تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی اور کلسٹر بجٹ کے شفاف استعمال کا جائزہ لینا تھا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ نے کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ تمام بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع میسر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے تعلیمی شعبے میں بہتری لانے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم کی جانب سے ضلع میں رواں ماہ کے دوران کی جانے والی کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی جس کے مطابق مجموعی طور پر 450 سے زائد سکول وزٹ کیے گئے جن میں سے 150 سکولوں کا معائنہ آر ٹی ایس ایم کی مانیٹرنگ ٹیموں نے کیا۔ ان دوروں کے دوران متعدد سکولوں میں اساتذہ کی غیر حاضری، بنیادی سہولیات کی کمی اور تعلیمی ماحول میں مختلف مسائل کی نشاندہی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس میں واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ حالیہ دوروں کے دوران غیر حاضر پائے جانے والے متعدد اساتذہ کی تنخواہوں میں بھاری کٹوتی کرنے اور انہیں نوٹسز جاری کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے تنبیہ کی کہ تمام غیر حاضر اساتذہ فوری طور پر اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر ان کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نے اس بات پر شدید برہمی کا اظہار کیا کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے گزشتہ اجلاس میں ہونے والے فیصلے پر بعض تعلیمی اداروں کے سربراہان کی جانب سے عملدرآمد نہیں کیا جارہا ہے، جن کے خلاف محکمانہ کارروائی کی سفارش کے لیے سیکریٹری سکولز محکمہ تعلیم کو باقاعدہ لیٹر جاری کردیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اور کلسٹر ہیڈز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے دائرہ اختیار میں موجود تمام سکولوں کے باقاعدگی سے دورے کریں اور کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غفلت کو برداشت نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ کلسٹر بجٹ کا مکمل شفاف طریقے سے استعمال یقینی بنایا جائے اور تمام سکولوں کو فوری طور پر بنیادی تدریسی وسہولتی سامان فراہم کیا جائے تاکہ بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول میسر ہو۔

جنگل پیر علیزئی: پیپلز پارٹی کے غلام ربانی خان کاکڑ کو عطا محمد کاکڑ مبارکباد دے رہے ہیں

تعلیم، امن اور زراعت ترقی کے بنیادی ستون ہیں، غلام مصطفی

ہمارا راستہ محبت کا ہے، تعلیم کے ذریعے ترقی کی راہیں ہموار کرنا ہوں گی

گنداخہ (اے این این) قبائلی شخصیت میر حاجی غلام مصطفی خان رند کی اوستہ محمد میں رہائشگاہ پر ایک اہم ملاقات کا انعقاد ہوا جس میں رتودرو کے سماجی رہنما وڈیرہ شاہ علی خان بوزدار، وارث ڈینو ماچھی کے معروف زمیندار حاجی دیدار خان بوزدار سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔ ملاقات کے دوران معاشرتی فلاح و بہبود، قیام امن، تعلیم کے فروغ اور زرعی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وڈیرہ شاہ علی خان نے اپنے مرشد کی شان میں صوفیانہ اشعار پیش کیے اور بھائی چارے و روحانیت کا پیغام دیتے ہوئے کہا: "ہمارا راستہ محبت اور اتفاق کا ہے، نفرت کے خاتمے کے ساتھ ہمیں امن اور تعلیم کے ذریعے ترقی کی راہیں ہموار کرنا ہوں گی۔" میر حاجی غلام مصطفی خان رند نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ "قبائلی علاقوں میں امن کا قیام، نوجوانوں کو تعلیم کی طرف راغب کرنا اور زراعت کی بہتری کے لیے اجتماعی کوششیں وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہیں۔" انہوں نے مزید کہا: "تعلیم، امن اور زراعت ترقی کے بنیادی ستون ہیں"

غیر حاضر ڈاکٹرز کیساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں کرینگے، ڈی سی نصیر آباد

تمام میڈیکل لیبارٹریز کی رجسٹریشن کے عمل کو یقینی بنایا جائے غیر رجسٹرڈ لیبارٹریز سیل کر دی جائیں گی

تمام ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بیسک ہیلتھ یونٹس، آر ایچ سیز کو بھی جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے، منیر کاکڑ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالستار لاکٹی ایم ایس ڈاکٹر حبیب چندرائی ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی فیصل اقبال کھوسہ ڈرگ انسپکٹر ڈاکٹر اعجاز علی خزانہ آفس سے امجد بہرانی سپرنٹنڈنٹ قاسم ڈوکی ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی شریک تھے اجلاس میں ضلع نصیر آباد میں جاری طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے غیر حاضر ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے خلاف سخت کارروائی کرنے کے حوالے سے جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان حکومت صحت کے شعبے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے غیر حاضر عملے اور ڈاکٹرز کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایات دی گئی ہیں، ہم غیر حاضر ڈاکٹرز کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں کریں گے ان کے خلاف کارروائی کی جائے ان کی تنخواہوں سے کٹوتی کریں اس سلسلے میں صوبائی حکومت کی جانب سے ڈیجیٹل طریقے حاضری کے عمل کو یقینی بنایا گیا ہے یہ تمام سسٹم ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بیسک ہیلتھ یونٹس سمیت دیگر آر ایچ سیز کو بھی جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ڈاکٹرز اپنی ذمہ داریوں کا احساس کریں اور لوگوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کریں تاکہ لوگوں کو مقامی سطح پر علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کی جاسکیں ایم ایس پر لازم ہے کہ وہ سول ہسپتال میں ادویات کی دستیابی کو یقینی بنائیں اگر ادویات کی فراہمی میں مشکلات درپیش ہیں تو اس کے تدارک کے لیے محکمہ صحت کے حکام کو آگاہی فراہم کی جائے جہاں پر بھی ضلعی انتظامیہ کی مدد کی ضرورت محسوس ہو تو ہم ہر قسم کی معاونت کی فراہمی بنائیں گے انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کے تمام طبی مراکز کے سربراہ وزٹ کریں گے مون سون بارشوں اور متوقع سیلابی صورتحال کو مدنظر رکھ کر اقدامات کیے جائیں ادویات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام میڈیکل لیبارٹریز کی رجسٹریشن کے عمل کو یقینی بنایا جائے غیر رجسٹرڈ لیبارٹریز سیل کردی جائیں گی ڈرگ انسپکٹر کو چاہیے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر ادویات کا جائزہ لیں زائد المعیاد ادویات فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

نوجوان رضا کاروں، ویمن انفارمل ڈسٹرکٹ اسمبلی اراکین کی پریس کانفرنس، تعلیم کے شعبے میں اصلاحات پر زور

خواتین کے خلاف امتیازی سلوک اور جنسی حراسائی کے خاتمے کے لیے سخت اقدام کی ضرورت پر زور دیا گیا

طویل لوڈشیڈنگ اور پانی کی قلت کو شہریوں کی زندگی متاثر کرنے والے سنگین مسئلہ قرار دے، فوری حل کا مطالبہ

خضدار (خ ن) بلوچستان کے نوجوان رضا کاروں اور ویمن انفارمل ڈسٹرکٹ اسمبلی کے اراکین نے پریس کانفرنس میں بلوچستان میں خواتین کی جمہوری شمولیت کو مضبوط بنانے کے لیے اپنا مفصل منشور پیش کیا۔ یہ منشور و تجاویز "پاکستان میں خواتین کی جمہوری عمل میں شمولیت کو مضبوط بنانے کے منصوبے" کے تحت تیار کی گئی ہیں، جسے نیشنل انڈوومنٹ فار ڈیموکریسی NED کی مالی معاونت حاصل ہے۔ اپنے خطاب میں، خواتین نمائندوں نے تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا۔ پسماندہ تعلیمی نظام کو بہتر بنانے، اساتذہ کی پیشہ وارانہ تربیت بڑھانے، دیہی علاقوں میں خاص طور پر لڑکیوں کے لیے تعلیمی اداروں کی تعداد میں اضافے اور مالی امداد فراہم کرنے پر زور دیا گیا۔ بچوں کے اسکولوں میں بنیادی سہولیات مثلاً صاف پانی، بیت الخلاء اور کتابیں مفت فراہم کرنے کا بھی مطالبہ کیا گیا۔ پریس کانفرنس میں شہر میں طویل لوڈشیڈنگ اور پانی کی شدید قلت کو شہریوں کی زندگی متاثر کرنے والے سنگین مسائل قرار دیتے ہوئے ان کے فوری حل کا مطالبہ کیا گیا۔ منشیات کے بڑھتے ہوئے مسئلے کے پیش نظر نوجوانوں کے لیے کھیلوں، ہنر اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے پر بھی بات کی گئی تاکہ وہ منفی سرگرمیوں سے دور رہ سکیں۔ خواتین کے خلاف امتیازی سلوک اور جنسی حراسائی کے خاتمے کے لیے بھی سخت اقدام کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ کام کی جگہوں، عوامی مقامات، انتخابات اور آن لائن پلیٹ فارم پر خواتین کی حفاظت کے لیے گروہوں کی جانب سے خواتین کیلئے مثبت سوچ اور مردانہ حمیت صنفی مساوات اور سائبر حراسائی کے خلاف آگاہی بڑھانے پر زور دیا گیا۔ پسماندہ طبقات مثلاً بیوہ خواتین، گھریلو محنت کش خواتین، خواجہ سرا اور معذور افراد کے حقوق کی مکمل فراہمی، بچوں کی جنسی تعلیم میں "Good and bad touch" کی تعلیم شامل کرنے اور جنسی یا صنفی بنیادوں پر تشدد کے شکار خواتین و بچوں کے لیے محفوظ پناہ گاہیں قائم کرنے کی بھی اپیل کی گئی۔ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، خشک سالی، پانی کی کمی، اور غذائی قلت جیسے مسائل کے فوری حل کی ضرورت پر بات کی گئی اور خواتین کو وراثت میں حقوق دلوانے کے لیے حکومت پر زور دیا گیا۔ یہ مطالبات ویمن انفارمل ڈسٹرکٹ اسمبلی کی جانب سے ہما جمیلہ، سلمیٰ اور عظمیٰ نے پیش کیے جن کا مقصد بلوچستان میں خواتین کے حقوق و مفادات کی حفاظت اور فروغ ہے۔

محکمہ اریگیشن نے پٹ فیڈر کینال میں لگنے والے شگاف کو بھر دیا

نصیر آباد (نامہ نگار) ایکسین پٹ فیڈر کینال محمد ابراہیم مینگل کی خصوصی ہدایات پر محکمہ اریگیشن کی ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے پٹ فیڈر کینال میں لگنے والے شگاف کو بھر دیا۔ شگاف آر ڈی 116 کے مقام پر معمولی شگاف لگا تھا محکمہ اریگیشن کے ایس ڈی او زمان اللہ کاجانی، محمد آمین عمرانی 7 کی نگرانی میں بھاری مشینری کے ہمراہ ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کیا گیا۔ ٹیم نے بھاری مشینری سے شگاف کو پر کردیا ایکسین محمد ابراہیم مینگل نے کہا کہ شگاف کی اطلاع ملتے ہی عملے کو متحرک کردیا گیا تھا اور کسانوں اور زمینداروں کی سہولت کیلئے فوری اقدامات کئے گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ اریگیشن کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے ضلعی انتظامیہ صحبت پور ضلعی انتظامیہ ڈیرہ بگٹی اور ایف سی نے محکمہ اریگیشن سے تعاون کیا اور نہروں کی مرمت و دیکھ بھال کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔

تباہ کن سیلاب کو 15 برس گزر گئے متاثرہ خاندان تاحال حکومتی ریلیف کے منتظر

لوگ گھروں کے ملبے، اجڑی ہوئی فصلوں اور ٹوٹی ہوئی امیدوں کے سائے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں

نصیر آباد ڈویژن کے عوام نے ہر دروازہ کھٹکھٹایا، ہر فورم پر آواز بلند کی، لیکن عوام کو صرف دلاسے ملے، مصطفی رند

اوستہ محمد (نمائندہ مشرق) اوستہ محمد کے قبائلی شخصیت میر حاجی غلام مصطفی خان رند نے کہا ہے کہ بلوچستان کے گرین بیلٹ نصیر آباد ڈویژن میں 2010، 2012 اور 2022 کے تباہ کن سیلابوں کو 15 برس گزر چکے ہیں، مگر متاثرہ خاندان آج بھی حکومتی ریلیف کے منتظر ہیں۔ گھروں کے ملبے، اجڑی ہوئی فصلوں اور ٹوٹی ہوئی امیدوں کے سائے میں زندگی گزارنے پر مجبور یہ لوگ اب سوال کر رہے ہیں کہ آخر ان کی شنوائی کب ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد کے قبائلی شخصیت و سٹرکٹ کونسل اوستہ محمد کے وائس چیئرمین میر غلام مصطفی خان رند نے نمائندہ مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن کے عوام نے ہر دروازہ کھٹکھٹایا، ہر فورم پر آواز بلند کی، لیکن عوام کو صرف دلاسے ملے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم خود یہاں آئے، وعدے کیے، مگر وہ سب باتیں صرف بیانات کی حد تک رہ گئیں۔ "انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد اوستہ محمد سمیت نصیرآباد ڈویژن کی زرخیز زمین، جو ایک وقت میں بلوچستان کی "گرین بیلٹ" کہلاتی تھی، آج بنجر میدان میں تبدیل ہو چکی ہے۔ ہزاروں زمیندار اپنے کھیت، مال مویشی اور روزگار کھو بیٹھے ہیں۔ علاقہ مکینوں کی حالت ناگفتہ بہ میر حاجی غلام مصطفی خان رند کا کہنا ہے کہ کئی خاندان اب بھی کھلے آسمان تلے زندگی گزار رہے ہیں۔ "ہزاروں لوگ بے گھر ہوگئے، غریبوں کے کچے گھر مکمل طور پر گر چکے ہیں، کئی علاقوں میں تو آج تک ملبہ نہیں اٹھایا گیا وعدے، دورے اور فوٹو سیشن میر غلام مصطفی خان رند نے این جی اوز اور حکومتی اداروں پر تنقید کرتے ہوئے کہا "صرف تصویریں کھینچی گئیں، فوٹو سیشن ہوئے، عملی طور پر کسی نے متاثرین کا درد محسوس نہیں کیا۔ نہ کوئی معاوضہ دیا گیا، نہ ہی بحالی کا کوئی پائیدار منصوبہ شروع کیا گیا۔" انہوں نے خبردار کیا کہ اگر فوری اقدامات نہ اٹھائے گئے تو لوگ یہاں سے نقل مکانی پر مجبور ہوں گے۔

خضدار باغبانہ کے دیہی علاقوں میں 6 ماہ سے بجلی بند لوگوں کو مشکلات

سولر پینلز کی رقوم کی ادائیگی کے تمام علاقوں کی بجلی مکمل طور پر منقطع کردی گئی ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار باغبانہ کے دیہی علاقوں میں 6 ماہ سے بجلی بند لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے باغبانہ کے دیہی علاقوں تو تانی، محمد خانی تھوانی، لونڈہ کھنڈ شہر باجوئی اور میر شہر بھٹار میں گزشتہ 6 ماہ سے بجلی کی مسلسل بندش نے گھریلو صارفین کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا۔ تفصیلات کیمطابق باغبانہ کے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ واپڈا نے حکومتی سولرائزیشن کیلئے ملنے والے رقوم کی ادائیگی کے بعد ہر علاقہ سے بجلی فیڈر کی بجلی مکمل طور پر منقطع کردیا ہے ابتدائی طور پر زرعی ٹیوب ویلوں کے لئے رقوم کی ادائیگی کو جواز بنا کر بجلی بند کیا گیا ہے۔ جبکہ حکومت بلوچستان اور زمینداروں نے تمام زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی (سولر سسٹم) پر منتقل کردیا ہے، اس کے باوجود صرف گھریلو صارفین کو نارواسلوک کا نشانہ بنایا جارہا ہے اس صورتحال پر باغبانہ کے عوامی حلقوں نے ایم پی اے زہری چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری، پی این پی عوامی کے سربراہ میر اسرار اللہ خان زہری، ایم پی اے نوابزادہ میر ظفر اللہ خان زہری سے مطالبہ کیا ہے کہ باغبانہ کے بجلی کو فوری بحال کروانے کیلئے احکامات دلادیں تاکہ باغبانہ کے علاقہ مکینوں کے بجلی کی بہترین ترسیل شروع کر کے عوام کو مزید پریشانی نہ ہوسکیں۔

TENDER NOTICE

TSE-252607784903 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The DIRECTOR GENERAL AGRICULTURE EXTENSION-Q invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000 PKR and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Cold Storage at Killa Saifullah	290,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 203,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Tender Fee Rs.1000/- Must maintain at least cash flow of 100,000,000 Rupees PKR Amount in closing balance by the last date of submission of bid to start the project(if awarded) Category Code: C3 having Specialization Codes: BC01, CE09, CE10, EE09, EE11, ME01, ME07 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **04 August, 2025**till **01:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **02:00 PM on EPPS System Address:** DIRECTORATE GENERAL AGRICULTURE EXTENSION RANI BAGH SARIYAB ROAD QUETTA **Phone no:** 0819211500
Email: masoudbaloch69@gmail.com

DIRECTOR GENERAL AGRICULTURE EXTENSION BALOCHISTAN QUETTA

PRQ No.184/18-7-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

ضلع پولیس زیارت کو ذیل درجہ چہارم کی خالی آسامیوں پر کرنے کیلئے ضلع زیارت کے لوکل اڈومیسائل امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	بنیادی پے اسکیل	قابلیت	تعداد آسامی
1	درجہ چہارم (باورچی)	(B-01)	پڑھا لکھا جانتا ہو متعلقہ شعبے میں مہارت رکھنے والے کو ترجیح دی جائیگی۔	01
2	درجہ چہارم (خاکروب)	(B-01)	ایضاً	02
			کل تعداد	03

شرائط:۔ (1) درخواست فارم ایس پی آفس زیارت سے وصول کیے جاسکتے ہیں۔ جس کی فیس مبلغ -/150 روپے (ناقابل واپسی) ادا کرنا ہوگی (2) درخواست فارم مورخہ 10 اگست 2025 تک دفتری اوقات میں جمع کئے جائیں گے، نامکمل اور تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائے گا (3) درخواست فارم کے ساتھ تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ، لوکل/ڈومیسائل بمعہ (02) عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (تصدیق شدہ) لازماً منسلک کریں (4) امیدوار کی عمر فارم جمع کرانے کی مقررہ تاریخ تک 18 سال سے کم اور 28 سال سے زائد نہ ہو۔ تاہم حکومت بلوچستان کی طرف سے عمر کی بالائی حد میں دی گئی رعایت کا حکم نامہ مقررہ تاریخ تک توسیع ہونے کی بنیاد پر قابل قبول ہوگی (5) ایک سے زائد آسامیوں کے لئے علیحدہ علیحدہ فارم جمع کرانے ہونگے (6) حاضر سروس ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے بمعہ NOC درخواست فارم بھجوائیں (7) ٹیسٹ اور انٹرویو کا شیڈول بعد میں جاری کیا جائے گا (8) ٹیسٹ وانٹرویو میں آنے والے امیدواران کو کسی بھی قسم کا سفری خرچ نہیں دیا جائے گا (9) امیدوار کو بھرتی ہونے کے بعد آئی جی بلوچستان ریسٹ ہاؤس بمقام زیارت تعینات کیا جائے گا۔

پی۔ ایس۔ پی ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سبی رینج

PRQ No 190/18-07-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — پولیس پر حملہ

ہوگئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی جنہوں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا حکومت بلوچستان کے ترجمان شاہد رند نے واقعے سے متعلق میڈیا کو دیے گئے بیان میں کہا کہ دہشت گردوں نے قلات سے کوئٹہ آنے والے پولیس قافلے کو چوتو کے مقام پر نشانہ بنایا، قافلے میں دو ٹرک اور دو پک اپ گاڑیاں شامل تھیں حملے میں قائم مقام ڈی ایس پی عبدالرزاق اور کانسٹیبل رضا محمد جام شہادت نوش کر گئے، فائرنگ سے کانسٹیبل تاج محمد اور کانسٹیبل خورشید احمد زخمی ہوئے جنہیں ہسپتال منتقل کیا گیا، سیکورٹی فورسز اور پولیس اہلکار فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچے، علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے انہوں نے کہا کہ شہدا کی میتوں اور زخمی اہلکاروں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے کوئٹہ منتقل کیا گیا دہشت گردی کے واقعات امن دشمنوں کی مایوسی کا مظہر ہیں، بلوچستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے حملے کی باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے، ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا بدھ کو بھی مذکورہ شاہراہ پر قلات کے مقام نیمرغ کراس پر مسلح افراد نے ایک مسافر کوچ پر فائرنگ کرکے 3 افراد کو قتل اور 14 افراد کو زخمی کیا تھا جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کا تعلق کراچی سے تھا جو ایک تقریب میں شرکت کے لئے کوئٹہ آرہے تھے جب انہیں نشانہ بنایا گیا۔ نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ مزید کارروائی مستونگ انتظامیہ کررہی ہے۔

بقیہ 2 — وزیراعلیٰ بلوچستان

شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ زخمی اہلکار کانسٹیبل تاج محمد اور کانسٹیبل خورشید احمد کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں حکومت بلوچستان ان کی مکمل نگہداشت کو یقینی بنارہی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعے کے فوراً بعد سیکیورٹی ادارے متحرک ہوچکے ہیں علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے اور حملہ آوروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے واضح الفاظ میں کہا کہ حکومت بلوچستان اور لیویز و پولیس سمیت تمام سیکیورٹی ادارے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوت سے مصروف عمل ہیں اور امن کے خلاف سازش کرنے والے عناصر کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کر دی جائے گی انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی

بقیہ 3 — دفتر خارجہ

پاکستان دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن ریاست رہا ہے، پاکستان نے ایبی گیٹ بم دھماکے کے ماسٹر مائنڈ دہشت گرد شریف اللہ کی گرفتاری سمیت انسداد دہشت گردی کی کوششوں کے ذریعے عالمی امن کے حصول میں بھرپور کردار ادا کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں پیش آنے والے واقعہ کی تحقیقات ابھی تک بے نتیجہ ہیں۔ ترجمان وزارت خارجہ کے مطابق پاکستان میں کالعدم تنظیم لشکر طیبہ سے کسی بھی قسم کا تعلق زمینی حقائق کے منافی ہے، پاکستان نے موثر اور جامع طریقے سے کالعدم تنظیموں کے خلاف بھرپور ایکشن لیا اور ان کی اعلیٰ قیادت کو گرفتار کر کے ان پر مقدمات چلائے اور تنظیمی ڈھانچوں کو ختم کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق زیر غور مسئلہ امریکا کے اپنے قوانین سے متعلق ہے، بھارت کے پاس پاکستان مخالف پروپیگنڈے کیلئے ایسی معاملات سے فائدہ اٹھانے کا ٹریک ریکارڈ موجود ہے، بھارت کشمیر سمیت دیگر علاقوں میں انسانی حقوق کے خلاف جاری مظالم، غیر ذمہ دارانہ اور بدمعاش رویے سے بین الاقوامی توجہ ہٹانا چاہتا ہے۔ اعلامئے میں مزید کہا گیا کہ پاکستان بے مثال قربانیوں اور افادیت کے ذریعے انسداد دہشت گردی کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے۔ دفتر خارجہ نے عالمی برادری پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ اجتماعی کوششوں کے ذریعے اس عالمی خطرے سے نمٹنے کیلئے معروضی اور غیر امتیازی پالیسیاں اپنائے، جس کے لیے ضروری ہے کہ مجید بریگیڈ جیسی دہشت گرد تنظیموں کو بھی کالعدم بی ایل اے کے اتحادی کے طور پر دیکھا جائے۔

بقیہ 4 — وزیراعظم

اس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان کے شپنگ سیکٹر اور پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کی اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس جمعہ کو یہاں منعقد ہوا۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزرا احد خان چیمہ، جنید انوار چوہدری اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ پاکستان کے شپنگ سیکٹر میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کیلئے پلان مرتب کیا جائے۔ پاکستان، افغانستان، ازبکستان ریلوے لائن سے خطے میں تجارت کے نئے دور کا آغاز ہونے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وسطی ایشیا سے تجارتی سامان کی پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے دنیا بھر میں آمد ورفت ہوگی۔ یہ پاکستانی شپنگ لائنز کیلئے سامان کی ترسیل سے ملک کیلئے قیمتی زرمبادلہ کمانے کا نادر موقع ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ پاکستان کے فریٹ کی مد میں خرچ ہونے والے زرمبادلہ کی بچت کیلئے بحری بیڑے میں جہازوں کی تعداد میں اضافے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے وزارت سمندری امور اور پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کو شعبے کی از سر نو اصلاحات اور پائیدار بزنس ماڈل پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے الیکٹرک وہیکل کی عام آدمی تک رسائی کیلئے حکومتی پالیسی پر اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے الیکٹرک وہیکلز کی حوصلہ افزائی کیلئے جامع ایکشن پلان تشکیل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے تیل کی درآمد پر خرچ ہونے والے اربوں ڈالر کے قیمتی زرمبادلہ کی بچت ہوگی

بقیہ 5 — بارشوں

کسیلہ، آواران، خضدار، کوئٹہ، ژوب، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، زیارت، قلات، شیرانی، موسیٰ خیل، لورالائی اور بارکھان میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ اس دوران محکمہ موسمیات نے تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 6 — دراندازی کی کوشش

ہونے کی کوشش کی، سیکورٹی فورسز نے اطلاع ملتے ہی پانچ مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی، شام 6 بج کر 25 منٹ پر عزیز خیل اور منڈی خیل کی جانب پیش قدمی کی۔ فورسز نے پانچ مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی اور خوارج کو پشتی خیل کی مسجد میں پناہ لینے پر گھیر لیا، بہترین حکمت عملی کے باعث فورسز نے مسجد کا فوری محاصرہ کیا، جس کے بعد دہشت گردوں نے ہتھیار ڈال دیے۔ گرفتار ہونے والے تمام خوارج افغان شہری ہیں جن کی عمریں 15 سے 18 سال کے درمیان ہیں، جبکہ تین ملزمان کے پاس افغان شناختی کارڈ بھی موجود ہیں۔ تمام خوارج کو تفتیش کیلئے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے، سیکورٹی فورسز کا علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق حالیہ مہینوں میں پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کئی کوششیں ناکام بنائی گئیں۔ شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز نے 25 سے 27 اپریل 2025 کے دوران کامیاب آپریشن میں 71 خوارج ہلاک کیے جبکہ 4 جولائی کو بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی دراندازی میں 30 خوارج مارے گئے تھے۔ اس سے قبل 23 مارچ 2025 کو بھی افغان سرحد کے ذریعے دراندازی کی کوشش میں 16 خوارج جہنم واصل کیے گئے تھے۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے کے لئے فتنہ الخوارج کو بھارت کی مکمل حمایت حاصل ہے۔

بقیہ 7 — فیلڈ مارشل ملاقات

نے بتایا کہ چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر اور لیبیا کی مسلح افواج کے کمانڈر ان چیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر نے دفاعی صنعت میں باہمی تعاون پر اتفاق کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر نے آج جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے بیان میں کہا گیا کہ ملاقات میں جدید سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے دفاعی صنعت میں تعاون اور تکنیکی مہارت کے تبادلے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 8 — ٹیرف

ہے کہ محمد اورنگزیب چاہتے ہیں کہ اگست کی ڈیڈلائن سے قبل واشنگٹن کے مطالبات پر بات چیت کی جا سکے، اس سے پہلے پاکستانی وفد کو امریکا کی جانب سے ایک مفصل فہرست فراہم کی گئی تھی امریکی جریدے کے مطابق فہرست میں پاکستان سے تجارتی معاہدے کی شرائط کا پوری کرنے پر زور دیا گیا، پاکستان پر اپنے ٹیرف اور نان ٹیرف رکاوٹوں میں کمی کرنے پر زور دیا گیا، وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ تجارتی مذاکرات میں حوصلہ افزاء پیش رفت ہوئی ہے۔ امریکی جریدے نے کہا ہے کہ پاکستان چاہتا ہے کہ عائد کئے گئے ٹیرف سے ریلیف حاصل کیا جاسکے۔

بقیہ 9 — کیلیفورنیا دھماکہ

کم از کم 3 اہلکار ہلاک ہوگئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ جمعے کی صبح مقامی وقت کے مطابق 7 بج کر 30 منٹ کے قریب رپورٹ ہوا، ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکا ممکنہ طور پر شیرف ڈپارٹمنٹ کے اسپیشل انفورسمنٹ یونٹ اور بم اسکواڈ کے کمپاؤنڈ میں کھڑی ایک گاڑی کے قریب ہوا، لاس اینجلس کاؤنٹی فائر ڈپارٹمنٹ نے جائے وقوعہ پر ریسکیو آپریشن شروع کر دیا ہے تاہم مزید نقصان کے بارے میں فوری طور پر کوئی تفصیل سامنے نہیں آئی۔ حکام نے بتایا کہ دھماکے کی نوعیت اور وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 10 — بحری جہاز ضبط

سے جہاز کے کپتان نے غیر معمولی سے ڈیٹ کال دیتے ہوئے کہا کہ عملے کی جان کو خطرہ ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کیپٹن اسلم نے بتایا کہ جہاز کا اے سی بھی بند ہوچکا، جلد ایمرجنسی لائٹس بند اور موبائل سے رابطہ منقطع ہو جائے گا۔ جہاز پر سوار بھارتی کریو کو ان کی ڈائریکٹوریٹ پورٹ شپنگ نے ریسکیو کرلیا ہے۔ کیپٹن اسلم نے کہا کہ پاکستانی ڈی جی پورٹس عالیہ شاہد سے رابطہ کیا ہے، جواب نہیں آیا، اگر موزمبیق حکام جہاز کی ایل پی جی جلد فروخت کریں تو رہائی ممکن ہے

بقیہ 11 — اسحاق ڈار

دو اہم عالمی نوعیت کے اجلاسوں کی صدارت کریں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق 22 جولائی کو اقوام متحدہ میں کثیر فریقی طریقہ کار اور تنازعات کے پرامن تصفیے کے ذریعے عالمی امن وسلامتی کے فروغ کے موضوع پر ایک اعلیٰ سطحی مباحثہ منعقد ہوگا، جس کی صدارت اسحاق ڈار کریں گے۔

بقیہ 12 — لاپتہ بچے کی لاش

ریسکیو 1122 سوات کے مطابق دریائے سوات بریکوٹ غالیگے کے مقام سے سیالکوٹ ڈسکہ سے تعلق رکھنے والے عبداللہ نامی بچے کی لاش آج 21 ویں روز برآمد ہوئی۔

بقیہ 13 — خورشید شاہ

مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے پیچھے چھپے دشمن کے خفیہ ہاتھ کاٹے بغیر امن قائم نہیں ہوگا۔ اپنے بیان میں خورشید شاہ نے کہا کہ دعا ہے اللہ تعالیٰ شہیدوں کے درجات بلند کرے اور ان کے لواحقین کو صبر عطا فرمائیں۔

بقیہ 14 — نماز جنازہ

ڈپٹی کمانڈنٹ بی سی، ایف سی حکام، پولیس کے اعلیٰ آفیسران اور دیگر جوانوں سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی نماز جنازہ کے موقع پر شہید کو سلامی دی گئی شہداء کی میتوں کو ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کردیا گیا۔

بقیہ 15 — چیمبرز

آئی) اور تاجر تنظیموں نے آج کی ہڑتال موخر کرنے جبکہ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ہڑتال کا اعلان کردیا۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ اور تاجر رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کی اور کہا کہ حکومت سے مثبت میٹنگ ہوئی، آج ملک بھر میں ہڑتال نہیں ہوگی، پورے پاکستان کے چیمبرز اس معاملے پر ہمارے ساتھ ہیں۔ عاطف اکرام شیخ کا کہنا تھا کہ فیڈریشن کا کام بزنس کمیونٹی اور حکومت کے درمیان پل کا کردار ادا کرنا ہے، حکومت نے بزنس کمیونٹی کے تحفظات کو اچھے طریقے سے سنا، حکومت نے فنانس بل اور سیلز ٹیکس ایکٹ کی متنازع شقوں پر لچک کا مظاہرہ کیا اور حکومت نے بزنس کمیونٹی کے تمام مطالبات کو تسلیم کیا ہے۔

بقیہ 16 — عدالتی افسر

کام لیں، کیونکہ ایسے ریمارکس انصاف فراہم کرنے والے جج کی ساکھ پر دیرپا اور منفی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ اخبار میں شائع رپورٹ کے مطابق جسٹس محمد علی مظہر نے اپنے حکم میں ریمارکس دیے کہ ایسے ریمارکس ہمیشہ متعلقہ عدالتی افسر کا پیچھا کرتے رہتے ہیں اور ان کی عدالتی خدمت میں سخت مشکلات اور بدنامی کا باعث بنتے ہیں۔ یہ فیصلہ کراچی میں انسداد دہشت گردی عدالت کے جج سید ذاکر حسین کی نظرثانی درخواست پر سنایا گیا،

بقیہ 17 — بل منظور

کرلیا جبکہ حوالگی ملزمان اور پاکستانی شہریت کے حوالے سے ترمیمی بل بھی منظور کرلیے، ایوان نے قائم مقام وائس چانسلر قائد اعظم یونیورسٹی کے خلاف تحریک استحقاق کا معاملہ بھی متعلقہ قائمہ کمیٹی کو سپرد کردیا۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سیدال خان ناصر کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں بارشوں اور سیلاب سے جاں بحق افراد کے لیے دعائے مغفرت کی گئی، وقفہ سوالات کے دوران این ایچ اے میں ایک افسر کی 16 سال سے ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کا انکشاف ہوا۔ سینیٹر شہادت اعوان نے اس تقرری کو سپریم کورٹ کے فیصلوں کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا جبکہ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے معاملے سے لاعلمی ظاہر کی اور انکوائری کا اعلان کردیا۔ لواری ٹنل منصوبے پر بات کرتے ہوئے وزیر مواصلات نے بتایا کہ منصوبے کے پہلا اور دوسرا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے، تاہم ٹارچ ایکسس پر 2 ٹھیکیداروں کی عدالتی لڑائی کے باعث حکم امتناع رہا، جو اب ختم ہو چکا ہے اور جون سے کام دوبارہ جاری ہے۔ این ایچ اے میں کرپشن کے الزامات پر بھی سخت جملوں کا تبادلہ ہوا، سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ افسران کمیٹیوں میں آکر جھوٹ بولتے ہیں اور اربوں روپے کی کرپشن میں ملوث ہیں، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے جواب دیا کہ ان کے دور میں ادارے کا ریونیو 50 ارب روپے تک پہنچا ہے اور کرپشن پر کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے سرکاری بھرتیوں کے طریقہ کار، تعلیمی زوال اور سزائے موت پر قانون سازی سے متعلق سوالات کے جواب دیے، ان کا کہنا تھا کہ آج کل بھرتیاں سخت قواعد کے تحت ہوتی ہیں۔

بقیہ 18 — مہنگائی

ہفتہ وار بنیاد پر مہنگائی کی شرح 0.38 فیصد بڑھنے کے بعد مجموعی سالانہ شرح منفی 1.61 فیصد پر آگئی۔ ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی، رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، 9 اشیا سستی ہوئیں، 20 اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا، ادارہ شماریات کے مطابق حالیہ ہفتے ڈیزل 4.15، اور پیٹرول کی قیمت 2 فیصد بڑھ گئی

بقیہ 19 — وزارت داخلہ

دینے کی ہدایت کی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ ڈیلی اداروں کے مابین کوآرڈینیشن کا فقدان ہے جسے ہنگامی بنیادوں پر بہتر بنانا ہے، جبکہ ہر ادارہ دوسرے اداروں کی معاونت کے طریقہ کار کے بارے میں ٹھوس پلان مرتب کرے۔

بقیہ 20 — کرنٹ اکاؤنٹ

سال 11-2010 میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ 21 کروڑ 40 لاکھ ڈالر سرپلس اسٹیٹ بینک کے مطابق جون 2025 میں کرنٹ اکاؤنٹ 32 کروڑ 80 لاکھ ڈالر سرپلس رہا جبکہ جون 2024 میں یہی اکاؤنٹ 50 کروڑ خسارے میں مالی سال 24-2023 میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 2 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا جواب ختم ہوکر سرپلس میں تبدیل ہوگیا

بقیہ 21 — محسن نقوی

ہے کہ پہلے وہ تیاری کریں پھر ہم بھی کریں گے۔ اسلام آباد میں وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے صحافیوں سے گفتگو کی، جہاں ان سے سوال کیا گیا کہ پی ٹی آئی کے 5 اگست کے احتجاج سے نمٹنے کے لیے حکومت کیا کررہی ہے، جس پر وزیرداخلہ نے کہا کہ پہلے پی ٹی آئی والے تیاری کریں پھر ہم بھی کریں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ افغانستان برادر اسلامی ملک ہے، اس کے ساتھ کئی معاملات پر بات چیت چل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کسی بھی غیر ملکی کو رہنے نہیں دیا جائے گا، جو غیر قانونی طور پر یہاں مقیم ہو ان کے ساتھ رعایت نہیں ہوگی اور پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم افغانوں کو کوئی توسیع نہیں دی جائے گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ ایران نے دو ہفتوں میں 3 لاکھ افغانیوں کو ملک بدر کیا۔ صحافیوں سے گفتگو کے دوران محسن نقوی نے کہا کہ مونال اسلام آباد کا ایک انتہائی خوبصورت مقام تھا، مونال والی جگہ پر بہت اچھی چیزیں ہونے جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں 133 غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیاں بن رہی ہیں، غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے خلاف بڑے آپریشن کی تیاری کر رہے ہیں۔

بقیہ 22 — عرفان صدیقی

کے باہر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ یہ ایک اچھی روایت چلی ہے کہ اتفاق رائے سے نام آرہے ہیں، جب میں پنجاب سے آیا تھا تو اس وقت بھی انتخابی عمل کی نوبت نہیں آئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ کے معاملات افہام وتفہیم سے طے ہوگئے تھے، سینیٹ میں جس کی جتنی نشستیں بنتی ہیں انہیں دے دی جائیں اور یہ اچھا عمل ہے۔

بقیہ 23 — مہنگی چینی

کراچی، اسلام آباد اور راولپنڈی کے شہری ملک میں سب سے مہنگی چینی خریدنے پر مجبور ہیں۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ تازہ اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں چینی کی اوسط قیمت 188 روپے 4 پیسے فی کلو پر آگئی ہے، جو گذشتہ ہفتے کے مقابلے میں 40 پیسے فی کلو کی معمولی کمی کو ظاہر کرتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق کراچی، اسلام آباد اور راولپنڈی میں چینی کی قیمت سب سے زیادہ 200 روپے فی کلو تک ہے۔

بقیہ 24 — اداکارہ حمیرا اصغر

کی کیمیکل ایگزامن رپورٹس آگئی ہیں، جن میں زہر دیے جانے کے شواہد نہیں ملے۔ اداکارہ کی لاش سے 9 سیمپلز جامعہ کراچی کی فارنزک لیب بھیجے گئے تھے۔ ایم ایل او کی جانب سے موت کی وجہ باضابطہ طور پر جلد بتائی جائے گی۔ کراچی کے علاقے ڈیفنس سے مردہ حالت میں ملنے والی پاکستانی اداکارہ حمیرا اصغر کی پراسرار موت کے معاملے پر تحقیقات جاری ہیں، جبکہ پولیس کو فارنزک رپورٹ موصول ہوگئی ہے۔

بقیہ 25 — مذاکرات ناکام

اورکزئی شامل ہیں، جنہوں نے سینیٹ انتخابات سے دستبردار نہ ہونے کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ ناراض سینیٹ امیدواروں کی وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور سے ملاقات کرانے گئے تھے۔ ناراض رہنماؤں کا گزشتہ ملاقات میں موقف تھا کہ ہم کسی صورت کاغذات نامزدگی واپس نہیں لیں گے۔ ناراض رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ اگر ہم کاغذات واپس لیں تو بھی پی ٹی آئی اور پیپلز پارٹی ایک، ایک سیٹ سے دستبردار ہو جائیں۔ ذرائع نے بتایا کہ سینیٹ انتخابات میں پی ٹی آئی کی مرکزی قیادت میں بھی اختلافات ہیں، سلمان اکرم راجہ چاہتے ہیں کہ دیرینہ کارکنوں کو موقع ملے۔ ذرائع کے مطابق عاطف خان، شیر علی ارباب اور جنید اکبر بھی ناراض رہنماؤں کے حامی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ علی امین گنڈاپور بلا مقابلہ انتخابات اور سینیٹ کے موجودہ امیدواروں کے حق میں ہیں۔

بقیہ 26 — جعفر خان مندوخیل

آبادی کو براہ راست صحت، تعلیم اور صاف پانی کی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں تعینات میڈیسنز سانز فرنٹیئرز (MSF) کے کنٹری ڈائریکٹر Mr. Weilbing Xu سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ہم غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والوں تک پہنچنے کیلئے حکومتی اقدامات کو بڑھانے اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دینے کے خواہشمند ہیں صوبے کی بکھری ہوئی آبادی کو بنیادی سہولیات کے چیلنجوں کے پیش نظر، ہمیں انٹرنیشنل آرگنائزیشنز اور انسانیت کے خدمتگاروں کی معاونت اور رہنمائی کی اشد ضرورت ہے گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کے تناظر میں تعلیم جاری کوششوں کا سنگ بنیاد ہوگی جو بلوچستان کے لوگوں کو اپنے اور اپنی برادریوں کے روشن مستقبل کی تعمیر کیلئے رہنمائی فراہم کریگی گورنر بلوچستان نے ضلع چمن اور پکلاک میں مقامی آبادی کے ساتھ ساتھ افغان ریفیوجیز کو طبی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے ایم ایس ایف کی خدمات کو سراہا۔ دونوں حکومتی اقدامات اور انٹرنیشنل اداروں کے تعاون سے ہم بلوچستان کے لوگوں کی زندگیوں میں تعمیری تبدیلیاں لاسکتے ہیں۔

بقیہ 27 — دھرندر

پاکستانی پرچم لہرانے پر تنقید کا سامنا ہے، صارفین ان کے بائیکاٹ کا مطالبہ بھی کرنے لگے۔ شوبز ویب سائٹ 'بولی ووڈ ہنگامہ' کے مطابق 'دھرندر' کی شوٹنگ بھارتی ریاست پنجاب کے معروف شہر 'لدھیانہ' کے ایک گاؤں میں جاری ہے، جہاں پر شوٹنگ کے دوران کی ایک مختصر ویڈیو اور تصاویر سامنے آئی ہیں۔

بقیہ 28 — آصف زرداری

کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گا، دہشت گردی کے

بزدلانہ حملے قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے شہید ہونے والے اہلکاروں کو خراج عقیدت اور اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا

بقیہ 29 — علیمہ خان

ہیں ان کے پاس بہترین موقع ہے وہ خود تحریک چلائیں، خواہش ہے علیمہ خان اور ان کے بچے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی تحریک کو لیڈ کریں انہوں نے کہا کہ علیمہ خان نے پشتونوں کے بچوں کو تحریک چلانے کا کہا، اپنے بچوں کو برطانیہ بھیجا، یہ کہاں کا انصاف ہے؟ اپنے بچے برطانیہ چلے جائیں اور دوسروں کے بچے تحریک چلائیں سابق پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ انہیں بانی پی ٹی آئی سے دور کرنے میں علیمہ خان، سلمان اکرم اور شبلی فراز کا کردار ہے، سلمان اکرم راجہ اپنے آپ کو کلاس کا مانیٹر سمجھتے ہیں۔

بقیہ 30 — مولانا فضل الرحمن

بغیر بہتری ممکن نہیں، پاکستان کو اسلامی جمہوری ریاست بنانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے، یہ وطن اسلام کے نام پر حاصل کیا، اس کی نظریاتی بنیادوں پر سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ فرخ کھوکھر کی جے یو آئی میں شمولیت خوش آئند ہے، ان کی شمولیت سے جماعت کا قافلہ مزید مضبوط ہوگا۔ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے ڈیرہ تاجی کھوکھر کی شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس اجتماع میں فرخ کھوکھر کی جے یو آئی میں شمولیت خوش آئند ہے، ان کی شمولیت سے جماعت کا قافلہ مزید مضبوط ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اسلامی جمہوری ریاست بنانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے آئین کو اسلامی بنانے کے لیے بھرپور آواز بلند کی، ختم نبوت کے معاملے پر سپریم کورٹ کو موقف بدلنے پر مجبور کیا، مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں مذہب کی توہین کی جارہی ہے، پاکستان میں مخصوص لابی مذہبی اقدار کو کمزور کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وطن اسلام کے نام پر حاصل کیا، اس کی نظریاتی بنیادوں پر سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان میں آئین وقانون کی بالادستی چاہتے ہیں، مہنگائی نے عوام کا جینا محال کردیا ہے، معیشت کا دھڑن تختہ ہو چکا، ہمسایہ ممالک ترقی کر رہے ہیں، پاکستان معاشی بحران میں ڈوبا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی کی زندگی میں تبدیلی لائے بغیر بہتری ممکن نہیں۔

بقیہ 31 — غزہ

جاری ہے گزشتہ روز شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 35 ہوگئی، الاقصیٰ ہسپتال شدید غذائی قلت کا شکار بچوں اور مریضوں سے بھر گیا قطری نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق غزہ میں طبی ذرائع کا کہنا ہے کہ نہتے فلسطینیوں پر صیہونی فوج کے حملے جاری ہیں اور ان حملوں میں اب تک 35 فلسطینی شہید ہوچکے طبی ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ان میں سے 10 افراد وہ تھے جنہیں اس وقت شہید کیا گیا جب وہ امدادی مراکز کے قریب امداد ملنے کے انتظار میں تھے دوسری جانب، الاقصیٰ ہسپتال میں ایمرجنسی روم شدید غذائی قلت کا شکار بچوں اور مریضوں سے بھرے ہوئے ہیں، ان کی آنکھیں دھنسی ہوئی ہیں اور جسم انتہائی کمزور ہیں، ہسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ طبی عملہ نہایت محدود وسائل کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ محض بھوک کا بحران نہیں، بلکہ محاصرے کے باعث انسانی جسم کا مکمل انہدام ہے ان کا کہنا ہے کہ اگر جلد از جلد خوراک لوگوں تک نہ پہنچی تو یہ صورتحال قحط سے پیدا ہونے والی اجتماعی اموات کے بحران میں بدل جائے گی لوگ بتا رہے ہیں کہ وہ کئی دنوں سے کچھ کھا نہیں پائے، مقامی مارکیٹوں میں خوراک ختم ہونا شروع ہوگئی

بقیہ 32 — فائرنگ

ہتھیاروں سے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں دو افراد امداد ولد مسلم امداد ولد ابراہیم جان جاں بحق ہوگئے اور ایک شخص زخمی ہوا فائرنگ کی زد میں آکر مزید 2 راہگیر بھی زخمی ہوگئے جنکی فوری شناخت نہ ہوسکی قلات سے آن لائن کے مطابق نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق تفصیلات کے مطابق قلات میں شیخ حاجی کے مقام پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے میر احمد جنگ ولد سردار زادہ میر رستم خان جنگ اور مظہر خان ولد عبدالصمد قوم نیچاری سکنہ قلات جاں بحق ہوگئے نعشیں ہسپتال منتقل جہاں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں مزید تفتیش قلات پولیس کر رہی ہے ڈیرہ مراد جمالی سے این این آئی کے مطابق ضلع جعفرآباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک جبکہ ایک شدید زخمی ہو گیا ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار بائی پاس زیرو پوائنٹ کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے واحد گولہ کو قتل جبکہ محمد ابراہیم گولہ کو زخمی کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل جہاں نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی جبکہ زخمی کو ابتدائی طبی امداد کے بعد لاڑکانہ ریفر کردیا گیا دریں اثناء ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میں قومی شاہراہ اوچ پاور بائی وے پر پولیس کی گاڑی پر ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں نوتال پولیس تھانے کی حدود میں قومی شاہراہ زرعی یونیورسٹی کے مقام پر دوران گشت بائی وے پولیس کی گاڑی پر نامعلوم دہشت گردوں نے ریموٹ کنٹرول بم دھماکے سے حملہ کیا جس کے باعث گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا تاہم گاڑی میں سوار پولیس اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔

بقیہ 33 — قید ہونے کا انکشاف

پاکستانی کا اجلاس سینیٹر ذیشان خانزادہ کی زیر صدارت ہوا جس میں وزارت سمندر پار پاکستانی کے حکام نے بتایا کہ 76 ممالک میں 21 ہزار 406 پاکستانی شہری قید ہیں۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ سعودی عرب میں سب سے زیادہ 10 ہزار 423 پاکستانی قید ہیں، اس کے بعد متحدہ عرب امارات میں 5 ہزار 297 پاکستانی قید ہیں۔ وزارت سمندر پار پاکستانی کے حکام نے مزید بتایا کہ ترکی میں ایک ہزار 437 جبکہ بھارت میں 738 پاکستانی قید ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ یورپی ممالک میں 14 پاکستانی سفارتخانوں سے تاحال ریکارڈ حاصل نہیں ہوسکا، جبکہ کئی پاکستانی شہری اس وقت جرمانہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے جیلوں میں ہیں۔

بقیہ 34 — وزیر صحت

زائد رقم واپس کریں گے یا پھر آئندہ سال میں ایڈجسٹ کرنے کے پابند ہوں گے۔

بقیہ 35 — پیٹرول اور ڈیزل

ڈیزل پر چلنے والی گاڑیوں کی حوصلہ شکنی کیلئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پیٹرول اور ڈیزل سے چلنے والی گاڑیوں پر نئی لیوی کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 1300 سی سی سے چھوٹی مقامی و درآمدی گاڑیوں پر ایک فیصد انرجی ویکل لیوی لاگو ہوگی،

بقیہ 36 — "را"

اور دیگر سیاسی شخصیات نے نماز جنازہ میں شرکت کی گورنر سندھ نے کہا کہ حالیہ دہشتگردی میں بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کے ملوث ہونے کے شواہد موجود ہیں، دشمن کا مقصد انتشار پیدا کرنا ہے، لیکن قوم متحد ہے۔ واضح رہے کہ 16 جولائی کو قلات کے قریب مسافر کوچ پر فائرنگ اور دستی بم سے حملہ کیا گیا تھا

بقیہ 37 — خیبر پختونخوا

ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور سیاحت کے شعبے میں انقلابی اصلاحات متعارف کرا رہے ہیں، سیاحوں کیلئے نئے سیاحتی مقامات کو ڈویلپ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی طویل ساحلی پٹی اور خوبصورت ساحل دنیا بھر کے سیاحوں کیلئے دلچسپی کا باعث ہے جبکہ اس کے ساتھ ساتھ یہاں ایسے تاریخی اور قدیم مقامات موجود ہیں جنہیں دنیا کے سامنے لانے کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر حسن اظہر حیات نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت کے شعبے کے فروغ کے لئے مختلف اداروں اور حکومت نے متعدد اقدامات کئے ہیں جن کا مقصد ملکی وغیر ملکی سیاحوں کی تعداد میں اضافہ، عالمی معیار کی سہولیات کی فراہمی اور سیاحتی مقامات کی قدر وقیمت کو اجاگر کرنا ہے اور سیاحتی مقامات تک رسائی کو آسان بنانے کے لئے سڑکوں، ہوٹلوں، کیمپنگ سائٹس اور ریسٹورنٹس سمیت بنیادی ڈھانچے پر توجہ دی جا رہی ہے مثال کے طور پر "گرین ٹورازم پاکستان" کے عالمی معیار کے ہوٹلوں کا قیام اس سمت میں اہم پیشرفت ہے۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں جدید کیمپ ویلج "بھی اس کی مثال ہیں

بقیہ 38 — ساتھ مکمل یکجہتی

کوئٹہ ایئرپورٹ پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی اور صوبائی مشیر بابا غلام رسول عمرانی نے استقبال کیا صوبائی وزیر سندھ ریاض حسین شاہ نے سی ایم ایچ (کمبائنڈ ملٹری ہسپتال) کوئٹہ جا کر قلات میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ میں زخمی ہونے والوں کی عیادت کی انہوں نے زخمیوں کی خیریت دریافت کی، ان سے فرداً فرداً ملاقات کی اور ان کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی ریاض حسین شاہ شیرازی نے ہسپتال انتظامیہ سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور علاج کے معیار کے بارے میں معلومات حاصل کی اور اطمینان کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ حکومت زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کرے گی اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔

بقیہ 39 — بروقت کارروائی

نشش کی تاہم شگاف بند نہ ہوسکا البتہ صبح کو ایری گیشن حکام ڈیرہ بگٹی لیویز ایف سی کے میجر علاقائی عوام اور نوجوان سیاست دان میر فیاض خان و دیگر نے کوشش کر کے شگاف بند کردیا یوں علاقہ بڑی تباہی سے بچ گیا عوامی حلقوں نے اریگیشن حکام سے مطالبہ کیا کہ مون سون کے خطرات کے پیش نظر وہ اپنی مشینری کو کنٹرولر پشتوں اور ہر دفعہ سیلاب والی جگہ پر تیار رکھے تاکہ ہنگامی حالت میں بروقت کنٹرول کیا جاسکے دریں اثناء ایگزیکٹیو انجینئر پٹ فیڈر کینال محمد ابراہیم مینگل کی خصوصی ہدایات پر محکمہ اریگیشن کی ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے

بقیہ 40 — آئین پاکستان

نے اگر خدانخواستہ سستی کی تو نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگ خود گھروں سے نکلیں گے جیسے باجوڑ، وزیرستان میں آپ نے دیکھا، فاٹا میں ہم گئے لاکھوں لوگ نکلیں ہے اور جب لاکھوں لوگ نکلیں اور ان کی رہنمائی سیاسی لوگ نہیں کریں گے تو وہ کوئی بھی راستہ لے سکتے ہیں جو ملک کی زیست کیلئے خطرہ ہے۔ فاٹا میں کل لاکھوں لوگ نکلے ہیں جو سلوگن دوہرا رہے تھے وہ نہ علاقے، نہ ہمارے وطن اور نہ اس ملک کے خیر میں ہے سیاسی پارٹیوں کو مزید خاموش نہیں بیٹھنا چاہئے ہم سب کو مل بیٹھ کر ان نکات پر متفق ہو جانا چاہئے جس پر سب کا اتفاق ہو محمود خان اچکزئی نے کہا کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان یہ کہتی ہے

بقیہ 41 — عناصر کی کمر توڑ دی

ی کرد واایک مذمتی بیان میں میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ اس بزدلانہ حملے میں ڈی ایس پی اور پولیس اہلکار کی شہادت پر انہیں گہرا دکھ اور افسوس ہوا ہے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے ہمیشہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے عوام کی حفاظت کی ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی ایسی کارروائیاں ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتیں بلکہ دہشت گردوں کے خلاف پوری قوم کو متحد کرتی ہیں انہوں نے کہا کہ شہید ہونے والے پولیس افسران اور اہلکاروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی حکومت بلوچستان شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے مزید کہا کہ عوام اور فورسز کی قربانیوں کی بدولت ہی امن دشمن عناصر کی کمر توڑ دی جائے گی۔

بقیہ 42 — حکومت کی اولین

صوبائی وزیر سردار کھیتران نے کہا کہ معصوم جانوں کا ضیاع ایک ناقابل برداشت سانحہ ہے سردار کھیتران نے کہا کہ دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں اور ایسے عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کی جان ومال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 43 — فخر کا باعث

کا اعلان کیا ہے ڈی جی لیویز نے اس اقدام کو فورس کی پیشہ وارانہ کارکردگی کے اعتراف اور ان کے بلند حوصلے کو سراہنے کے لئے ایک لازمی قدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان لیویز فورس ریاست کے بازو ہیں۔ ہمارے اہلکاروں نے کردگاپ میں جس مستعدی اور جانفشانی سے دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا، وہ نہ صرف محکمہ لیویز بلکہ پورے بلوچستان کیلئے فخر کا باعث ہے

بقیہ 44 — کوآرڈینیشن

خاتمے کیلئے مربوط اور موثر کارروائی کا سلسلہ کامیابی سے مکمل ہوگیا یہ آپریشن 13 جولائی کو ضلع چمن میں شروع کیا گیا تھا، جو 17 جولائی کو اختتام پذیر ہوا اس مشترکہ انسدادی مہم کے دوران 100 ایکڑ سے زائد رقبے پر کاشت کی گئی پوست کی غیر قانونی فصل کو مکمل طور پر تلف کردیا گیا اس اہم مہم میں محکمہ ایکسائز کے افسران و اہلکاروں نے فعال اور بھرپور شرکت کی، جبکہ ایکسائز اور اینٹی نارکوٹکس فورس کے ساتھ مکمل تعاون اور کوآرڈینیشن کو یقینی بنایا گیا

بقیہ 45 — میڈیا پر گستاخی

کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک گستاخی کرنے والوں کو کیفر کردار تک نہیں پہنچایا جاتا تمام علماء اس وقت تک ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نماز جمعہ کے خطبہ کے دوران مختلف مساجد میں تقریر کے دوران کیا انہوں نے حضور پاک ﷺ اور صحابہ کرام کی شان بیان کرتے ہوئے قرآن پاک اور حضور پاک ﷺ کی شان اور فضیلت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ قرآن مجید میں پیغمبر اسلام، صحابہ کرام کی عظمت بیان کی ہے جس میں واضح طور پر حضور پاک ﷺ ان کے صحابہ کرام اور اہل بیت کے حوالے سے ہر چیز واضح ہے ہمیں حضور پاک ﷺ، قرآن پاک، صحابہ کرام اور اہل بیت کی شان میں گستاخی کرنے والوں کا راستہ روکنے کے لئے حکمرانوں اور ارباب اختیار کو بیدار کرنا ہوگا محرم کے دوران ملک بھر کی طرح خصوصاً بلوچستان کے مختلف اضلاع میں صحابہ کرام کی شان میں جس طرح سوشل میڈیا پر گستاخی کی گئی

بقیہ 46 — وزیر اطلاعات

بحالی کیلئے عدالت سے استدعا کرتے آئے تھے، عدالت میں اپنا موقف پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمپنی کے 300 سے زیادہ ملازمین ہیں، ان کے روزگار کے تحفظ کے لئے ضروری ہے کہ کمپنی بحال ہو۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عدالت نے بزنس پلان جمع کروانے کے لئے احکامات جاری کئے ہیں، کمپنی کی بحالی کے لئے بزنس پلان جمع کروایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ ملازمین کی تنخواہیں اکاؤنٹ میں آچکی تھیں، عدالت نے لیکویڈیٹر کو ہدایت کی ہے کہ ایس آر بی سی کے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سماعت قانون کے مطابق ہورہی ہے۔

بقیہ 47 — علاقہ اوستا محمد

اپنے ساتھی کو مارا محمد ملوک عرف وچھو جانڈیو کافی عرصہ بلوچستان کے علاقہ اوستا محمد گڑھی خیرو گنداخہ میں بھی رہے۔

بقیہ 48 — سخت قانونی کارروائی

جہاں ہر کوچ و ویگن پر پرائیویٹ سیکیورٹی گارڈ کی تعیناتی، بسوں میں جی پی ایس ٹریکنگ سسٹم کی تنصیب، الارم بٹن کی موجودگی، گاڑیوں میں سی سی ٹی وی کیمرے کی تنصیب کے جائیں نوٹیفیکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ عوام الناس کی جان ومال کے تحفظ کے پیش نظر یہ اقدامات ناگزیر ہیں اور 22 جولائی 2025 تک ان پر مکمل عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 49 — کنٹریکٹ ملازمین

اور استحصالی رویے کا منہ بولتا ثبوت ہے ترجمان نے کہا کہ گزشتہ برسوں میں تقریباً 400 افراد کو مختلف آسامیوں پر تعینات کیا گیا مگر ان کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنا گوارا نہیں کیا گیا اب ایک بار پھر کالج کے پرنسپل کی جانب سے 71 نئی آسامیاں مشتہر کی گئی ہیں، جن پر نئی بھرتیاں کی جا رہی ہیں، جبکہ پرانے اور تجربہ کار کنٹریکٹ ملازمین کو یکسر نظرانداز کیا جارہا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ایک جانب حکومت بلوچستان مختلف محکموں میں کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کر رہی ہے

بقیہ 50 — مشقیں بھی

کرنے کی جدید تکنیکس، ٹیکس وصولی کے اصول، منشیات اور اسمگلنگ کی روک تھام، جدید تفتیشی طریقہ کار، عوام سے موثر رابطہ کاری اور محکمانہ نظم وضبط کے بارے میں جامع تربیت دی جارہی ہے یہ تربیت محکمہ کے سینئر افسران پر مشتمل ماسٹر ٹرینرز کے ذریعے دی جارہی ہے، جو نظریاتی لیکچرز کے ساتھ ساتھ عملی مشقیں بھی کروار ہے ہیں

بقیہ 51 — سخت قانونی

والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 52 — سفر کرنا ناگزیر بن

ہیں بلوچستان تو نو گو ایریا بن چکا ہے اب دن دیہاڑے عوام ومسافر قومی شاہراہوں پر محفوظ نہیں گزشتہ روز مستونگ واقعہ نے ثابت کردیا ہے کہ بلوچستان میں حکومت نام کوئی چیز ہے ہی نہیں ان خیالات کا اظہار رکن اسمبلی وصوبائی صدر نیشنل پارٹی رحمت صالح بلوچ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری جے یو آئی ملک سکندر ایڈووکیٹ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے جمعیت نظریاتی کے مولانا عبدالقادر لونی اور دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات روز بروز سنگین تر ہوتے جارہے ہیں ریاست اپنی ذمہ داری ادا کرنے میں قاصر ہے صوبوں میں قائم حکومتوں کو صورتحال کا ذرہ برابر ادراک نہیں ہے بلوچستان عملاً اب نو گو علاقہ بن چکا ہے جہاں راستے محفوظ ہیں اور نہ دینی و تعلیمی ادارے، لیکن حکومتوں کو اس بات کا ذرہ برابر بھی احساس نہیں ہے تمام شاہراہوں پر عوام کیلئے رات تو کیا اب دن میں بھی سفر کرنا ناگزیر بن چکا ہے

بقیہ 53 — ایئرپورٹ انتظامیہ

کو ایف آئی آر درج کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ واضح رہے کہ چند روز قبل مذکورہ خاتون نے نجی ایئر لائن سے کراچی سے کوئٹہ سفر کیا تھا، کوئٹہ پہنچ کر انہوں نے زیورات کی چوری کی شکایت کراچی ایئرپورٹ انتظامیہ کو دی تھی۔

بقیہ 54 — مقدمہ درج

ئے دوران چیکنگ ایک مشکوک 2D کار نمبر AJW-485 کو روک کر تلاشی لی گئی، جس کے خفیہ خانے سے 8 بوتلوں میں مجموعی طور پر 1680 گرام آئس (شیشہ) برآمد ہوئی۔ گاڑی کے ڈرائیور عبدالہادی ولد مروت خان قوم پٹھان ساکن نوشکی کو موقع پر گرفتار کر کے اس کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا

بقیہ 55 — گہرائیوں مبارکباد

خطے میں امن واستحکام کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے فریقین نے مشترکہ تعاون کے عزم کا اعادہ کرنے اور دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کے لئے اعلیٰ سطحی رابطوں کو برقرار رکھنے اور سیکورٹی تعاون کے فروغ پر اتفاق نہایت خوش آئند ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ کابل میں ازبک، افغان، پاکستان ریلوے کوریڈور کے تحت ٹرانس افغان ریلوے لنک کے لئے مشترکہ فیزیبلٹی اسٹڈی کے فریم ورک معاہدے پر دستخط ہونا خطے کے مستحکم معاشی مستقبل کی امید دلاتا ہے یہ ریلوے کوریڈور کے ذریعے وسطی ایشیائی ممالک کو افغانستان کے راستے پاکستانی بندرگاہوں سے جوڑنے سے معاشی، سماجی وثقافتی سرگرمیوں کو غیر معمولی فروغ ملے گا منصوبہ علاقائی رابطے اور اقتصادی مواقع کو فروغ دینے میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا پاکستان، افغانستان اور ازبکستان کے عوام اور حکومتیں معاہدے پر دستخط ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد کے مستحق ہیں۔

بقیہ 56 — ناسور سے پاک

وں کی منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائی جاری ہے اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ اور ڈی ایس پی خضدار محمد زمان کی نگرانی میں، ایس ایچ او بھاول خان چندرانی اور لیویز انچارج نور احمد زہری کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے دوران چیکنگ کارروائی کرتے ہوئے ملزم اشفاق احمد ولد عبدالکریم سکنہ باجیرہ کمان کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی کے دوران ملزم سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر لی گئی ہے۔ ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کیا جائیگا۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق اس کارروائی کا مقصد ضلع خضدار کو منشیات کے ناسور سے پاک کرنا ہے۔

بقیہ 57 — خصوصی دعا

زخمی ہونے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے پولیس کے اہلکار ملک وقوم کے ماتھے کے جھومر ہے ان کی دہشت گردی کے خلاف قربانیوں کو پوری قوم خراج تحسین پیش کرتے ہیں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم وانرجی وڈیرہ میاں خان بلیدی و پاکستان مسلم لیگ ن لیبر یونین کے صوبائی صدر میر احمد بلیدی نے قلات واقعہ میں جام شہادت نوش کرنے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین سے دلی ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ امن ترقی خوشحالی کے دشمنوں کی ہر سازش قوم خاک میں ملانے کے لئے متحد ہو چکی ہے دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ایسے عناصر کی سرکوبی اور دہشت گردی کے ناسور کے خاتمہ کے لئے پوری قوم افواج پاکستان پولیس سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے پاکستان کی سلامتی خوشحالی اور حفاظت کے لئے پاکستان کا بچہ بچہ چٹان کی مانند سیسہ پلائی دیوار بن کر اپنی ذمے داری پوری کر رہا ہے انہوں نے جام شہادت نوش کرنے والے دو اہلکاروں کے درجات کی بلندی کی لواحقین کو صبر جمیل کے لئے اللہ تعالیٰ سے خصوصی دعا کی۔

بقیہ 58 — ان کا لاہور سے کیا

ہے کوئی بھی شخص ان کے پاس تا حال تعزیت کے لیے نہیں پہنچا۔ حال ہی میں دیے گئے انٹرویو میں حمیرا اصغر کے بھائی نوید اصغر نے سندھ پولیس کو درخواست کی کہ وہ ان کی بہن کی سفری تاریخ کا بھی جائزہ لے، دیکھیں کہ وہ بیرون ملک کن کے ساتھ جاتی تھیں، کیا ان کے ساتھ کوئی دوسرا انجان شخص تو نہیں ہوتا تھا؟ ان کے مطابق جب وہ لاش لینے پہنچے تو پولیس نے انہیں بتایا کہ حمیرا اصغر کے فلیٹ کا ایک پچھلا دروازہ کھلا ہوا تھا، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے ساتھ کچھ غلط ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جس نے بھی کام کیا ہے، مکمل منصوبہ بندی اور سمجھداری سے کیا ہے، پولیس ہر حوالے سے تفتیش کرکے مالک مکان سے متعلق بھی پوری معلومات حاصل کرے۔ نوید اصغر کا کہنا تھا کہ پولیس یہ بھی دیکھے کہ مالک مکان نے مذکورہ فلیٹ کب خریدا، وہ کب سے کراچی میں مقیم ہیں، ان کا لاہور سے کیا تعلق ہے، وغیرہ۔

بقیہ 59 — مضبوط رشتوں میں

دوطرفہ مسائل پر گفتگو سے دونوں ممالک کیلئے معاملات کو ایک نئی نہج سے آگے بڑھانے کی دور رس نتائج برآمد ہونگے اور خطے پر اچھے اثرات مرتب ہونگے اور دونوں برادر اسلامی ممالک کی اعلیٰ قیادت سے دونوں ممالک کے درمیان اچھے برادرانہ تعلقات کے قیام وتعاون پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان شاء اللہ ان دوروں کے اچھے نتائج برآمد ہونگے اور آپس میں مضبوط تعلقات ہی سے دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنائے جاسکتے ہیں انہوں نے پاکستانی اعلیٰ سطحی وفد کے پہلے دورہ کابل اور امارت کے وفود کے اور تجارتی معاہدوں امن کی بحالی کے حوالے سے نکات اور ریلوے لائن بچھانے کی تین معاہدوں پر دستخط اور دیگر امور پر اتفاق کو اچھی پیش رفت قرار دیا ہے پاکستان و افغانستان کے مفادات ایک ہیں مستقل اور پائیدار امن خطے کی سلامتی اور ترقی وخوشحالی اور مسائل کو افہام وتفہیم سے حل کرنے سے نفرتوں کا خاتمہ ہوگا انہوں نے کہا کہ پاک افغان تعلقات، استحکام اور روابط پورے خطے کے لئے اہم ہیں موجودہ درپیش حالات کو سنجیدگی سے لیا جائے اختلافات وتنازعات کو مذاکرات کی میز پر حل کریں باہمی تعاون اور مضبوط سفارتی تعلقات استوار کرنے سے مسائل حل ہوں گے دونوں ممالک خارجہ پالیسی اور علاقائی حکمت عملی مرتب کریں دونوں ممالک مشترک سرحدات کے علاوہ اسلام کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 60 — اے پی سی

فیصلوں کی منظوری سے متعلق بتایا، انہوں نے کہا کہ کابینہ نے بھارتی جارحیت سے کے پی میں شہید افراد کے لواحقین کیلئے فی کس 50 لاکھ روپے کی منظوری دی، مولانا خانزیب شہید کے اہل خانہ کیلئے ایک کروڑ روپے مالی امداد کی منظوری بھی دی گئی۔ کابینہ نے کے پی زرعی آمدن ٹیکس رولز 2025، ماحولیاتی آڈٹ رولز 2025 اور ماحولیاتی تحفظ رولز 2025 کی منظوری بھی دی۔ انہوں نے کہا کابینہ نے 4 شہریوں کے علاج کے لیے 4 کروڑ 81 لاکھ روپے کی مالی امداد کی منظوری دی، جبکہ مختلف محکموں کی گاڑیوں کی خریداری پر عائد پابندی میں نرمی کی درخواستیں کابینہ میں پیش کی گئیں۔

بقیہ 61 — سمندر پار پاکستانی

خانزادہ کی زیر صدارت ہوا جس میں وزارت سمندر [illegible]

بقیہ 62 — بارش کی پیش گوئی

[illegible]

بقیہ 63

[illegible]

بقیہ 64

[illegible]

بقیہ 65 — گیلن پانی

فٹ تک تھی، مگر 2025 میں یہ مزید گر کر 1800 سے 2200 فٹ تک پہنچ چکی ہے۔ ماہرین نے یو این اے سے گفتگو میں خبردار کیا ہے کہ موجودہ صورتحال جاری رہی تو اگلے پانچ سے آٹھ سالوں میں کوئٹہ شہر کو مکمل طور پر پانی کی قلت کا سامنا ہوگا اور شہریوں کو نقل مکانی پر مجبور ہونا پڑے گا ماہرین کا کہنا ہے کہ زیرزمین پانی کی سالانہ سطح میں کمی کی شرح اب 60 سے 70 فٹ ہو چکی ہے، جو خطرناک رجحان ہے موسمیاتی تبدیلی، بارشوں کی کمی، آبادی میں اضافہ، غیر قانونی ٹیوب ویلز کی تنصیب اور پانی کے بے دریغ استعمال نے صورتحال کو مزید بگاڑ دیا ہے ماہرین نے مزید بتایا کہ پانی کی سطح میں کمی سے زمین کی نشست (land subsidence) کا خطرہ بھی بڑھ گیا ہے، جو عمارتوں اور بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اگر بروقت اقدامات نہ اٹھائے گئے تو کوئٹہ "گھوسٹ سٹی" میں تبدیل ہو سکتا ہے واسا کی طرف سے پانی کی فراہمی میں کمی کے باعث شہری واٹر ٹینکرز پر انحصار کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں، جبکہ واٹر ٹینکر مافیا نے فی ٹینکر پانی کی قیمت 2500 سے 3000 روپے تک بڑھا دی ہے، جو عام شہری کی پہنچ سے باہر ہے۔ شہریوں کو نہ صرف پانی مہنگے داموں لینا پڑ رہا ہے بلکہ فراہم کردہ پانی کی مقدار اور معیار پر بھی سنگین سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ پانی کی قلت کے باعث کوئٹہ شہر کو روزانہ 26 ملین گیلن پانی کی کمی کا سامنا ہے

بقیہ 66 — سائنس اور انفارمیشن

ذوالفقار علی بھٹو شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی جمہوری جدوجہد ہمارے لیے مشعل راہ ہے انشاء اللہ پورے بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کا پیغام پہنچائیں گے چیئرمین بلاول بھٹو جوان قیادت ہے ان کی قیادت میں انقلابی تبدیلیاں رونما ہونگی اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنما رکن صوبائی اسمبلی پارلیمانی سیکرٹری برائے سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی صمد خان گورگیج، اور حاجی نور احمد سیاپاد و دیگر بھی موجود تھیں۔

بقیہ 67 — پانچ سو میٹرک

ملک تعمیری رابطے جاری رکھیں گے۔ ترجمان امریکی محکمہ خارجہ نے شام میں کشیدگی کی شدید مذمت کی اور کہا کہ امریکا امید کرتا ہے کہ حالات جلد معمول پر آجائیں گے۔ انہوں نے کشیدگی میں ملوث تمام فریقین پر زور دیا کہ وہ تشدد سے باز رہیں۔ شام میں جنگ بندی کے لیے امریکہ سفارتی کوششوں میں مصروف ہے تاکہ اس علاقے میں استحکام ممکن ہو۔ امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان نے کہا کہ اسرائیل اور غزہ سمیت روس۔یوکرین میں جنگ بندی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غزہ کی موجودہ صورتحال کی ذمہ داری حماس پر عائد ہوتی ہے جو اب بھی لوگوں کو اغوا کیے ہوئے ہے۔ ٹیمی بروس نے مزید کہا کہ امریکہ ہر سال دنیا بھر کے دس لاکھ لوگوں کو خوراک کی امداد فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے اس ضمن میں بتایا کہ حال ہی میں پانچ سو میٹرک ٹن بسکٹ ضائع ہوئے ہیں۔

بقیہ 68 — کارروائی کچلاک

نتیجے میں سہیل، رمضان، خورجان، خیال محمد، حاجی محمد، محمد اللہ، اکبر خان، رمضان سمیت دیگر زخمی ہوگئے جھگڑے کے باعث علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی کچلاک پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 69 — اس حوالے سے نہیں

حافظ احمد جان ساسولی، مولانا قاری نظر محمد حقانی، مولانا حاجی محمد عیسیٰ، مولانا عبدالمجید، امین جان رند، ملک روز الدین کاکڑ، نعیب اللہ آغا ایڈووکیٹ عبدالباری شیرزاد و جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ صہیب الرحمن ہرچ جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ نے اپنے مشترکہ پریس ریلیز میں کہا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والے شریعت اور قانون [illegible]

بقیہ 70 — وزیر قانون

[illegible]

بقیہ 71 — ایک عظیم عالم دین

[illegible]

بقیہ 72

[illegible]

بقیہ 73

[illegible]

سیاحت کے شعبے میں انقلابی اصلاحات متعارف کرا رہے ہیں، چیف سیکرٹری

بلوچستان میں ایسے خوبصورت اور قدیم تاریخی مقامات موجود جنہیں بھرپور انداز سے اجاگر کرنے کی ضرورت ہے، شکیل قادر خان

حکومتی توجہ، پالیسی اصلاحات اور عالمی سطح پر کاسٹن کی بہتر انتج سے سیاحت کو مزید فروغ ملے گا، جو معاشی ترقی کیلئے بہت اہم ہے

ٹریننگ ڈائریکٹر گرین نورم حسن اکبر حیات کی چیف سیکرٹری سے ملاقات، بلوچستان میں سیاحت کے فروغ اور متعلقہ خیال خان سے ٹریننگ ڈائریکٹر گرین نورم حسن اکبر حیات نے ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں

کوئٹہ (ر ح) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے ٹریننگ ڈائریکٹر گرین نورم حسن اکبر حیات نے ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں ایسے خوبصورت

پاکستان پیپلز پارٹی کی ایڈیشنل سیکرٹری کشور ممتاز کے گھر پر اظہار تعزیت کے لئے آنے والے سابق صوبائی وزیر محمد اسلم بھوتانی سے گفتگو کر رہے ہیں

صوبائی وزیر سندھ کا دورہ سے ایم ایچ، قلات سانحہ کے زخمیوں کی عیادت

حکومت زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کرے گی، ریاض حسین شیرازی

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر ماہی پروری امور نوادا و مشیر ریاض حسین شاہ شیرازی نے ایم ایچ کوئٹہ میں قلات میں زخمی ہونے والے زخمیوں کی عیادت

جنگی موری آر ڈی 116 کے مقام پر پٹ فیڈر کینال میں 30 فٹ کا شگاف

بھی متحرک کسانوں اور زمینداروں کی سماجی تنظیم انجمن ارباب کاشتکار

کچا پانی آبادی کی جانب بڑھنے لگا علاقہ مکینوں نے ایڈی مینسٹریٹر آر ڈی 116 کے مقام پر علاقے کے بیشتر حصے زیر آب آنے کا خدشہ ظاہر کیا

کوئٹہ میں زیر زمین پانی کی سطح 2200 فٹ تک پہنچ گئی

اگلے 5 سے 8 سالوں میں پانی کی قلت میں مزید اضافہ خبردار کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں، ماہرین

ایک بڑی عوامی تحریک کا آغاز کرنے جا رہے ہیں، بلاول بھٹو زرداری

بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ ہم نے ہمیشہ عوام کی بات کی ہے، ہم نے ہمیشہ عوام کے لئے آواز اٹھائی ہے

پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور عوام کی امنگوں کے عین مطابق ہے، سراج عمر گوریجو

سابق صدر مملکت آصف علی زرداری کی جمہوری جدوجہد ہمارے لیے مشعل راہ ہے، نومنتخب صوبائی صدر

نومنتخب صوبائی صدر سے علی مدد جتک، ایم پی ایز، وزراء اور کارکنان کی مبارکباد، نوجوان چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی خدمات پر خراج تحسین پیش

ہزارہ طلباء ہر طرح کی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں، ایچ ڈی پی

طلبہ متفقہ لائحہ عمل اختیار کریں اور ابراہیم ہزارہ شہید کے مشن کو آگے بڑھائیں، بیان

عوام سفر سے گریزاں، بلوچستان کو گیریژن بن چکا ہے، سیاسی و مذہبی جماعتیں

بلوچستان اور کے پی کے میں دہشتگردی عروج پر، علماء کرام، سیاسی و مذہبی لوگوں کو شہید کیا جارہا ہے، رحمت صالح بلوچ

ریاست اپنی ذمہ داری ادا کرنے سے قاصر، صوبوں میں قائم حکومتوں کو صورتحال کا ذمہ دار قرار نہیں دے سکتے، نصراللہ زیرے

حکومت امن و امان پر قابو پانے کی بجائے صرف قوم پرستوں کی بیخ کنی میں مصروف ہے، مولانا عبدالقادر لونی / سکندر خان ایڈووکیٹ

بلوچستان میں بدامنی کے ذمہ دار حکمران و مسلط لاڈلے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان

بلوچستان کے مسائل کا حل صرف اور صرف مذاکرات میں ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

مظالم ناانصافی، ظلم و جبر کے خلاف اور حقوق کے حصول کیلئے 25 جولائی کو اسلام آباد جارہے ہیں، ایم پی اے

اسلام آباد کے تھرنہ میں انسان نہیں بستے، ہمارے مسائل وہ نہیں جو اسلام آباد میں بیٹھے ہوئے ہیں، ہمارے مسائل مختلف ہیں، مولانا عبدالواسع

خضدار کو منشیات کے ناسور سے پاک کرنا ہے، ترجمان ضلعی انتظامیہ

تعلیم کے پی میں پی ٹی آئی نے آئی اے کو اربوں کا نقصان پہنچایا، وزیر اطلاعات

کرپشن عروج پر، پی ٹی آئی نے آئی اے کو اربوں کا نقصان پہنچایا، وزیر اطلاعات

سوراب سیکورٹی خدشات کے پیش نظر اے ٹی ایز اسپورٹرز کیلئے حکمنامہ جاری

کوچز و ڈیکن مالکان اپنی گاڑیوں میں پراپیٹ سیکیورٹی کی تعیناتی یقینی بنائیں، ایڈمنسٹریٹر

کمران میڈیکل کالج کے ملازمین کو مستقل کیا جائے، میڈیکل پارٹی

ہزارہ اور تجربہ کار کنٹریکٹ ملازمین کو یکسر نظر انداز کیا جا رہا ہے، ترجمان

مکمل ایکسا ئز و این ایف کے زیر اہتمام پولیس اہلکاروں کیلئے تربیتی پروگرام

تربیت تکمہ کے سینئر افسران پر مشتمل ماسٹر ٹرینرز کے ذریعے دی جارہی ہے

کراچی ایئرپورٹ سے کوئٹہ جانے والی خاتون کے زیورات چوری، ونیٹیلیس رپورٹ مکمل

ونیٹیلیس رپورٹ میں نجی کمپنی کے 6 لاؤنرز مشکوک قرار، سی پی او سے نشاندہی

نصیر آباد پولیس کی کاروائی 1680 گرام آئس و دیگر منشیات برآمد

39 بورے پان پراگ، 25 بوریاں چائنیز نمک اور 16 کارٹن سگریٹ بھی برآمد

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کا دورہ کابل اہمیت کا حامل ہے، سینیٹر عبدالقادر

ایک آفغان معاہلات کے بڑھنے کے مثبت نتائج برآمد ہونگے، ظریفی جمعیت

آپس کے مضبوط تعلقات ہی دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم ناکام بنائے جاسکتے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شیخ الدین

اللہ کے فضل و کرم سے ہم نے ایک مضبوط اور مستحکم بلوچستان عوامی نیشنل پارٹی کے حوالے کیا ہے، اسفندیار ولی خان

عوام کی حقوق و حق شمولیت پارٹی قیادت پر اعتماد کا مظہر ہے، نصراللہ زیرے

پارٹی قیادت نے پشتون افغان صفوں میں شامل ہوکر پارٹی کی تنظیمی فعالیت میں فعال کردار ادا کرنے، صوبائی صدر پی کے نیپ

دہشتگرد عناصر بلوچستان کو گیریژن بنا کر ہمارے نوجوانوں کو ورغلا رہے ہیں، ہمیں ان کے عزائم کو ناکام بنانا ہوگا، مولانا عبدالواسع

ہمیں شاہ صاحبؒ میں گستاخی کرنے والوں کا راستہ روکنا ہوگا، مولانا رمضان مینگل

جب تک گستاخی کرنے والوں کو کیفر کردار تک نہیں پہنچایا جاتا تحریک ختم نہیں ہوگی، سنی علماء و مشائخ کنونشن

گستاخانہ فعل میں ملوث عناصر کو کڑی سے کڑی سزا ملنی چاہیں، سنی علماء و مشائخ کنونشن کا مطالبہ

مولانا عبدالرحیم ساجد حسینی و دیگر علماء کرام اور مقامی معززین کی بڑی تعداد کی شرکت، مقررین کا اظہار خیال

ہمیں اپنی ذمہ داری ادا کرنے سے قاصر صوبوں میں قائم حکومتوں کو صورتحال کا ذمہ دار قرار نہیں دے سکتے، نصراللہ زیرے

بلوچستان کے مسائل کا حل صرف اور صرف مذاکرات میں ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

مظالم ناانصافی، ظلم و جبر کے خلاف اور حقوق کے حصول کیلئے 25 جولائی کو اسلام آباد جارہے ہیں، ایم پی اے

اسلام آباد کے تھرنہ میں انسان نہیں بستے، ہمارے مسائل وہ نہیں جو اسلام آباد میں بیٹھے ہوئے ہیں، ہمارے مسائل مختلف ہیں، مولانا عبدالواسع

خضدار کو منشیات کے ناسور سے پاک کرنا ہے، ترجمان ضلعی انتظامیہ

تعلیم کے پی میں پی ٹی آئی نے آئی اے کو اربوں کا نقصان پہنچایا، وزیر اطلاعات

سوراب سیکورٹی خدشات کے پیش نظر اے ٹی ایز اسپورٹرز کیلئے حکمنامہ جاری

کوچز و ڈیکن مالکان اپنی گاڑیوں میں پراپیٹ سیکیورٹی کی تعیناتی یقینی بنائیں، ایڈمنسٹریٹر

کمران میڈیکل کالج کے ملازمین کو مستقل کیا جائے، میڈیکل پارٹی

ہزارہ اور تجربہ کار کنٹریکٹ ملازمین کو یکسر نظر انداز کیا جا رہا ہے، ترجمان

طلبہ متفقہ لائحہ عمل اختیار کریں اور ابراہیم ہزارہ شہید کے مشن کو آگے بڑھائیں، بیان

ہزارہ طلباء ہر طرح کی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں، ایچ ڈی پی

عوام سفر سے گریزاں، بلوچستان کو گیریژن بن چکا ہے، سیاسی و مذہبی جماعتیں

بلوچستان میں بدامنی کے ذمہ دار حکمران و مسلط لاڈلے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان